ٹیکسٹ بک

ادویہ شناسی
اور
مٹیریا میڈیکا

طب مشرقی



پروفیسر ڈاکٹر حکیم عبدالحنان

پروفیسر ڈاکٹر آفتاب سعید

ڈاکٹر طیبہ عظمیٰ شفیع

فیکلٹی آف ایسٹرن میڈیسن، ہمدرد یونیورسٹی،
کراچی، پاکستان

ٹیکسٹ بک

ادویہ شناسی

اور

مٹیریا میڈیکا

طبِ مشرقی

پروفیسر ڈاکٹر حکیم عبدالحنان، پی ایچ ڈی

پروفیسر ڈاکٹر آفتاب سعید، پی ایچ ڈی

ڈاکٹر طیبہ عظمیٰ شفیع، ایم فل

فیکلٹی آف ایسٹرن میڈیسن

ہمدرد یونیورسٹی،

کراچی، پاکستان

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

تصنیف	:	ٹیکسٹ بک ادویہ شناسی اور مٹیریا میڈیکا طب مشرقی
موضوع	:	ادویہ شناسی اور مٹیریا میڈیکا
مصنفین	:	پروفیسر ڈاکٹر حکیم عبدالحنان
		پروفیسر ڈاکٹر آفتاب سعید
		ڈاکٹر طبیبہ عظمیٰ شفیع
صفحات	:	۲۵۰ (۲۸ رنگین تصاویر) + xviii + 28
طباعت	:	2013
قیمت	:	
کمپوزنگ و ڈیزائننگ	:	ناصر احمد خان
ناشر	:	ہمدرد ریسرچ انسٹیٹیوٹ آف ایسٹرن میڈیسن،
		فیکلٹی آف ایسٹرن میڈیسن، ہمدرد یونیورسٹی
طابع	:	

انتساب

شہید پاکستان

حکیم محمد سعید کے نام

جنہوں نے اپنی ساری زندگی اور

ادارہ ہمدرد کی آمدنی کا بڑا حصہ

طبِ مشرقی کے فروغ کے لئے

وقف کر دیا

حرفِ اول

اس بات کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ طب میں ترقی اور دوائی صنعت کی جدت کے باوجود اس امر کی اہمیت محسوس کی گئی کہ قدرتی نباتی ادویہ کا استعمال ترقی پذیر ملکوں میں عوام کی صحت اور عالمی ادارہ صحت کے قائم کردہ اہداف کے لیئے ناگزیر ہے۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ عصر حاضر میں جہاں جدید ادویہ کے استعمال میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے وہیں نباتی ادویہ کے استعمال، تقاضا اور طلب میں بھی گوناگوں اضافہ ہوا ہے۔ حقیقتاً یہ طلب گذشتہ دہائی میں مسلسل بنیادوں پر ہوئی ہے جس کے نتیجے میں یورپ کی رائل فارماسیوٹیکل سوسائیٹی نے کوشش کی کہ طبی نباتات کے استعمال کی بابت صحیح شماریات جمع کیے جائیں نیز معیاری ترین معلومات علم الادویہ کے فنی ماہرین، شعبہ ادویہ اور طالبعلموں کو فراہم کی جائیں۔

عصر حاضر میں دواؤں کی قومی اور عالمی سطح پر فروخت و استعمال کی نگرانی بہر طور ایک سنجیدہ مسئلہ ہے، ایسے میں قومی صحت کے ادارے بالخصوص اور تحقیقی ادارے اور جامعات بالعموم اس امر کے اشارے کرتے رہتے ہیں کہ ایسی ادویہ جن کے بارے میں تحقیقات یا تو نامکمل ہیں یا پھر ان کے دوائی اثرات واضح نہیں یا پھر جن کے پہلوی اور مابعد اثرات اور مقدار خوراک کا تعین واضح نہیں انہیں احتیاط سے استعمال کرنا چاہیئے اور سب سے بڑھ کر تو یہ کہ جن ادویہ کے مزاج پر اثرات کے بارے میں معلومات محدود ہوں ان کے استعمال کی بابت درجہء احتیاط تو نہایت ہی توجہ طلب مسئلہ ہے۔ عالمی ادارہ صحت (W H O) کے حوالے سے جب روایتی ادویہ (Tradiitional Medicines) کی بات آتی ہے تو امور معیار (Quality)، حفاظت (Safety) اور تاثیر (Efficacy) کے عناصر (Factors / Parameters) اپنی اہمیت کے باعث قطعی نظر انداز نہیں کیے جاسکتے۔ اس ضمن میں یقیناً یہ دُرست ہے کہ قدرتی دواؤں کی بڑی تعداد ان عناصر کے حوالے سے تصدیق شدہ نہیں اور اس کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے کہ عوام و خواص کی ایک بڑی تعداد یہ سمجھتی ہے کہ قدرتی ہونے کے باعث روایتی اور طب متبادل کی دوائیں محفوظ ہیں لیکن دواؤں کے استعمال سے متعلق پیشہ وارانہ معلومات رکھنے والے نیز اس اہلیت کے حاملین اطباء، سائنسدان، فارماکولوجسٹ سب یہ خوب جانتے ہیں کہ تمام قدرتی دوائیں محفوظ قرار نہیں دی جاسکتی ہیں اور ان میں یقیناً مضر و پہلوی اثرات موجود ہوتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ قبل از استعمال ان دواؤں کی بابت درکار معلومات کو طب کے طلباء تک پہنچانا ہماری اوّلین ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی انتہائی ضروری ہے کہ جدید ادویہ کیلیئے مستعملہ طریق کار کے مطابق وہ تمام حفاظتی تدابیر زیر نظر رہیں جن سے مضر

اثرات مرتب ہونے کا اندیشہ ہو اور انہیں قبل از استعمال ہی زیرِ غور رکھا جائے مثلاً برخلاف علامتی نسخہ (Contra-indications)، انتباہ (Warnings) اور جزئیات کے مابین عمل وردِ عمل (Interactions)۔ ان حقائق کے تناظر میں اسی بنا پر آج عصر حاضر کی کئی کتب میں تفصیلات اور حاشیہ جات ملتے ہیں جن میں حیاتی کیمیائی اجزاء کی سمیّت اور استعداد مضرت (Potential Toxicity) کا احاطہ کیا جاتا ہے۔

دراصل درجہ بالا عنوانات کے تحت قدرتی ادویہ کے متعلق معلومات کا یکجا کر کے آج کے طالب علم کو آسان زبان میں فراہم کرنا مضمون طب میں اہم ہے۔ ان عنوانات کے تحت مستند معلومات کو یکجا کرنا اب ایسا مشکل بھی نہیں رہا۔ کمپیوٹر کے چند بٹن چند لمحوں میں اس امر کو یقینی بنا کر صفحات پر باآسانی منتقل بھی کر دیتے ہیں لیکن صورتحال اس وقت یکسر مختلف ہوتی ہے جب ان معلومات کو مریض پر آزمانے کی کوشش کی جاتی ہے الغرض پتہ چلتا ہے کہ مختلف اصطلاحات (Terms) کے معنی مختلف ہوتے ہیں اور یہ کہ دوائیں اور دواؤں کی خصوصیت ہر جسم انسانی کے لیے یکساں نہیں، یعنی یہ کہ ہر انسان اپنے مزاج (Temperament)، جینیات (Genetics)، و تخلیقات (Creativity)، خلیات و اعضاء (Tissues and Organs) میں موجود مقدار اخلاط (Humours) کے حوالے سے مختلف ہے لہٰذا قدرتی دواؤں کے استعمال سے پہلے صحیح پہچان، مخصوص عارضے کے خلاف مناسب ترین دواء کے تعین، ان کا مریض کو خصوصی (form) میں فراہم کرنا اور مابعد اثرات کے لیے تیار رہنا شعبہ طب کے پیشہ وارانہ فرائض میں شامل ہے۔ اگر ان معلومات کی فراہمی اور حصول میں تسلسل نہ رہے تو یکسانیت طب کی روح کے منافی کردار ادا کر سکتی ہے اور معدلات (Substitutes/ Alteratives) اور نسخہ جات وتراکیب (Prescription and Formulations) میں سے تحقیق کے عنصر کا فقدان اجاگر ہو سکتا ہے۔ درج بالا حقائق کی روشنی میں شعبہ علم الادویہ خصوصاً نباتی ادویہ کے اثرات کے جائزے کے لئے تاریخ کا جائزہ لیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ جالینوس نے دواء کے انتخاب کے لئے پانچ اصول درج کیے ہیں:

۱۔ دواء کی ترکیب اور درجہ کا علم اور تعین

۲۔ دواء کی خوراک بحوالہ، وزن اور دوائی اثر

۳۔ دواء کے استعمال کے لئے اوقات کا انتخاب

۴۔ مرض کی بابت طبعی سبب معلوم ہونا

۵۔ دواء کی مرض سے متصادم ہونے کی خصوصیات

پس ان تمام اصولوں کی پیروی کے لئے ایک مضبوط بنیاد کی فراہمی ضروری ہے جو کہ دراصل دواؤں کا معیار اوران کی خصوصیات قائم کرنے کے لئے بھی ضروری ہے تا کہ ہر دواء کے اثرات معلوم کرنے کے لئے انسانی جسم پر تجربہ کے مراحل طے ہوسکیں۔

عصر حاضر میں جب نباتی ادویہ کا بغور جائزہ لیا جائے تو طب مشرق (Eastern / Unani Medicine) اور طب متبادل (Alternative Medicine) کی ہزاروں قدرتی دوائیں اپنی جدید ترین خصوصیات کے ساتھ دنیا کے مختلف حصوں میں علاج کے لئے استعمال ہوتی نظر آتی ہیں ان میں سے کوئی ۱۰ فیصد ایسی ہیں جن پر علمی سطح پر تحقیقی کام شائع ہو چکے ہیں اور یہ دوائیں معروف ہیں الغرض کہ یہ ساری دنیا میں مفید اثرات کی بدولت اچھا کاروبار کررہی ہیں۔ پہلوی اثرات کے حوالے سے انہیں قدرتی ہونے کی وجہ سے کچھ مراعات بھی حاصل ہیں۔ لیکن خالص قدرتی نباتی ہونے کی بناء پر انہیں ایک خاص شعبہ طب سے منسلک کرنا ان کی انفرادی حیثیت کو ماند کرتا ہے مثلاً لہسن، اصل السوس، افسنتین، پودینہ وغیرہ۔

ان معروف ادویہ کی کیمیائی ترکیب (Chemical composition) جس میں چند حیاتی عامل اجزاء کو زیادہ اہمیت دے کر دوائی مارکیٹ میں متعارف کرایا جاتا ہے۔ ایک معمول (Routine) بن گیا ہے۔ اور معیار سازی کے لئے ضروری ہو گیا ہے کہ نہ صرف قدرتی دواؤں کی ساخت (morphology) کے متعلق طلباء و طالبات کو آگاہ کیا جائے بلکہ کیمیائی اجزاء پروٹین، شحمیات اور نشاستہ، روغنیات وغیرہ کے علاوہ حیاتی عامل اجزاء کی جانچ (Analysis) بھی کی جائے۔ اس طرح قدرتی دواؤں خصوصاً نباتات کے اکھٹے کرنے سے لے کر معیار سازی تک کا علم طب مشرقی روایتی اصولوں کے ساتھ ساتھ کرنے اپنے طالب علموں تک پہنچانے کا دائرہ کار بڑھا چکی ہے۔

اس ضمن میں ہماری یہ کوشش کس حد تک کامیاب ہے اس کا جائزہ قارئین کتاب میں موجود معلومات کی روشنی میں بہتر کرسکیں گے۔

سعدیہ راشد

حکیم عبدالحنان

پروفیسر آفتاب سعید

ڈاکٹر طیبہ عظمیٰ شفیع

دیباچہ

زیرنظر کتاب ''ادویہ شناسی'' کے موضوع پر طب کے سال دوم وسوم کے طلباء وطالبات کے لئے خاص طور پر اور اس شعبے سے متعلقہ افراد کے لئے اس فکر کے ساتھ شائع کی جارہی ہے کہ طب میں مستعمل دواؤں کی شناخت، انتخاب اور کسی خاص مرض کی کیفیت میں مناسب ترین استعمال کے لئے معاون ثابت ہو سکے۔

جامعات میں فیکلٹی اور ہائر ایجوکیشن سے ڈگری کا درجہ پانے کے بعد طب مشرقی (Eastern Medicine) میں اردو زبان میں درکار معیاری نصابی لٹریچر کی ضرورت روز افزوں بڑھ رہی ہے۔ لہٰذا دوا شناسی کے تحت یہ اولین کوشش ہے کہ دوائی افعال (Pharmacological Actions) کی معیاری معلومات کو عصرِ حاضر کے زیر مطالعہ قدرتی ادویہ کی خصوصیات کو جسم میں فعلیاتی عمل، ورد عمل کی نسبت (Correlation) کے حوالے سے جانچا اور پیش کیا جا سکے۔ اس امر کی ضرورت اس لئے بھی پیش آرہی ہے کہ انٹرنیٹ پر دستیاب لاکھوں Megabytes پر مشتمل غیر مستند مواد استاد اور طالبعلم دونوں کو ہر لمحہ قدرتی دواؤں کی حقیقی افادیت سے دور لے جانے میں اپنا خاص کردار ادا کر رہا ہے۔ اس مواد میں نمایاں ترین قدرتی طور پر پائے جانے والے عامل اجزاء (Active Constituents) کا ذکر اور ان سے تیار کردہ خوبصورت ترین پیکنگ اپنی روایتی معلومات (Traditional Information) کے ہمراہ اس طرح پیش کی جاتی ہیں کہ بعض اوقات ان کے قدرتی دواء سے زیادہ مصنوعی (Synthetic) ہونے کا گمان ہوتا ہے۔

طب کے معروف موضوع فارماکوگنوسی یا'' دواشناسی'' نے دورحاضر میں نمایاں جاذبیت واہمیت حاصل کی ہے۔ بحیثیت مجموعی یہ موضوع قدرتی ادویہ کی شناخت، انتخاب اور طبی وغذائی استعمال کے لئے ان دواؤں کی processing کا احاطہ کرتا ہے۔ قدرتی طور پر شناخت سے پہلے دستیابی کی بابت معلومات دواؤں کا حصول، ان کے ذخیرہ کرنے کے طریقے اور اسکے لئے ان کا خشک کرنا، ان کے درکار حصوں کا مفرد یا مرکب Formulation میں استعمال کرنے کے لئے درکار form یعنی کوٹنا، چھاننا، پاؤڈر کرنا عصارہ (Extract) بنانا، وغیرہ وہ اقدامات ہیں جن کا اس موضوع کے تحت احاطہ کیا جاتا ہے لہٰذا اس کتاب میں جہاں ضروری نوعیت کے کسی ایسے اقدام کی ضرورت محسوس کی جاتی ہے، تحریر کردیا گیا ہے۔ مجموعی طور پر اس کتاب میں طبیعاتی خواص کے ہمراہ، قدرتی کیمیائی، حیاتی کیمیائی اور دوائی ومعالجاتی افعال (Pharmacological Actions)، نیز کسی بھی درجے کی مضرت کا ذکر کر دیا گیا ہے۔ تاہم کسی دواء کی اصلاح کی خاص ضرورت ہے تو اسے بھی قلمبند کر دیا گیا ہے۔

بنیادی موضوع چونکہ دواشناسی اور مٹیر یا میڈیکا ہے لہٰذا ہر مفرد دواء کی قدرتی حالت (خودرو یا فصل کی صورت کھیت میں موجودگی) اور اجزاء

کی اصل حالت میں تصویر کشی کر کے کتاب میں پہچان (Identification) کے لئے شامل کر دیا گیا ہے۔اس طرح محض کلاس میں ہی دواءکے یونانی یا عام فہم نام کے ہمراہ لاطینی / نباتی نام سے شروع کر کے درج ذیل تفصیلات کا ہر دواء کے بارے میں ذکر کر دیا گیا ہے: نام، خاندان، شناخت، دستیابی، کیمیائی اجزاء، حصص مستعملہ، مزاج، افعال و خواص، معالجاتی افعال، مرکبات، نفع خاص، مقدار خوراک، مصلح، بدل، مضرت / پہلوی اثرات، رنگین تصاویر مفرد ادویات بھی موجود ہیں۔

بحیثیت مجموعی یہ نصابی ماخذ امور طب کے نہ صرف لیکچرز تیار کرنے اور بنیادی معلومات فراہم کرنے کا ذریعہ ہے بلکہ اپنے مندرجات Contents کے حوالے سے یہ ہمہ اقسام طبیہ کالجز، تحقیقی اداروں، دوائیں تیار کرنے والے اداروں، دوائیں امپورٹ ایکسپورٹ کرنے والے اداروں، مفرد و مرکب دوائیں فروخت کرنے والے اداروں، جنگلات سے دوائیں اکٹھے کرنے والوں، حکماء، اطباء تجارتی اور سائنٹیفک نیز خزائن قدرت کے امور سے تعلق رکھنے والے افراد کے لئے ایک بنیادی معلومات کا آسان زبان میں جامع ذریعہ ہے۔طبی نباتات پر دی گئی معلومات فیکلٹی آف ایسٹرن میڈیسن سے اس یقین کے ساتھ Generate کی گئی ہیں کہ یہ کتاب تحقیق کے دروازے وا کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔دواشناسی کے میدان میں دی گئی معلومات اس وسیع موضوع میں حقیر اضافہ ہے۔مصنفین / مولیفین کا تمام قارئین سے التماس ہے کہ کتاب میں اغلاط، اضافہ جات، Improvement کی نشاندہی کر کے اپنی علم دوستی کا مظاہرہ کریں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں ان اضافہ جات پر غور کیا جا سکے۔

اردو زبان میں اس موضوع کا احاطہ یقیناً مشکل ہے تاہم فیکلٹی آف ایسٹرن میڈیسن کی شفاء الملک پوسٹ گریجوٹ میموریئل لائبریری اور بیت الحکمۃ لائبریری کا ذخیرہ معلومات اس کتاب کی تدوین میں بے حد معاون رہا ہے۔موثر مقبولیت کے پیشِ نظر اس کے دوسرے ایڈیشن یا دوسری جلد کے بارے میں غور کیا جائے گا کیونکہ اس جلد میں صرف 111 مفرد ادویہ کا ذکر کیا گیا ہے اور بیان پیش کیا گیا ہے۔ادارہ ہمدرد بھرپور یقین رکھتا ہے کہ یہ ماخذ درسی اور بنیادی تحقیق کی معلومات کو موثر طور پر اس فن کے قارئین و طالب علموں تک پہنچانے کا ایک مؤثر ذریعہ ثابت ہوگی۔

فیکلٹی کا ادارہ تحقیق، ہمدرد ریسرچ انسٹیٹیوٹ آف یونانی میڈیسن اور ہمدرد المجید کالج آف ایسٹرن میڈیسن اس کتاب کی تدوین کے Focal پوائنٹ ہیں۔یہاں اس پراجیکٹ کے علاوہ اور بھی کئی کتابوں کے پراجیکٹ جاری ہیں۔یقین ہے کہ ادویہ شناسی کے موضوع پر مبنی یہ کتاب علمی و فنی حلقوں کے لئے بے حد معاون ثابت ہوگی۔

مصنفین۔

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
	انتساب	
	دیباچہ	
	حرفِ اول	
	پیش لفظ	
1	اسطوخودوس *Lavandula steochas*	1
2	سپستان *Cordia latifolia*	3
3	بنفشہ *Viola odorata*	5
4	اذخرکی *Cymbopogon jawarancussa*	7
5	عناب *Zizyphus Jujuba*	9
6	اڑوسہ *Adhatoda vasica*	11
7	زوفا *Hyssopus officinalis*	13
8	سوم کلپا *Ephedera geradiana*	15
9	تصاویر	17
10	ملیٹھی *Glycyrrhiza glabra*	19
11	خبازی *Malva sylvestris*	21
12	آتیس *Aconitum heterophyllum*	23
13	تلسی *Ocimum basilicum*	25

27	Sisymbrium irio خاکسی	14
29	Caesalpinia bonduc کرنجوہ	15
31	Tinospora cordifolia گلو	16
33	Sphaeranthus indicus منڈی	17
35	تصاویر	18
37	Cassia absus چاکسو	19
39	Foeniculum vulgare سونف(بادیان)	20
41	Rosa damascena گلِ سرخ(گلاب)	21
43	Prunus domestica آلوبخارا	22
45	Tamarindus indica املی	23
47	Punica granatum انار	24
49	Berrberis aristata زرشک/رسوت	25
51	Portulaca oleracea خرفہ	26
53	تصاویر	27
55	Nymphaea Nelumbo نیلوفر	28
57	Hordeum vulgare جو	29
59	Canscora decussata سنکھاہولی	30
61	Swertia chirata چرائتہ	31
63	Pterocarpus santalnum صندل سرخ	32
65	Smilax regelii عشبہ مغربی	33
67	Melia azadirachta نیم	34

69	*Sulphur sublimatum* گندھک	35
71	تصاویر	36
73	*Cydonia vulgaris* بہیدانہ	37
75	*Plantago ovata* اسپغول	38
77	*Altaea officinalis* خطمی	39
79	*Linum usitatissimum* السی	40
81	*Pistacia lentiscus* مصطگی	41
83	*Matricaria chamomile* بابونہ	42
85	*Smilax china* چوب چینی	43
87	*Colchicum autumnale* سورنجان شیریں	44
89	تصاویر	45
91	*Colchicum luteum* سورنجان تلخ	46
93	*Alpinia galanga* خولنجان	47
95	*Anacyclus pyrethrum* عقرقرحا	48
97	*Cassia occidentalis* کسوندی	49
99	*Crocus sativus* زعفران	50
101	*Prunus amygdalus* بادام شیریں	51
103	*Pistacia vera* پستہ	52
105	*Trachyspermum ammi* اجوائن دیسی	53
107	تصاویر	54
109	*Mentha arvensis /Mentha piperita* پودینہ	55

111	Zingiber officinalis (ادرک (زنجبیل	56
113	Carica hispidica انجیر	57
115	Operculina turpethum تربد	58
117	Cassia senna سناءمکی	59
119	Rheum emodi ریوندچینی	60
121	Garcinia cambogia عصارہ ریوند	61
123	Ricinus communis ارنڈ	62
125	تصاویر	63
127	Cassia fistula املتاس	64
129	Allium sativum لہسن	65
131	Emblia ribes باؤبڑنگ	66
133	Mallotus philippinensis کمیلہ	67
135	Rauwolfia serpentia اسرول	68
137	Hyoscyamus niger اجوائن خراسانی	69
139	Papaver somniferum افیون	70
141	Paeonia emodi عودصلیب	71
143	تصاویر	72
145	Coriandrum sativum (دھنیہ (کشنیز	73
147	Datura stramonium دھتورہ	74
149	Asiatica hydrocotyl برہمی بوٹی	75
151	Cinnamomum cassia دارچینی	76

153	Tanacetum Umbelliferum بوزیدان	77
155	Ostrea gigas سیپ صدف	78
157	Strychnous nux vomica کچلہ (اذاراقی)	79
159	Silicatae of Magnesia and Iron زہرمہرہ	80
161	تصاویر	81
163	Arsenic sulphates سم الفار	82
165	Myristica fragrans (Nutmeg) جائفل	83
167	Doronicum hookeri درونج عقربی	84
169	Cinnamomum cassia tamala تیزپات	85
171	Santalanum albus صندل سفید	86
173	Phyllanthus emblica آملہ	87
175	Bombyx mori ابریشم	88
177	Borago officinalis گاؤزبان	89
179	تصاویر	90
181	Tamarix dioica جھاؤ	91
183	Cichorium intybus کاسنی	92
185	Citrus lanatus تربوز	93
187	Tribulus terrestris خارخسک	94
189	Cucumis sativus تخم خیارین	95
191	Valeriana officinalis بالچھڑ	96
193	Adiantum capillus veneris پرسیاؤشاں	97

195	Juniperus communis ابہل	98
197	تصاویر	99
199	Anethum graveolens (Seeds) تخم سویا	100
201	Nigella sativa کلونجی	101
203	Cumin cyminum زیرہ سفید	102
205	Polygonum bistorta انجبار	103
207	Aegle marmelos بیل گری	104
209	Myrtus communis حب الآس	105
211	Acacia arabica ببول	106
213	Bambusa arendinaceae طباشیر	107
215	تصاویر	108
217	Saraca indica اشوکا	109
219	Butea monosperma ڈھاک/پلاس	110
222	Cucumis Sweet melo تخم خربزہ	111
223	Bauhinia variegata کچنار	112
225	Demonorops دم الاخوین	113
227	Asparagus racemosus ستاور	114
229	Chrysanthemum گل داؤدی	115
231	Aloe barbedensis ایلوویرا (کنوارگندل)	116
233	تصاویر	117
235	Solanum nigrum مکو	118

137	Melilotus officinalis اکلیل الملک	119
239	Achillea millefolium برنجاسف	120
241	Cheiranthus cheiri تودری	121
243	Asphaltum سلاجیت	122
245	Orchis mascula ثعلب مصری	123
247	Withania Somnifera اسگند	124
249	تصاویر	125
251	(Medical Terminologies - Urdu) (اردو) طبی اصطلاحات	126
263	(Medical Terminologies - English) (انگلش) طبی اصطلاحات	127
276	References	128

28 صفحات کلرڈ تصاویر
2- صفحات کلرڈ- ٹائٹل
30- صفحات کلرڈ-

Lavandula stoechas Linn. اسطوخودوس

نام: لاطینی: *Lavandula stoechas* Linn. **خاندان:** Labiatae

انگریزی: Arabian or French Lavander اردو: اسطوخودوس **عربی:** اسطوخودوس **فارسی:** جاروب دماغ

شناخت(IDENTIFICATION): ایک خوشبودار بوٹی ہے جس میں جامنی رنگ کے پھول خوشوں میں لگتے ہیں۔ یہ ساحلی علاقوں میں زیادہ پیدا ہوتی ہے۔ یورپ، فرانس اور اسپین میں کثرت سے خودرو ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatile Oil (Anti-septic, Anti-inflammatory for Respiratory Tract), Linalool (Anxiolytic, Anti-tumor, Anti-cancer for Hepatic Cells), Cineole (Mucolytic, Bronchodilatation, Anti-inflammatory), Fenchone (Flavor & Fragrance Agent), Extract (Anti-viral, Anti-bacterial, Anti-fungal Activities).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پودے کا بالائے زمین حصہ(Plant Parts above the Ground)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مانع تشنج(Anti-spasmodic)۔ محلل(Resolvent)۔ مسکن(Sedative)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ محرک اعصاب(Nervine Stimulant)۔ مانع خافض(Anti-depressent)۔ منقی فضلات دماغ(Elimination of Waste Humours / Excessive Phlegmatic Humour from Brain)۔ مسہل بلغم وسوداء(Purgative for Phlegmatic and Atrabilious Humours)۔ دافع تعفن(Anti-septic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): رعشہ(Tremor)۔ صرع(Epilepsy)۔ دائمی نزلہ(Chronic Catarrh)۔ مزمن زکام(Chronic Flu)۔ صداع(Headache)۔ دماغی وعصبی امراض(Brain and Nervous Disorders)۔ عصابی درد(Neuralgia)۔ ضعف اعصاب(Nervous debility)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ استسقاء(Ascites)۔ التہاب تجاویف انف(Sinusitis)۔ ورم جگر(Hepatitis)۔ نسیان(Amnesia)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ فالج(Paralysis)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): اطریفل غددی۔ اطریفل ملین۔ شربت اسطوخودوس۔ اطریفل اسطوخودوس۔ شربت احمد شاہ۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): فضلاتِ دماغ کا تنقیہ (Emptying Phlegmatic waste Products)۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۲ سے ۵ گرام

مصلح (CORRIGENT): آب لیموں و ترش اشیاء

بدل (TENEDIUM): افتیمون

مضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد کے لئے

سپستان۔لسہوڑہ *Cordia latifolia* Roxb.

نام: لاطینی: *Cordia latifolia* Roxb. خاندان: Myrtaceae

انگریزی: Sebestan Plum اردو: سپستان۔لسہوڑہ فارسی: سپستان عربی: دبق

شناخت(IDENTIFICATION): متوسط سائز کا درخت ہے۔ بڑے بڑے گولائی لئے ہوئے پتے ہیں۔ پھل گچھوں کی صورت میں پکنے پر گلابی مائل زرد، بھورے اور خشک ہونے پر سیاہ ہو جاتے ہیں۔ یہ پھل خشک کر کے استعمال میں لایا جاتا ہے۔ سپستان کی کئی اقسام مشہور ہیں۔ پاک و ہند اور سری لنکا میں بکثرت پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Gum, Mucilage (Produces Soothing Effects on the Mucous Membranes), Salicyl aldehyde (Anti-pyretic, Analgesic), Moisture (75%), Sugars, Pectin (Dietary Fiber, Gelling Agent), Ash contains Phosphorus, Calcium, Magnesium and Iron.

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھل(Fruit)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد اول تر اول۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): لعابدار(Mucilaginous)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ معدل صفراء(Alterative for Bilious Humour)۔ ملین صدر(Aperient for Thoracic Region)۔ مبرد(Refrigerant)۔ منضج بلغم و سوداء(Concoctive for Phlegmatic and Atrabilious Humours)۔ مسکن(Demulcent)۔ دافع عطش(Reduces Thirst)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بحتہ الصوت(Hoarseness of Voice)۔ گلے کی خراش(Sore Throat)۔ کھانسی(Cough)۔ سوزش بول(Burning Micturition)۔ جریان منی(Spermatorrhoea)۔ امراضِ حلق وسینہ میں خاص طور پر مفید ہے(Effective against Sore Throat and Chest Affections)۔ ورم امعاء(Enteritis)۔ موسمی بخار(Anti-pyretic for Seasonal Fevers)۔ صفراوی بخار(Pyrexia of Bilious Origin)اور زکام حار(Flu of Warm Origin)میں بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): لعوق سپستان ۔ جوشاندہ۔ دیاقوزہ۔لعوق سپستان خیارشنبری۔
سفوف حابس۔اطریفل زمانی۔شربت ارزانی۔شربت زوفامرکب۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): نافع سعال یابس(Effective against Dry Cough)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۷ سے ۹ عدد

مصلح(CORRIGENT): عناب۔گلاب

بدل(TENEDIUM): تخم خطمی

مُضر (COMMENTS): کوئی خاص نہیں۔سردمزاج والوں کے لئے متواتر استعمال مضر ہوسکتا ہے۔

Viola odorata Linn. بنفشہ

نام: لاطینی: *Viola odorata* Linn. خاندان: Violaceae

انگریزی: Sweet Violet / Violet Herb اردو: بنفشہ۔فرفیر۔ عربی: بنفسج فارسی: کوکاش

شناخت(IDENTIFICATION): یہ مفروش بوٹی ہے جس کی شاخوں کا رنگ آسمانی ہوتا ہے اور اس کا پھول بنفشی رنگ کا خوشبودار پانچ پنکھڑیوں والا ہے۔ پتے انار کے پتوں سے مشابہ اور تمام پودامع پتوں اور پھولوں کو بطور دواء استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ پودا بلند مقامات پر خاص طور پر کشمیر اور نیپال میں کثرت سے پیدا ہوتا ہے۔اس کے علاوہ پاکستان، بھارت،افغانستان،ایران،عراق اور یورپ میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Alkaloids Violin, Odorantine (Anti-inflammatory), Viola Quercitrin (Anti-oxidant), Glycoside of Salicylic Acid (Anti-pyretic, Relieves Headache, Body Pain and also act as Sedative), Eugenol (Anti-septic), Ferulic-acid (Anti-oxidant), Kaempferol (Anti-oxidant, Anti-cancer, Reduces Formation of Excessive Platelets in Blood), Scopoletin (Anti-inflammatory, Bacteriostatic Activity against *Escherichia coli, Staphylococcus aureus, Streptococcus* sp., *Klebsiella pneumoniae* and *Pseudomonas aeruginosa,* also Regulate the Blood Pressure, Flavonoids (Diuretic, Effective in Hypertension), Flowers contain the Odorous Principle, Blue Colouring Matter, Sugar, Anthocyanins, and Ash, Mucilage and Saponins (Soothing Expectorant, Relieve Cough and Other Bronchial Ailments), Rutin (Strengthens The Capillaries, Prevents "leakage" from Blood Vessles and maintains flexibility),Plant Extract (Anti-pyretic, Expectorant, Anti-catarrhal, Anti-bacterial), Essential Volatile Oil contains Saponins, Glycoside, Methyl Salicylate, Mucilage, Vitamins A and C and Alkaloids.

حصص مستعملہ(PARTS USED): برگ(Leaves)۔ گل(Flower)۔ جڑ(Root)۔ تخم(Seed)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۱ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): امراضِ تنفس(Respiratory Tract Affections)۔ ملطف (Demulcent)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Ailments)۔معدّل صفراء(Alterative for Bile)۔

معرق(Diaphoretic)۔ ملین شکم(Abdominal Emollient)۔ مسکنِ الم(Analgesic)۔ منوم(Hypnotic)۔ مصفّی خون(Blood Purifier)۔ مسکن حرارت خون(Reduces Heat of Sanguineous Humour)۔ مسکنِ عطش(Alleviates Thirst)۔ مرطب(Moistening)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): نزلہ(Flu)۔ زکام(Influenza)۔ سعال(Cough)۔ یرقان(Jaundice)۔ بخار(Pyrexia)۔ ذات الجنب(Pleurisy)۔ ذات الریہ(Pneumonia)۔ خراش حلق (Sore Throat) میں مفید ہے۔ برگ بنفشہ کا جوشاندہ بطور غرارے(Gargles) مستعمل ہے۔ ورم حلق(Pharyngitis)۔ خروجِ رحم(Uterine Prolapse)۔ ورم الف(Sinusitis)۔ ورمِ امعاء(Enteritis)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ تحجر المفاصل(Rheumatoid Arthritis)۔ التہابِ معدہ(Gastritis)۔ التہابِ جگر(Hepatitis)۔ قبض(Constipation)۔ بلند فشار الدّم(Hypertension)۔ صفراوی امراض(Bilious Affections)۔ خروج مقعد(Prolapse of Rectum) میں مفید ہے۔ بیرونی طور پر اس کے پتے سوجن کو کم کرتے ہیں اور خراش غشائے مخاطی میں بھی مفید ہیں (The Fresh Crushed Leaves Used Externally to Reduce Swelling and Soothing The Irritations of the Mucous Membrane)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت بنفشہ۔ جوشاندۂ نزلہ۔ اطریفل زمانی۔ روغن بنفشہ۔ حب بنفشہ۔ شربت ارزانی۔ خمیرہ بنفشہ۔ لعوق سپستاں

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): ملیّن طبع(Emollient)۔ ملیّن رطوباتِ حلق اور سینہ (Aperient for Humours of Throat and Chest)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): گل ۳ سے ۵ گرام۔ برگ ۵ سے ۷ گرام

مصلح(CORRIGENT): مرزنجوش

بدل(TENEDIUM): خبازی۔ گاؤزبان

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار سے درد معدہ اور قے ہوسکتی ہے۔

اذخرمکی Cymbopogon jawarancusa Linn.

نام: لاطینی: *Cymbopogon jawarancusa* Linn. خاندان: Graminae / Poaceae

انگریزی: Lemon Grass, Rusa Grass اردو: روسا گھاس عربی: اذخرمکی

شناخت:(IDENTIFICATION):- سرکنڈے کے مشابہ ایک پودا ہے اس کے پتوں کو ہاتھ میں ملنے سے ایک خاص قسم کی خوشبو آتی ہے۔ اس کی جڑ اور پھولوں میں سے بھی لطیف اور تیز خوشبو آتی ہے۔ بہترین اذخر حجازی ہے جو کہ اذخرمکی کے نام سے مشہور ہے۔ ہندوستان میں جو اذخر ہوتا ہے اس کو گندھیل کہتے ہیں۔ ہندوستان اور پاکستان (بہاولپور) میں کاشت کیا جاتا ہے۔ ہمدرد یونیورسٹی کراچی میں بھی اس کے پودے موجود ہیں۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatile Oil (Bactericidal, Anti-fungal), Linalool (Anti-viral for Lower Respiratory Tract), Myrcene, Myrcenol (Anti-microbial Activity), Phellandrene (Flavour and Odor Agent), Cineole (Anti-viral for Respiratory Tract), Geraniol (Anti-oxidant, Inhibit Biosynthesis in Human Colon Cancer Cells), Piperitol (Anti-bacterial)

حصص مستعملہ:(PARTS USED): جڑ(Root)۔ پھول(Flower)۔ شگوفہ(Buds)۔ پتے(Leaves)۔ روغن(Oil)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent for Inflammations)۔ منضج اخلاط غلیظہ(Concoctive for Mal Humours)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ مفتت حصاۃ گردہ ومثانہ(Lithotriptic for Kidney and Urinary Bladder Stones)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ منضج (Concoctive)۔ محرک (Stimulant)۔ ہاضم(Carminative)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affections) میں مفید ہے۔

بیخ اذخر: جوشاندہ سے دانتوں اور مسوڑھوں کو مضبوط کرنے کیلئے مضمضہ کراتے ہیں۔

معالجاتی افعال:(MEDICINAL USES): لقوہ(Facial Paralysis)۔ نزلہ(Influenza)۔ فالج(Paralysis)۔ کھانسی(Cough)۔ بلغمی دستوں(Diarrhoea of Phlegmatic Origin)۔ غثیان بلغمی(Phlegmatic Nausea)۔

نسیان(Amnesia)۔تپ بلغمی(Fever of Phlegmatic Origin)۔ورم احشاء(Inflammation of Organs)۔
موسمی بخاروں(Seasonal Fever)۔ استرخاء(Paresis)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ احتباس بول(Anuria)۔
احتباس حیض(Amenorrhoea)۔مخرج سنگِ گردہ ومثانہ(Eliminates Renal and Urinary Bladder Stones)۔
عظم طحال(Spleenomegaly)۔عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔عظم جگر(Hepatomegaly)۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS): معجون دبید الورد۔دوءالکرکم۔مفرح یاقوتی معتدل۔

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): سرد بلغمی امراض(Phlegmatic Affection of Cold Origin)۔
ورم کبد (Hepatomegaly)۔خصوصاً استسقاء(Ascites)۔ورم طحال(Spleenomegaly)

مقدارخوراک:(DOSAGE): ۵ سے ۷ گرام تک

مصلح:(CORRIGENT): صندل سفید

بدل:(TENEDIUM): عقرقرحا

مُضر:(COMMENTS): طویل عرصے تک زیادہ مقدار میں استعمال کرنا باعثِ صداع(Headache) ہے۔گرم مزاج والے افراد کے لئے زیادہ مقدارِ خوراک یا طویل عرصے تک استعمال نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔

Zizyphus vulgaris Linn. عناب

نام: لاطینی: Zizyphus vulgaris Linn. خاندان: Rhamnaceae

انگریزی: Jujube اردو: عناب عربی: عناب فارسی: عناب

شناخت(IDENTIFICATION): جھاڑی دار کانٹوں والا بیری سے مشابہ پودا ہے۔ پھل بھی بیری کی طرح ہوتے ہیں۔ پتے بیری کے پتوں سے بڑے اور لمبے جبکہ پتوں کے پچھلی طرف مخمل کی طرح رواں ہوتا ہے۔ چھال سرخ، پھل گہرا سرخ، گودے دار اور میٹھا ہوتا ہے۔ جنگلی عناب بلوچستان، پنجاب کے پہاڑی علاقوں میں خودرو ہوتا ہے۔ اس کی جھاڑیوں کی کاشت پنجاب، کشمیر، بنگال، افغانستان، ایران اور چین میں بکثرت ہوتی ہے۔ چین میں پیدا ہونے والا عناب زیادہ بہتر تصور کیا جاتا ہے اور اسے عناب ولایتی کہا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Jujubogenin (Saponin), Jujuboside, Anti-imflammatory, Blood Purifier), Tannin Rich in Bark (Astringent, Anti-microbial Activity), Carotene (Approx. 70mg/100 Grams), Vitamin "C" (Maintains Texture of Blood Vessels, Strenghten the Gums), Pectin (Dietary Fiber), Betulic Acid and Betulin (Anti-tumor Activity), Spinosin (Mild Sedative), Leaves Mucilage (Produces Soothing Effect on the Mucous Membranes).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھل(Fruit/Berry) طب میں زیادہ مستعمل ہے۔ بیج(Seeds)۔ پتے(Leaves) بھی استعمال ہوتے ہیں۔

مزاج(TEMPERAMENT): معتدل ہونے کے ساتھ ساتھ تری (رطوبت) کی طرف مائل

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): پھل: ملطف اخلاط(Demulcent for Humours)۔ مسکن حدت صفراء و دم(Sedative for Heat of Bilious and Sanguineous Humours)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ مصفیٰ خون(Blood Purifier)۔ ملین صدر(Aperient for Thoracic Region) اثرات رکھتے ہیں۔

بیج: منوم(Hypnotic)۔ مسکن(Sedative)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔

پتے: دافع بخار(Febrifuge)۔ مسہل خفیف(Laxative)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): خشونت حلق(Pharyngitis)۔ کھانسی(Cough)۔ نزلہ(Catarrh)۔ ذات الجنب(Pleurisy)۔ ذات الریہ(Pneumonia)۔ بخار(Pyrexia)۔ موسمی بخار(Seasonal Fevers)۔ باری والا بخار(Periodic Fevers)۔ خارش(Itching)۔ خسرہ(Measles)۔ پھوڑے پھنسیاں(Boils/Pustules)۔ چیچک(Small Pox)۔ آتشک(Syphilis)۔ جلدی امراض(Skin Disorders) میں مفید ہیں۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت عناب۔ شربت اعجاز۔ شربت ارزانی۔ شربت صدر۔ شربت مرکب مصفی خون۔ لعوق سپستان۔ دیاقوزہ۔ اطریفل زمانی۔ خمیرہ ابریشم۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): دافع خشونت (Removes Hoarseness)۔ ورم حلق(Pharyngitis)۔ مصفئ خون(Blood Purifier)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): **پھل:** ۳ سے ۵ عدد

مصلح(CORRIGENT): شکر۔ شہد۔ گلِ سرخ

بدل(TENEDIUM): سپستان

مُضر (COMMENTS): دیرہضم

Adhatoda vasica Nees اڑوسہ

نام: لاطینی: *Adhatoda vasica* Nees خاندان: Acanthaceae

انگریزی: Vasaka اردو: اڑوسہ عربی: حشیشۃ السعال۔ ہندی: بانسہ

شناخت(IDENTIFICATION): گھر اور باغوں میں باڑھ اور آرائش کے لئے بھی لگاتے ہیں۔ پودا خوشنما سفید پھولوں کے گچھوں سے لدا رہتا ہے۔ اونچائی نصف سے دو میٹر ہوتی ہے۔ شاخیں بکثرت ہوتی ہیں۔ پتے گہرے سبز رنگ کے نرم ونازک اور آم کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ سنسکرت کی کہاوت ہے کہ ''جب تک اڑوسہ کا پودا موجود ہے سل ودق کے مریضوں کو مایوس نہیں ہونا چاہیئے''۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Crystalline Alkaloid Vasicine (Bronchodilatation), Vasicinone (Bronchodilator Activity, Strong Stimulant Activity), Vasakin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Essential Volatile Oil (Effective against Tubercle Bacilli), Vitamin "C", Adhatodic Acid (Anti-bacterial, Anti-inflammatory), Mucilage (Exert Soothing Effect on the Mucous Membranes), Kaempferol (Anti-inflammatory, Anti-microbial Activities), Quercetin (Anti-oxidant, Maintains Flexibility of Blood Vessels), Extract (Anti-bacterial, Bronchodilator Activity).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پتے(Leaves)۔ پھول(Flowers)۔ نمک(Salt)۔ پوست بیخ(Bark of Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): **پتے:** گرم ا و خشک ا۔ **پھول:** سرد ا و خشک ا

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): اندمال زخم(Cicatrizant)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ حابس خون(Styptic)۔ جراثیم کش(Insecticide)۔ مفتح عروق الریہ(Deobstruent for Pulmonary Vessels)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ قاتل حشرات الارض(Insecticide)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ضیق النفس(Dyspnoea)۔ کھانسی(Cough)۔ سل ودق(Tuberculosis)۔ مخرج بلغم(Expectorant)۔ دمہ(Asthma) میں انتہائی مفید ہے۔

پتے: تحجر المفاصل(Rheumatoid Arthritis) میں اسکا لیپ دافع التہاب مفاصل خصوصیت کا حامل ہے۔

دافع بخار(Anti-pyretic) بھی ہے۔

پھول: امراض تنفس(Respiratory Tract Affections) کے لئے پھولوں کا گلقند تیار کیا جاتا ہے۔ پھیپھڑوں کے امراض(Lungs Affections) میں مفید ہے۔قاتل کرمِ شکم(Anthelmintic)۔شہیقہ (Whooping Cough)۔ قصبۃ الریہ(Pneumonia)۔جرب(Itching)۔حکہ(Pruritis) اورالتہاب شعب(Bronchitis) میں مؤثر ہے۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS): شربتِ اعجاز۔راکھ(Ash) اوراس سے تیار کردہ نمک مختلف انواع کھانسی میں استعمال کرائے جاتے ہیں۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): منفثِ بلغم(Expectorant)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic) ہے۔ امراضِ تنفس(Respiratory Tract Affections)۔

مقدارخوراک:(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام۔ **سفوف:** ۱ سے ۳ گرام

مُصلح:(CORRIGENT): شہد۔فلفل سیاہ

بدل:(TENEDIUM): زوفا

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں مخرش(Irritant)،مقی(Emetic) اور مسہل اثرات(Purgative) مرتب کرسکتا ہے۔

Hyssopus officinalis Linn. زوفا

نام: لاطینی: *Hyssopus officinalis* Linn. خاندان: Labiatae

انگریزی: Hyssop اردو: زوفا عربی: زوفائے یابس فارسی: زوفائے خشک

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا ایک سے دوفٹ بلند ہوتا ہے اس کا تنا اور شاخیں گانٹھ دار، پتے خوشبودار اور ذائقہ تلخ، ہر گرہ پر شاخ، زردی مائل دس بارہ پھول اور تخم تکونے ہوتے ہیں۔ پودے ایران، شام اور برصغیر میں بکثرت خودرو پیدا ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Mucilage (Soothing The Mucous Membrane), Starch, Tannin, Resin, Flavonoids Glycoside (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory), Isopinocamphene, Limonene (Muscle Relaxant Activity), Extract (Anti-tussive, Anti-viral, Anti-inflammatory).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پودے کے تمام اجزاء(Whole Plant)۔ جڑ(Root)۔ چھال(Bark)۔ تنا(Stem)۔ پھول(Flower)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منفث بلغم(Expectorant)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مخرج کرم شکم(Anthelmintic)۔ امراض جگر(Hepatic Affections)۔ امراضِ رحم(Uterine Affections) میں مفید ہے۔ محلل اورام بلغمی(Resolvent for Inflammations of Phlegmatic Origin)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): کھانسی(Cough)۔ بلغمی کھانسی(Phlegmatic Cough)۔ نزلہ(Catarrh)۔ پھیپھڑے میں ورم(Inflammation of Lungs)۔ ذات الصدر(Mediastinal Pleuritis)۔ درد قولنج(Colic Pain)۔ دردمعدہ(Gastric Pain)۔ زخم امعاء(Ulceration of the Intestines)۔ سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ ورم رحم(Uterine Inflammation)۔ زخم گزیدگی حیوانات(Anti-dote for Insect and Animal Bites)۔ عرق النساء(Sciatica)۔ استسقاء(Ascites)۔ فالج(Paralysis)۔ پیچش(Dysentery)۔ ذات الجنب(Pleurisy)۔ یرقان سدی(Obstructive Jaundice)۔ احتباس طمث(Amenorrhoea)۔ ضیق النفس(Dyspnoea) میں فائدہ کرتا

ہے۔ورم گردہ ومثانہ(Inflammation of Kidney and Urinary Bladder) میں فائدہ مند ہے۔
قاتل کرمِ امعاء(Intestinal Vermicide) ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت زوفا۔تریاق مثانہ۔شربت صدر۔لعوق معتدل۔مفرح کبیر

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): منفث بلغم(Expectorant)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام۔

مصلح(CORRIGENT): گردے کیلئے بنفشہ۔جگر کے لئے عناب۔گوند ببول۔انار ترش

بدل(TENEDIUM): مرزنجوش۔پودینہ۔صعتر

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا طویل عرصہ استعمال جگر و گردہ کے لئے مضر ہے۔

Ephedra gerardiana Linn. سوم کلپا

نام: لاطینی: *Ephedra gerardiana* Linn. خاندان: Ephedraceae

انگریزی: Ephedra اردو: سوم کلپا۔سوما کلپا عربی: زنبل الخیل

شناخت(IDENTIFICATION): یہ جھاڑی نما بوٹی ہے۔ایک سے چار فٹ تک بلند ہوتی ہے۔باریک باریک شاخیں تھوڑے فاصلے پر گٹھائیں موجود ہوتی ہیں۔اس کا پودا ہمیشہ سرسبز رہتا ہے۔ایران، چترال، گلگت، بلوچستان اور دریائے سندھ کے کنارے پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Ephedrine (Anti-inflammatory, Dilatation of Air Passages), Pseudo Ephedrine (Expectorant, Anti-tussive, Cough Supressant), Methyl Ephedrine (Decongestant, Bronchodilatation).

حصص مستعملہ(PARTS USED): بالائے زمین حصہ(Upper parts of ground)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مزیل امتلاء(Decongestant for Passages)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔دافع حساسیت(Anti-hypersensitivity)۔معدل(Alterative)۔ مدر بول(Diuretic)۔مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): دمہ(Asthmatic)۔سعال(Cough)۔یرقان(Jaundice)۔ کالی کھانسی یا شہیقہ(Whooping Cough)۔ضیق النفس(Dyspnoea)۔بلغمی کھانسی(Phlegmatic Cough)۔ شعبی تشنج(Bronchospasm)۔التہاب شعب مزمن(Chronic Bronchitis)۔موسع شعبان(Bronchodilator)۔ تنگئی شعبات(Brochoconstriction)۔الرجی(Allergy)۔وجع المفاصل(Rheumatism)۔آتشک(Syphilis)میں ستعال کراتے ہیں۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): صدوری۔مفرد دواء کے طور پر جوشاندے کی صورت میں استعمال کرایا جاتا ہے۔بہت سے ایلو پیتھک کھانسی کے شربت(Cough Syrup) میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION):امراضِ تنفس(Respiratory Tract Affection)۔دمہ(Asthma)۔


مقدارِخوراک(DOSAGE):سفوف: ۱ سے ۲ گرام۔ جوشاندہ: ۳ سے ۶ گرام

مصلح(CORRIGENT):شہد۔صمغ عربی


بدل(TENEDIUM):اڑوسہ۔زوفا


مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا طویل عرصہ استعمال میں خفقان قلب(Tachycardia)۔رعشہ(Tremor) اور زائد پسینہ(Diaphoresis)لانے کا باعث ہوسکتا ہے۔


اسطوخودوس



سپستان



بنفشہ


اذخرکی


عناب


اڑوسہ


زوفا


سوم کلپا

Glycyrrhiza glabra Linn. ملیٹھی

نام: لاطینی: *Glycyrrhiza glabra* Linn. خاندان: Papilionaceae

انگریزی: Liquorice - Glycyrrhiza اردو: ملیٹھی عربی: اصل السوس فارسی: بیخ مہک

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا ہزاروں سال سے مستعمل ہے۔ چینی دواسازی میں ملیٹھی کو بڑی اہمیت حاصل رہی ہے۔ یونان میں ثاؤفرسطس (Theophrastus) (۱۵۰ ق م) نے اپنی کتاب میں اس کا ذکر کیا ہے۔ سوس کا پودا ڈیڑھ میٹر اونچا ہوتا ہے۔ پھول نیلگوں قرمزی رنگ کے اور زیر زمین حصہ لانبی جڑوں پر مشتمل ہوتا ہے۔ جو کہ عرف عام میں ملیٹھی کہلاتا ہے۔ اس کے پودے اسپین، اٹلی، انگلینڈ، فرانس، جرمنی، امریکہ، ایران، عراق، افغانستان و پاکستان میں پائے جاتے ہیں۔ افغانستان اور ایران میں بڑے پیمانے پر اس کی کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Glycyrrhizin (Cough Supressant, Anti-viral Activity), Glycyrrhetin, Glycyrrhetinic Acid (Inhibit Epstein-Bar Virus, Anti-tumor), Glycyrrhizol (Anti-bacterial Activity), Starch, Sucrose, Tannin, Flavonoid Rich Fractions Include Liquiritin, Isoliqueritin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Plant Extract (Anti-inflammatory, Anti-pyretic).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔ رُب(Extract)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مدر بول(Diuretic)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ منضج اخلاط غلیظہ(Concoctive of Viscous Humours)۔ ملطف(Demulcent)۔ مانع التہاب غشائے مخاطی(Anti-inflammatory for Mucus Membranes)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ ملین(Emollient) ۔ منضج(Concoctive)۔ دافع التہاب(Anti-inflammatory)۔ ایلوپیتھی دواسازی میں شربتوں کو خوش ذائقہ بنانے اور گولیوں پر استر کرنے کے لئے اس کا سفوف استعمال کیا جاتا ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ذات الریہ (Pneumonia)۔ کھانسی(Cough)۔ فالج(Paralysis)۔ قروح مجاری بول(Urethral Wounds)۔ قرحہ اثنا عشری(Duodenal Ulcer)۔ قرحہ معدی(Gastric Ulcer) میں

مفید ہے۔ رب السوس(Extract) گلے کی خراش(Sore Throat)۔ بحتہ الصوت(Hoarseness) میں مفید ہے۔ التہاب مجری بول(Urethritis)۔ بلغمی وسوداوی امراض(Phlegmatic and Atrabilious Affections)۔ قصبۃ الرّیہ(Pneumonia)۔ دافع سوزش وخشونت حنجرہ(Removes Irritation and Dryness of Larynx)۔ ورم لوزتین(Tonsillitis)۔ ورم حنجرہ(Laryngitis)۔ ضیق النفس(Dyspnoea) میں بھی فائدہ مند ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت اعجاز۔ لعوق سپستان۔ بنادق البزوز۔ تریاق مثانہ۔ قرصین۔ حب آوازکشا۔ حب بادام۔ لعوق بہیدانہ۔ لعوق خیارشنبر۔ سوسی۔ سفوف اصل السوس۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): منفثِ بلغم (Expectorant)۔ پھیپھڑے کے امراض(Lungs Affections) نیز امراضِ معدہ(Gastric Affections) اورالسر(Ulcer) میں بھی مفید ہے۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ٦ گرام

مصلح(CORRIGENT): گل سرخ۔ کتیرا

بدل(TENEDIUM): اسپغول

مُضر (COMMENTS): اس کے کثرت استعمال کے باعث سوڈیم کے موزوں اخراج نہ ہونے (Sodium-Rentention) کے باعث بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔ جسم میں پانی کو روکتا ہے۔ یہ پہلوی اثرات اصل السوس میں موجود گلائیکوسائڈ کے قدرتی اجزاء سے متعلق ہیں۔

Malva sylvestris Linn. خبازی

نام:- لاطینی: *Malva sylvestris* Linn. خاندان:Malvaceae

انگریزی: Common Mallow Leaves اردو: خبازی عربی: خبازی فارسی: نانِ کلاغ

شناخت:(IDENTIFICATION): ۲سے۳ فٹ تک اونچا روئیں دار پودا، پتے گول سبز اور کنارے دندانے دار، پھول سرخ جس میں نیلے رنگ کی آمیزش معلوم ہوتی ہے۔ پھل گول اور درمیان سے پچکا ہوا سفید بادامی رنگ کا، جنھیں تخم خبازی کہا جاتا ہے۔ نمناک زمین میں خودرو ہوتا ہے۔ برصغیر، ایران، عراق اور یورپی ممالک میں اس کی کاشت بکثرت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Mucilage (Demulcent, Anti-septic, Emollient, Used in Respiratory and Urinary Tract Affections), Tannin, Minerals, Vitamins A, B1, B2 and C, Anthocyanin (Anti-oxidant, Significant Bacteriostatic Activity on *Staphylococcus aureus*), Malvin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory for the Respiratory Tract, GI Tract, and Skin. Used Topically to treat Abscesses, Bruises, Burns, Dermatitis, Swellings and Varicose Ulcers. To treat Sore Throat and Gingival Inflammations), Beta-sitosterol, Carotene, Flavonal glycosides (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Polysaccharides (That form a protective layer on the Stomach Mucosa and Decreases Gastric Acidity), Flowers Extract (Expectorant, Whooping Cough, Influenza, Removes Irritation of Oral and Pharyngeal Mucosa, Dry Cough, Wound Healing Properties), Leaves Extract (Expectorant, Respiratory Tract Affections, Stimulates the Smooth Muscles of Uterus and Intestines), Seed Extract (Lubricant, Expectorant, Anti-tussive, Sore Throat, Bronchitis, Anti-bacterial).

حصص مستعملہ:(PARTS USED): پتے(Leaves)۔تخم(Seeds)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): سرد و تر ۱۔

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): ملین(Emollient)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مسکن(Sedative)۔ محلل اورام(Resolvent for Inflammations)۔ مفتح سدد جگر(Hepatic Deobstruent)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ تریاق مارگزیدگی حشرات(Anti dote for Insects Bites)۔

معالجاتی افعال: (MEDICINAL USES): نزلہ(Influenza)۔ زکام(Catarrh)۔ سعال خشک(Dry Cough)۔ ضیق النفس(Dyspnoea)۔ مخرج مواد غیر طبعی(Eleminates Abnormal Fluids)۔ لثہ دامیہ یا اسکربوط(Scurvy)۔ پیچش(Dysentery)۔ سوزش بول(Burning Micturition)۔ یرقان(Jaundice)۔ ورم طحال(Spleenitis)۔ ورم رحم(Uterine Inflammation)۔ بھڑ اور شہد کی مکھی اور سانپ کے زہر کا تریاق(Alaxipharmic)۔ پھوڑے اور ورم پر ضماد محلل(As Reslovent applied on Inflammations and Boils)۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS): لعوق سپستاں۔ جوشینا۔ اطریفل مقوی دماغ۔ شرب اعجاز۔ شربت زوفا۔ شربت صدر۔

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): ملین صدر(Thoracic Aperient)۔ محلل(Resolvent)۔

مقدار خوراک:(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام جوشاندے کے طور پر مستعمل ہیں۔

پتوں کا رس: ۲۵۰ سے ۳۰۰ ملی گرام تک (رس ۳۰ سے ۴۰ گرام پتوں سے کشید کیا جاتا ہے)۔

مصلح:(CORRIGENT): دارچینی۔ سلیخہ

بدل:(TENEDIUM): خطمی

مُضر:(COMMENTS): سرد مزاج اور کمزور معدے والے افراد کیلئے کثرت استعمال مضرت کا باعث ہے۔

Aconitum heterophyllum Linn. اتیس

نام: لاطینی: Aconitum heterophyllum Linn. خاندان: Ranunculaceae

انگریزی: Aconite اردو: اتیس عربی: اتیس۔خلیق النمر فارسی:بتیس

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا ایک سے تین فٹ اونچا پھلیاں تقریباً پانچ انچ کی اور ان کا رخ نیچے کی طرف ہوتا ہے۔اس پودے کی ۲۸ اقسام ہیں۔اس پودے کی جڑ سے زمین میں کئی شاخیں نکلتی ہیں۔جڑ بیرونی طور پر بھورے رنگ کی اور اندر سے سفید،نصف انچ سے ڈیڑھ انچ تک لمبی ہوتی ہے۔پھول ایک انچ لمبا،چمکدار رنگ،نیلا یا سبزی مائل نیلگوں جس میں اودی اور ارغوانی رنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں۔ذائقہ تلخ اور جڑ دواءً مستعمل ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Atisine (Intensely Bitter Alkaloid, Non Toxic), Aconitic Acid (Anti-pyretic, Intermittent Fever, Anti-leishmanial), Abundant Starch (Astringent), Oleic, Palmitic, Stearic Acid (Decreases Cholesterol level in Blood) Mucilage, Aconitum Alkaloids Aconitine, Jesaconitine (Effective in the Treatment of Phlegmatic Disorders, Rheumatoid Arthritis, Skin Wounds, Diarrhoea, and Cardiac Disorders), Essential Oil (Anti-bacterial, Inhibit Growth of Harmful Intestinal Bacteria), Diterpenoid Alkaloid Hetrophylline, Atidine (Relieve Indigestion, Flatulence and Colic Pain), Mesaconitine (Analgesic, Anti-inflammatory), Plant Extract (Diaphoretic, Anti-fungal, Ati-viral and Immuno-stimulant, Analgesic, Anti-inflammatory, Cholagogue, Febrifuge and Cardiac Tonic, Regulates Blood Vessels function and brings Smooth Muscle Relaxation and Contraction, Anti-angiogenesis), Flavonoids (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Tannins (Astringent, Haemostatic, Anti-microbial), Saponins and Sugars.

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): دافع حمیات(Anti-pyretic/Febrifuge)۔ قابض(Astringent)۔ مصفّیٰ خون(Blood Purifier)۔ حابس الدّم(Styptic)۔ مقوی معدہ(Gastric Tonic)۔ مقوی جسم(General Tonic)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): حمیاتِ حارہ(Fevers of Warm Origin)۔زحیر(Dysentery)۔ بلغمی بخار(Phlegmatic Fever)۔بلغمی کھانسی(Productive Cough)۔ جریانِ خون(Haemorrhage)۔ موسمی بخار(Seasonal Fever)۔نوبتی بخار(Intermittent Fever)۔مزمن بخار(Chronic Pyrexia)۔ سوداوی بخار(Atrabilious Pyrexia)۔امراضِ اطفال(Childhood Diseases)۔دانتوں کے نکلتے وقت بچوں کی تکلیف رفع کرتی ہے(Relieves Toothache during Teething)۔اسہالِ اطفال(Childhood Diarrhoea)۔ اسہال(Diarrhoea)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): معجون جوگراج گوگل۔سفوف حابس۔معجونِ مروّح الارواح۔معجونِ بواسیر۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): بطور مانع حمیات(Anti-pyretic)اورامراضِ اطفال(Childhood Affection)۔

مقدارخوراک(DOSAGE) سفوف: ۱ سے ۲ گرام۔ **جوشاندے میں:** ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): خطمی۔خبازی

بدل(TENEDIUM): گلو۔خاکسی۔

مُضر (COMMENTS): مخدرِ زبان۔زیادہ مقدارِ خوراک استعمال کرنے سے قابض اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں۔

تلسی *Ocimum basilicum* Linn.

نام: لاطینی: *Ocimum basilicum* Linn. خاندان: Labiatae

انگریزی: Basil اردو: تلسی۔نازبو۔جنگلی تلسی عربی: ریحان۔شاہسفرم

شناخت(IDENTIFICATION): اس پودے کا شمار خوشبودار پودوں میں کیا جاتا ہے اس نباتی خاندان میں ساٹھ سے زیادہ اقسام دریافت کی گئی ہیں۔ پودا ایک سے ڈیڑھ میٹر تک اونچا ہوتا ہے۔ پتے ۱ تا ۲ سینٹی میٹر لانبے، پتوں سے خوشبودار تیل اور ایک قسم سے کافور بھی حاصل کیا جاتا ہے، بیضوی خوشبودار ہرے بھرے ہوتے ہیں۔ شاخوں کے سروں پر پھولوں کا خوشہ ہوتا ہے۔ بیج نہایت باریک بھورے سرخی مائل یا سیاہ، بھگونے پر لعاب دار ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Methyl Eugenol (79% Local Anti-septic, Anaesthetic, Anti-oxidants, Anti-inflammatory), Ocimene (Anti-septic, Anti-viral, Bactericidal, Expectorant, Decongestant and to ease Nasal and Chest Congestion), Limonene (It is used to Promote Weight Loss, Bronchitis, Anti-carcinogenic For GIT), Pinene (Tonic of the Mucus Membranes of the Respiratory Tract, Diuretic, Responsible for Pleasant Fragrance), Sabinene (Aromatic, Analgesic, Anti-neuralgic, Anti-inflammatory, Anti-septic, Anti-spasmodic, Anti-viral, Carminative, Diuretic, Febrifuge, Catarrh of Cold Origin), Essential Volatile Oil (Anti-fungal, Beneficial for the Alleviation of Nervous Disorders, Spasms, Rhinitis, Anti-pyretic), Extract of Basil Leaves (Anti-pyretic, Vermifuge, Diuretic, Anti-nauseating, Flatulance, Dysentery), Linalool (Strong Effects on the Nervous System, Nervine Tonic, Sedative, Spasmolytic, Local Anaesthetic), Citronellol (Sedative, Anti-viral, Anti-microbial), Methyl Cinnamate (Inhibit development of *Candida albicans,* Anti-fungal), Plant Extract (Anti-pyretic, Anti-inflammatory).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves) کا استعمال زیادہ ہے۔ بیج(Seed) اور جڑ(Root) بہت کم مستعمل ہے۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منفث بلغم (Expectorant)۔ دافع حرارت(Febrifuge)۔ محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مانع موسمی بخار(Seasonal Fevers)۔ دافع بخار(Anti-pyretic)۔

مدربول(Diuretic)۔ مدرحیض (Emmenagogue)اثرات پائے جاتے ہیں۔ تخم لعابدار(Mucilaginous)۔ دافع تعفن(Anti-septic)۔مفرح(Exhilarant) کےطور پر استعمال کرائے جاتے ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): گلے کی سوزش وخراش(Sore Throat)۔نزلہ(Catarrh)۔کھانسی(Cough)۔ سوزش بول(Irritation and Burning Micturition)۔ سوزاک (Gonorrhoea)۔ اسہال(Diarrhoea)۔ ضعفِ معدہ(Gastric debility)۔ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔قولنج اطفال(Colic Pain in Children)۔ احتباس الطمث (Amenorrhoea)۔پیچش(Dysentery)۔التہاب شعب(Bronchitis)میں مفید ہیں۔ بیرونی سوجن پر پتوں کا پیسٹ بنا کر لگاتے ہیں(Paste of Leaves is Applied on the local Inflammations for relief)۔ ملیریا(Malaria)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): اندمالی۔سفوف طین۔شربت احمد شاہ۔عرق عنبر۔مفرح یاقوتی معتدل۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مفرح(Exhilarant)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): تخم: ۳ سے ۵ گرام۔ برگ: ۵ سے ۷ گرام

مصلح(CORRIGENT): بنفشہ۔ سکنجبین۔

بدل(TENEDIUM): بادرنجبویہ۔ تخم بالنگو۔

مُضر (COMMENTS): کثرت مقدارِ خوراک باعث مضرت ہوسکتی ہے۔سرد موسم میں زیادہ عرصہ تک استعمال نہیں کرانا چاہیے کیونکہ کہ سرد مزاج افراد میں الرجی ہوسکتی ہے۔

خاکسی Sysimbrium irio Linn.

نام: لاطینی: *Sysimbrium irio* Linn. خاندان: Brassicaceae / Cruciferae

انگریزی: Hedge Mustard اردو: خاکسی عربی: جبہ فارسی: خاکشی۔ خوب کلاں

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا دو سے تین فٹ تک بلند اور سرسوں سے مشابہ ہوتا ہے۔ پھلیوں میں تخم خشخاش سے بھی زیادہ باریک سرخ زعفرانی رنگ کے بیج ہوتے ہیں۔ اس کا پودا جنگلوں، باغوں اور پہاڑوں میں بھی خودرو پیدا ہوتا ہے۔ اس کا پودا پنجاب، بلوچستان اور ایران میں بکثرت پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Rich Source of Flavonoids (Anti-inflammatory, Anti-microbial, Anti-oxidant), Glucosinolates (Stimulate Appetite and the Digestive Process), Naringenin (Anti-oxidant), Vitamin C, β-carotene, Carbohydrates, Calcium, Phosphorus, Plant Extract (Febrifuge, Anti-cholera, Anti-emetic, Anti-bacterial Activity particularly against *Salmonella typhi,* Asthma and Effective for Infections of the Throat and Chest, To Detoxify the Liver and Spleen), Isorhamnetin and Quercetin (Anti-inflammatory), Infusion of the Leaves (Used in Treating Sore Throat and Respiratory Tract Affections), Essential Volatile Oil (Rubefacient, Analgesic, Applied Externally on Bronchial and Chest Congestion, to Relieve Rheumatism and to Reduce Swelling and Clean Wounds), Plant Poultice (It is a Stimulant for Skin, Relief Chest Congestion, Applied over Boils and Inflamed Sewllings).

حصص مستعملہ(PARTS USED): بیج(Seeds)۔ پتے(Leaves)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ تر ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): دافع بخار(Anti-pyretic)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مسمن بدن(Fattening Body)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مدر بول(Diuretic)۔ معرق(Diaphoretic)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مسکن عطش(Releive Thirst)۔ مفتح سدد و مسامات(Deobstruent for Pores)۔

معالجاتی افعال: (MEDICINAL USES): چیچک(Chicken Pox)۔ خسرہ(Measles)۔ موتی جھرہ(Typhoid)۔

ہیضہ (Cholera)۔صفراوی، بلغمی اور دموی بخار (Bilious, Phlegmatic and Sanguineous Fevers)۔ موسمی بخار (Seasonal Fevers)۔سعال مزمن (Chronic Cough)۔امراض سینہ (Chest Affections)۔ ورم خصیہ (Orchitis)۔ورم پستان (Mastitis)۔سرطانی اورام (Cancerous / Malignant Inflammations)۔ نقرس (Gout)۔ضیق النفس (Dyspnoea)۔غشی (Drowsiness)۔کثرت پیاس (Relieve Excessive Thirst)۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS): شربت خاکسی۔خاکسی کو جوشاندے اور خیساندے کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): دافع حرارت (Febrifuge)۔بخار (Pyrexia)۔

مقدار خوراک:(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح:(CORRIGENT): کتیرا۔شہد

بدل:(TENEDIUM): افسنتین ۔بادآورد۔تودری

مُضر (COMMENTS): کثرت استعمال کے نتیجے میں باعث صداع ہوسکتا ہے۔

Caesalpinia bonducella (L.) Roxb. کرنجوہ

نام: لاطینی: *Caesalpinia bonducella* (L.) Roxb. خاندان: *Caesalpiniaceae*

انگریزی: Fever Nut اردو: کرنجوہ۔ **کجگجه** عربی: اکتمکت فارسی: خایہ ابلیس۔

شناخت(IDENTIFICATION): جھاڑی نما کانٹے دار پودا ہے۔ شاخوں، پتوں کے ڈنٹھلوں اور پھلیوں پر باریک نوک دار بے شمار کانٹے ہوتے ہیں۔ پھلیوں میں سے عموماً دو چھالیہ جیسے چھوٹے بیج نکلتے ہیں جنکا چھلکا سرمئی اور سخت ہوتا ہے۔ تخم کے اندر سے سفید مغز نکلتا ہے جس کا مزہ تلخ ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Bonducin (Bitter Principle, Glycosides Anti-inflammatory, Anti-pyretic), Caesalpinolide (Anti-bacterial), Caesalpinin (Anti-malarial, Anti-pyretic), Caesalpinianone (Anti-fungal), Bonducellin (Febrifuge, Anti-bacterial, Anti-viral).

حصص مستعملہ(PARTS USED): تخم(Seeds)۔ پتے(Leaves)۔ چھال(Bark)۔ جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Relsovent of Inflammation)۔ جاذب رطوبات(Absorptive for Excessive Humours)۔ التہاب مفاصل(Inflammation of Joints)۔ مجفف(Dessicative)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ دافع بخار(Anti-pyretic)۔ موسمی بخار(Seasonal Fever)۔

شناخت(Identification): یہ ایک معدنی عنصر ہے جو کہ کبھی طبعی صورت میں خالص اور کبھی مرکبات کی شکل میں پایا جاتا ہے۔ یہ اٹلی اور سسلی جہاں آتش فشاں پہاڑ ہیں وہاں خالص یا دیگر دھاتوں کے ساتھ نکلتی ہے جس کو سلفائیڈ کہا جاتا ہے۔ مثلاً لیڈ سلفیڈ تانبے کے ساتھ، میگنیشیم سلفیٹ، کیلشیم سلفیٹ اور سوڈیم سلفیٹ کے ساتھ پایا جاتا ہے اور پھر اسکو ترکیب خاص کے ساتھ علیحدہ کر لیا جاتا ہے یہ بعض چشموں میں بھی پائی جاتی ہے اور چشموں کے پانی میں نہانے سے جلدی امراض میں شفاء ملتی ہے اور اکثر نباتات کا ایک جز ہوتی ہے۔ اس کی دو مشہور اقسام ہیں۔ گندھک آملہ سار جس میں چمک ہوتی ہے، مدبر کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔ دوسری قسم موصلی گندھک ہے جس میں چمک نہیں ہوتی یہ عموماً مراہم میں استعمال کی جاتی ہے۔ یہ معدنی دواء سفید، پیلی، سرخ اور کالے رنگ میں پائی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): **Sulphur** (Blood Purifier, Anti-septic, Dessicative, Styptic).

مزاج(TEMPERAMENT): گرم و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مصفی خون(Blood Purifier)۔ مجفف(Dessicative)۔ جالی(Detergent)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ محلل(Resolvent)۔ مسکن(Sedative)۔ حابس خون(Styptic)۔ قاتل جراثیم(Germicide)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ مانع تعدیہ(Disinfectant)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): **اندرونی استعمالات:** بواسیر بادی(Piles)۔ بواسیر خونی(Hemorrhoids)۔ سل ودق(Tuberculosis)۔ بلغمی کھانسی(Phlegmatic Cough)۔

بیرونی استعمالات: قوبا(Ringworm)۔ حکہ (Pruritis)۔ جرب تر(Scabies)۔ بہق ابیض(Pityriasis Alba)۔ بہق اسود(Pityriasis Nigra)۔ برص(Leucoderma)۔ ناسور(Chronic Wounds)۔ داءالثعلب (Alopecia)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب داد۔ حب احمر۔ سفوف قبض۔ ضماد جرب۔ مرہم اشق۔ مرہم خارش جدید۔ دوائے خارش جدید۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مصفی خون(Blood Purifier)۔جلدی امراض(Skin Disorders)۔

مقدارخوراک(DOSAGE):۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام


مصلح(CORRIGENT): دودھ و روغنیات

بدل(TENEDIUM): ایک قسم دوسری قسم کا بدل ہے۔


مُضر (COMMENTS):ا۔ زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے گرم مزاج والے افراد کا مزاج غیر طبعی ہوسکتا ہے۔

۲۔معدے اور آنتوں پر مسہل اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں۔


۳۔دواء کا کثرت استعمال مَردوں میں ضعف باہ کا سبب بن سکتا ہے۔



نیلوفر



جو



سنکھاہولی


چرائتہ


صندل سرخ


عشبہ مغربی


نیم


گندھک

Cydonia vulgaris Pers. بہیدانہ

نام: لاطینی: *Cydonia vulgaris* Pers. خاندان: Rosaceae

انگریزی: Quince Fruit اردو: بہیدانہ۔بہی دانہ عربی: بزرالسفر جل

شناخت(IDENTIFICATION): اس درخت کے پھل کے بیج بیرونی طور پر سرخی مائل اور اندر سے سفید ہوتے ہیں اور بادام سے مشابہت رکھتے ہیں۔اس کے اندر لعاب دار مادہ بکثرت پایا جاتا ہے۔اس درخت کا پھول سفید اور گلابی رنگ کا ہوتا ہے۔پھل پکنے پر سیب کی طرح میٹھا اور غذائیت سے بھرپور ہوتا ہے۔اس کا درخت ترکی،ایران، بھارت، کشمیر اور پاکستان میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Mucilage (Exert Soothing Effects on the Mucous Membrane of the GIT and Respiratory Tract), Starch (Astringent, Exert Soothing Effect on Mucous Membranes), Rutin (Anti-coagulant, Cause Thinning of Blood, Decreases Permeablity of Capillaries), Kaempferol (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Quercetin (Bacteriostatic, Anti-oxidant, Maintains Flexibility of Blood Vessels), Glycoside Amygdalin (Anti-inflammatory, Demulcent, effective for Sore Throat), Gum (Absorb Toxins from the Gastric Juices and Humours), Beta-sitosterol (Inhibit Absorption of Cholesterol from Intestines), Tannin (Astringent, Haemostatic, Anti-microbial), Vitamin C (Strenghten the Gums and Teeth), Carotene (Ophthalmic and Hair Tonic), Thiamine (Helps the Body Cells to convert Carbohydrates into Energy. It Regulates the Physiological Funcitons of the Heart, Muscles and Nervous System).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھل(Fruit)۔تخم(Seeds)۔پتے(Leaves)۔چھال(Bark)۔کلیاں(Buds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): تخم: سرد ۲ و تر ۲۔ پھل: سرد ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): پھل: مغذی(Nutritive)۔منفثِ بلغم(Expectorant)۔مسکنِ عطش(Lessen Thirst)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔مدر بول(Diuretic)۔قابض(Astringent)۔مدمل قروح(Vulnerary)۔مشتہی(Appetite Stimulant)۔امراضِ معدہ(Stomach disorders)۔امراضِ امعاء(Intestinal disorders)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔

تخم: لعابدار(Mucilaginous)۔مزلق(Lubricant)۔مانع حمی(Anti-pyretic)۔مانع سعال(Anti-tussive)۔ملطف(Demulcent)۔صفراوی ودموی امراض(Sanguineous and Bilious Humoural Affections)۔

مسکنِ حدتِ صفراوی ودموی(Reduces Heat of Sanguineous and Bilious Humours)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): پھل: دافع بخار(Febrifuge)۔جلن بول(Burning Micturition)۔ عسرالبول(Dysuria)۔مسکنِ شدتِ عطش(Relieves Excessive Thirst)۔ بیماری کے بعد صحت کو بحال کرتا ہے(Restorative in Convalescence)۔

تخم: بلغمی کھانسی(Productive Cough)۔خشک کھانسی(Dry Cough)۔نزلۂ حار(Catarrh of Warm Origin)۔ دافع نزلہ(Anti-catarrhal)۔خراشِ امعاء مختلطہ (Irritable Bowel Syndrome)۔خراشِ حلق(Sore Throat)۔ خراشِ زبان(Irritation of Tongue)۔قلاع الفم(Stomatitis)۔ورمِ معدہ(Gastritis)۔سحج امعاء(Enteritis)۔ مانع زحیر(Anti-dysenteric)۔قولنج امعاء(Intestinal Colic)۔حمیاتِ حارہ(Fevers of Warm Origin)۔ دافع حرارتِ جسم(Decreases Heat of Humun Body)۔حموضتِ معدہ(Hyperacidity of Stomach)۔ سعالِ حار واخلاطِ فاسدہ(Effective against Cough due to Warm Malhumours)۔ اسہال(Diarrhoea)۔خونی اسہال(Bloody Diarrhoea)۔سل ودق(Anti-tuberculosis)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): جوارش سفرجل قابض۔ بنادق البزور۔جوارش آملہ۔ جوارشِ زرشک۔ جوارش سفرجل موصلی۔ جوارش طباشیر۔خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔خمیرہ ابریشم عود مصطگی والا۔شربت ابیض۔شربت بہی۔ شربت فواکہ۔مربۂ بہی۔مفرح شیخ الرئیس۔لعوق سپستان۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی معدہ وامعاء(Stomach and Intestinal Tonic)۔ اسہالِ حار(Diarrhoea of Warm Origin)۔ مانع حمیاتِ حارہ(Anti-pyretic of Warm Origin)۔

مقدارِخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): بادیان

بدل(TENEDIUM): اسپغول

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے قابض اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔سرد مزاج افراد کے لئے زیادہ مقدارِ خوراک گراوٹ اور سوءِ ہضم کا باعث بن سکتی ہے۔

اسپغول.*Plantago ovata* Forssk

نام: لاطینی:.*Plantago ovata* Forssk   خاندان: Plantaginaceae

انگریزی:Plantain   اردو: اسپغول   عربی: لسان الحمل   فارسی:اسپغول

شناخت(IDENTIFICATION): یہ ایک باریک پتوں اور تنے والی بوٹی ہے جس کا تنا زیادہ اوپر اٹھا ہوا نہیں ہوتا۔ پتے گچھوں (Inflorescence) میں زمین کے نزدیک لگتے ہیں۔ اس کا پودا آدھے میٹر تک اونچا ہوسکتا ہے۔اس کے تخم گلابی رنگ کے لعاب دار کشتی نما یا گھوڑے کے کان کی طرح ہوتے ہیں۔تخم کے اوپر کی بھوسی سفید رنگ کی ہوتی ہے۔جس کو سبوس اسپغول کہتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Mucilage (Inhibits Growth of Bacteria, Absorbs Toxins in the Intestines and Produces Soothing and Protective Actions on the Mucous Membranes of Smooth Muscles), Dietary Fiber (Decreases Serum Cholesterol mainly LDL, Effective in Constipation), Linoleic acid (Found in the Lipids of Cell Membranes, Anti-inflammatory, Moisture with Retentive Properties), Linolenic acid (Effective in Hypertension and Cardiac Diseases), Sugar Xylose, Oleic Acid (Reduces Hypertension), Albumen (Plasma Protein, Transport Thyroid Hormones, Transport Free Fatty Acids to the Liver), Globulin (Blood Plasma Protein, Helps Maintain Immune System functions).

حصص مستعملہ:(PARTS USED): تخم(Seeds)۔ سبوس(Husk)۔

مزاج(TEMPERAMENT): بارد ۲ رطب ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS) : مغری(Mucilaginous)۔ مزلق(Lubricant)۔ دافع خراش امعاء(Removes Intestinal Irritation)۔جراثیم کے خلاف بھی اثرات پائے گئے ہیں(Germicidal)۔ مقامی طور پر مسکن(Produces Sedation on Local Application)۔محلل(Resolvent)۔مسکن(Sedative)۔ صفراوی امراض (Bilious Affections)۔مسکن عطش(Relieves Excessive Thirst) ۔ بریاں سبوس کے قابض اثرات ہوتے ہیں(Roasted Husk Shows Astringent Effects)۔معتدل صفراء (Normalizes excessive Bilious Humour)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): مزمن قبض(Chronic Constipation)۔ خشک کھانسی(Dry Cough)۔

خراش پزیرامعاء کی علامتِ مختلطہ(Irritable Bowel Syndrome)۔کثرتِ شحمیات(Hypercholesterolemia)۔ صفراوی اسہال(Bilious Diarrhoea) میں مفید ہے۔منہ آنا(Mouth Thrush)۔صفراوی بخار(Bilious Fevers)۔ کثرت عطش کوکم کرتی ہے(Relieves Excessive Thirst)۔دافع خراش حلق(Removes Sore Throat)۔ زحیر(Dysentery)۔ بواسیر (Piles)۔مندمل قروح اثناء عشری(Wound Healing in Duodenal Ulcer)۔ مندمل قروح معدہ (Vulnerary in Gastritis)۔ دافع خشونت ریہ (Decreases Dryness in the Lungs)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔جریان(Spermatorrhoea)۔التہاب گردہ(Renal Inflammation)۔ التہاب مثانہ(Cystitis)۔اسپغول کوگرم ورموں مثلاً حمرہ(Erysipelas)،نملہ (Zooster Virus)وغیرہ کی تحلیل وتسکین اورگرم وسرد اورام کوزائل کرنے کیلئے بطور ضماد بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): دیاقوزہ۔لعوق آب نیشکر والا۔لعوق بہیدانہ۔مرہم داخلیون۔شربت ارزانی۔قرص طباشیر کافوری

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): امراض معدہ وامعاء(Gastro-enteric Affection)۔اسہال(Diarrhoea)۔ پیچش(Dysentry)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد یا آب لیموں

بدل(TENEDIUM): بہیدانہ

مُضر (COMMENTS): نیم کوفتہ یاچباکرکھانامضر ہےلیکن اسپغول میں موجودلعاب اورزیادہ نشاستے کی مقداربھوک کم کردیتی ہے اس لئے وزن گھٹانے(Anti-obesity) میں مفیدگرداناجاتا ہے۔مستقل استعمال کے ضمن میں طبیب سے مشورہ لینا بہتر ہے۔

Althaea officinalis Linn. خطمی

نام: لاطینی: *Althaea officinalis* Linn. خاندان: Malvaceae

انگریزی: Marsh Mallow / Holly Hock اردو: خطمی عربی: بیخ خطمی فارسی: گل خیرو

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا پانچ سے چھ فٹ اونچا ہوتا ہے۔تمام پودے پرُرواں ہوتا ہے۔گرمی کے موسم میں ان پودوں سے زردی مائل سرخ گوند نکلتا ہے۔پتے بیضوی شکل کے دندانے دار ہوتے ہیں۔اس کے پھول سفید، گلابی، سرخ، زرد اور اودے یا نیلے تقریباً سات رنگ کے ہوتے ہیں۔کاسنی رنگ کے پھول کو گل خیرو کہا جاتا ہے۔پھل گول ہوتا ہے۔جس میں چپٹے، گول اور کالے رنگ کے تخم بھرے ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Mucilage (Exert Soothing Effects on the Mucous Membranes), Pectin (Dietary Fiber,11%), Flavonoids (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Salicylic Acid (Febrifuge, Analgesic, Anti-acne), Free Fatty Acids (Decrease Cholesterol Level), Phenolic Acids (Astringent, Anti-microbial), Scopoletin (Anti-inflammatory, Hypotensive Agent, Smooth Muscle Relaxant, Bacteriostatic Activity against *Escherichia coli, Staphylococcus aureus, Streptococcus* sp., *Klebsiella pneumoniae* and *Pseudomonas aeruginosa*).

حصص مستعملہ(PARTS USED): تخم(Seeds)۔ پھول(Flower)۔ جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم مائل بہ اعتدال۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکن(Sedative)۔محلل(Resolvent)۔سعال(Cough)۔ رادع(Repercussive)۔امراضِ گردہ، معدہ وامعاء(Renal Gastric and Intestinal Affections)۔ مغری(Glutinous)۔ ملطف(Demulcent)ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ذات الجنب(Pleurisy)اورذات الریہ(Pneumonia) میں اندرونی و بیرونی طور پر استعمال کراتے ہیں۔زحیر(Dysentery)۔التہاب المستقیم(Rectitis)۔سوزش بول(Irritation of Urine)۔ ورم امعاء(Enteritis)۔سدہ امعاء(Intestinal Obstruction)۔اسہال صفراوی(Bilious Diarrhoea)۔ تحجر مفاصل(Rheumatoid Arthritis)۔نزلہ(Influenza)۔زکام(Catarrh)۔عرق النساء(Sciatica)۔

نقرس(Gout)۔ رادع(Repercussive)ہونے کی بنا پر وجع المفاصل(Arthritis) میں مفید ہے۔ مزید برآں سعال بلغمی (Phlegmatic or productive Cough)اورحمیات حارہ(Fevers of Warm Origin) کے خلاف بھی موثر ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): لعوق سپستان۔ جوشاندہ۔ بنادق البزور۔لعوق معتدل۔لعوق نزلہ۔ شربت اعجاز۔شربت صدر۔شربت زوفا مرکب۔قیروطی۔مرہم داخلیون۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION):منفثِ بلغم(Expectorant)۔نافع سعال(Effective in Cough)۔ محلل اورام(Resolvent of Inflammation) ہے۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام۔

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ بادیان

بدل(TENEDIUM): خبازی

مُضر (COMMENTS): سردمزاج افراد کیلئے زیادہ مقدار میں طویل عرصہ تک استعمال مضر ہے

ریشہ خطمی / بیخ خطمی

شناخت(IDENTIFICATION): خطمی کی جڑ جسے ریشہ خطمی بھی کہاجاتا ہے تین سے سات انچ لمبی اورلعابدار ہوتی ہے۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION):ورمِ امعاء(Enteritis)۔صفراوی اسہال(Bilious Diarrhoea)۔دموی اسہال(Bloody Diarrhoea)۔زحیر(Dysenetry)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS):شربت اعجاز۔شربت صدر۔شربت زوفامرکب۔قیروطی۔مرہم داخلیون۔

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ بادیان

بدل(TENEDIUM): خبازی

مُضر (COMMENTS): سرد مزاج افراد کیلئے

Linum usitatissimum Linn. السی

نام: لاطینی: *Linum usitatissimum* Linn. **خاندان:** Linaceae

انگریزی: Lin seed **اردو:** السی۔ **عربی:** بزرالکتاں **فارسی:** السی۔

شناخت(IDENTIFICATION): السی کا پودا چار فٹ تک بلند ہوتا ہے۔ پھول نیلا لاجوردی رنگ کا ہوتا ہے۔ تخم السی گول سنہرے کیپسول میں بند ہوتے ہیں۔ اسکی سفید، گہری سرخ اقسام پائی جاتی ہیں جن پر روغنی چمک ہوتی ہے اور بیرونی سطح بہت چکنی محسوس ہوتی ہے۔ السی کے پودے بنگال، بہار، آندھرا پردیش و پاکستان کے بیشتر علاقوں میں گندم کے ساتھ کاشت کئے جاتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Glycoside Linamarin, Omega-3-Fatty Acids (Anti-inflammatory, Decrease Cholestrol Level and Cause Thining of Blood), Lignins (Anti-oxidant), Mucilage (Soothing Effect on the Mucous Membranes), Linseed Oil (Anti-inflammatory, Relieves Chest Congestion on External Application) Dietary Fiber (Relieves Constipation).

حصص مستعملہ(PARTS USED): تخم(Seeds)۔ روغن فراری(Essential Volitile Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل(Resolvent)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ مُرخی(Emollient)۔ مسکن(Sedative)۔ مسکن اوجاع(Analgesic)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic) اثرات پائے جاتے ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): دافع تشنج(Anti-spasmodic) اثرات کی بنا پر دمہ(Asthma) میں خصوصیت سے مفید ہے۔ کھانسی(Cough)۔ بلغمی کھانسی(Productive Cough)۔ بلغمی اسہال(Phlegmatic Dairrhoea)۔ موسمی نزلہ(Seasonal Catarrh)۔ مزمن نزلہ(Chronic Catarrh) اور ضیق النفس(Dyspnoea) میں مفید ہے۔ چوٹ یا ورموں پر بیرونی طور پر پلٹس لگایا جاتا ہے(Poultice applied on Inflammations and Injury externally)۔ جل جانے کے مقام پر بھی اس کا لیپ مفید ہے(Applied on the Burn Locally)۔ ورمِ مفاصل(Arthritis)۔ ورمِ مثانہ(Cystitis)۔ ورمِ گردہ(Inflamation of Kidney)۔ ذات الریہ(Pneumonia)۔

ذات الجنب (Pleurisy)۔قروح مجری بول(Urethritis)۔ورمِ باریطون (Peritonitis) میں استعمال کرائے جاتے ہیں۔ مسکن اوجاع (Analgesic) ہے۔ بیجوں میں موجودلعابدار مادہ بکثرت ہوتا ہے جو کہ اندرونی و بیرونی اورام میں استعمال کرایا جاتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): لعوق کتاں۔حب بادام۔شربتِ صدر۔قیروطی بزرا لکتاں۔ لعوق ضیق النفس۔مرہم داخلیون۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): اسہال بلغمی(Phlegmatic Diarrhoea)۔مخرجِ بلغم(Eliminates Phlegm)۔

روغنِ السی: محللِ اورام(Resolvent of Inflammation)۔مسکن اوجاع(Analgesic)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): کشنیز۔ سکنجبین

بدل(TENEDIUM): تخم حلبہ۔ (میتھی)

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدارخوراک ہاضمہ پر بوجھ کی کیفیت کا باعث ہوسکتی ہے۔

Pistacia lentiscus Linn. مصطگی

نام: لاطینی: Pistacia lentiscus Linn. خاندان: Anacardiaceae

انگریزی: Mastic / Mastich Tree اردو: مصطگی عربی: مصطگی، علک رومی فارسی: کندر رومی

شناخت(IDENTIFICATION): یہ ایک جما ہوا رال دار مادہ ہے جو درخت کے تنے اور موٹی موٹی شاخوں میں شگاف لگانے سے حاصل ہوتا ہے۔ ایک درخت سے دس بارہ پونڈ مصطگی حاصل ہو سکتی ہے۔ مصطگی کے چھوٹے چھوٹے گول بے قاعدہ دانے مختلف شکلوں کے ہوتے ہیں۔ اس کی رنگت زردی مائل شفاف ذائقہ معمولی شیریں اور خوشبو روغن بلسان کے مشابہ ہوتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Resin (90%), Masticin, Mastichic Acid (Astringent, Haemostatic, Anti-bacterial in large quantity), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-viral), Seeds: Aucubin (HBV, Anti-Inflammatory), Crystalline Trisaccharide, Starch, Edible Oil, Leaves: Myricetin (Anti-viral, Anti-inflammatory), Quercetin (Bacteriostatic), Lupeol (Anti-viral).

حصص مستعملہ (PARTS USED): گوند(Gum Mastic)۔ رال دار مادہ(Gum Resin)۔ روغنِ مصطگی(Mastic Oil)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منفثِ بلغم(Expectorant)۔ محلل(Resolvent)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مختلف اخلاط کی مسہل(Purgative of Different Humours)۔ قابض(Astringent)۔ جالی(Detersive)۔ مجفف اورام وسلعات (Dessicative for Tumors and Inflammation)۔ ملطف(Demulcent)۔ حابس(Styptic)۔ جاذب غیر طبعی رطوبات(Dessicative for Mal-humours)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔

افعال(MEDICINAL USES): نفث الدم(Hemoptysis)۔ قے الدم(Hematemesis)۔ پیچش(Dysentery)۔ صفراوی اسہال(Bilious Diarrhoea)۔ قروح اثنا عشری(Duodenal Ulcer)۔ ضعفِ معدہ(Gastric debility)۔ معدے کا السر(Gastric Ulcer)۔ التہاب قصبۃ الریہ(Tracheitis)۔ ورمِ معدہ(Gastritis)۔ ورم لثہ(Gingivitis)۔ مدمل قرح معدہ و امعاء(Vulnerary for Wounds of Gastric region and Intestines)۔ اسکے ہمراہ مناسب

ادویہ کے استعمال سے جلد اور چہرے کی جھائیاں اور داغ دھبے دور ہو جاتے ہیں۔ اندرونی و بیرونی جریان خون میں مفید ہے(Internally and Externally Styptic)۔ بلغمی کھانسی(Productive Cough)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): جوارش مصطگی۔ جوارش عود ترش مصطگی۔ جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں۔ جوارش طباشیر۔ جوارش جالینوس۔ اطریفل ملین

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی معدہ و امعاء(Stomach and Intestinal Tonic)۔ امراضِ معدہ و امعاء(Gastro-enteric Affection)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): **سفوف:** ۱ سے ۲ گرام۔

مصلح(CORRIGENT): سرکہ و آبِ مورد

بدل(TENEDIUM): پودینہ بالخصوص کاسر یاح خصوصیت میں

مُضر (COMMENTS): امراض مقعد کے مریضوں کو صرف طبیب کے مشورے سے استعمال کرائیں۔ گرم مزاج والے افراد کیلئے بکثرت مقدارِ خوراک اور طویل عرصے تک استعمال سے قابض اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں۔ کثرت استعمال سے بول الدم بھی(Hematuria) ہوسکتا ہے۔

Matricaria chamomilla Linn. بابونہ

نام: لاطینی: *Matricaria chamomilla* Linn. خاندان: Compositae / Asteraceae

انگریزی: Chamomila اردو: بابونہ عربی: بابونج

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا تقریباً تین فٹ اونچا ہوتا ہے جس میں بہت سی ننھی سبز اور نرم شاخیں ہوتی ہیں۔ پھولوں کی رنگت سفید یا زرد ہوتی ہے۔ پھولوں کے اندر ہی تخم ہوتے ہیں۔ یہ پودا یورپ میں بلندی کے مقامات پر خودرو ہوتا ہے۔ پاکستان، شمالی ہندوستان، عراق اور یورپ میں بھی بکثرت کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Chamazulene, Matricin, Chamillin (Anti-inflammatory), Salicylates (Analgesic, Anti-pyretic), Matricine (Carminative, Mild Sedative, Acute and Chronic Gastrointestinal Inflammatory Conditions, Heartburn, Constipation, Stomachache, Protective and Healing Effect on the Mucosa of the GI Tract), Bioflavonoids Apigenin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Anti-histamine, Inhibits Inflammation of Joints), Luteolin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Immune Modulator), Quercetin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Inhibit the Growth of Cancer Cells in Breast, Colon, Prostate, Ovarian, Endometrial and Lung Tumors), Plant Extract (Resolvent, Anti-inflammatory, Sedative, Anti-spasmodic, Smooth Muscle-Relaxant Particularly for the Gastrointestinal Tract, Diaphoretic, Analgesic. It can be used as a Mouthwash for Gingivitis and Externally for Inflammation, Stimulates the Immune System's White Blood Cells i.e Macrophages and B-lymphocytes Against Infections), Bisabolol (Major Anti-inflammatory Constituent), Essential Oil (Healing of Burns, Resolvent of Inflammations, Reduces Fungal Infections of Wounds, It Impairs the Replication of Polio Virus).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔ پھول(Flowers)۔ روغن(Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ وخشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محللِ اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): اعصابی درد(Neuralgia)۔بلغمی کھانسی(Phlegmetic Cough)۔ دماغی وعصبی امراض(Brain and Nervous debility)۔ورمِ معدہ(Gastritis)۔ضعف معدہ(Gastric debility)۔ نقرس(Gout)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔عرق النساء(Sciatica)۔کان کے ورم(Inflammaiton of Ear)۔ موچ(Sprain)۔احتباس طمث(Amenorrhoea)۔عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔یرقان(Jaundice)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): روغن بابونہ۔معجون فلاسفہ۔ضماد جالینوس۔معجون مروّح الارواح۔ ضمادِ محلل۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): محللِ اورام(Resolvent for Inflammation)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد

بدل(TENEDIUM): برنجاسف

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں طویل عرصے تک استعمال نظامِ تنفس کو متاثر کرسکتا ہے۔

Smilax china Linn. / *Smilax chinensis* Linn.چوب چینی

نام: لاطینی: *Smilax china* Linn. خاندان:Liliaceae انگریزی: China Root

اردو: چوب چینی عربی: خشب الصینی فارسی: چوب چینی

شناخت(IDENTIFICATION): یہ پہاڑی درخت کی بے بو جڑ ہے۔اس کے پتے تیز پات سے مشابہ ہوتے ہیں۔جڑ سرخ یا گلابی ہوتی ہے۔تازہ جڑ میں مٹھاس اور خشک جڑ کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔اس کا پودا چین، جاپان، نیپال اور آسام میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Sarsaponin (Endotoxin-binding Saponin, to Stimulate the Removal of Accumulated Waste Products from the Cells, Blood and Lymph, Effective against Psoriasis, Blood Purifier), Parallin, Sapogenins (Anti-inflammatory and Anti-microbial), Smilagenin (Increases Circulation, Clears Toxins and Stimulates Metabolism), Resin, Gum, Starch, Tannin (Astringent, Hemostatic, Vulnerary), Smilacin (Glucoside a Bitter white Crystalline Substance, Anti-inflammatory), Sitosterol (Pituitary Stimulant, Regarded as Substitute for Adrenal Steroids, Progesterone-like which Produces Heavier Muscle Tone), Stigmasterol (Anti-tumor, Anti-inflammatory), Potassium Nitrate (Diuretic, Anti-inflammatory, Urinary Tract Infections), Plant Extract (Anti-oxidant Activity, it binds Bacterial Endotoxins in the Gut, making them Unabsorbable and Eliminates them from the Body, Potential Chemoprotective Activity, Alterative Tonic, Blood Purifier, Diuretic, Diaphoretic, Anti-pyretic, Inflammatory Conditions, Immuno-modulator i.e. Selectively Reduces Overactive Immune Cells, Detoxifying and Lymph-Cleansing Properties, Chronic Nephritis, it has Shown to Increase the Urinary Excretion of Uric Acid), Fixed Oil (Anti-inflammatory, Analgesic, Effective against Gout and Arthritis).

حصص مستعملہ (PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مقوی اعضائے رئیسہ(Tonic for Vital Organs)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔مدمل زخم گردہ ومثانہ(Cicatrizant for Renal and Urinary Bladder Wounds)۔

مدر بول(Diuretic)۔ خشک حالت میں مصفی خون(Blood Purifier in Dried Form)۔ مفتح سدد(Deobsturent)۔ ملطف(Demulcent)۔ محلل(Resolvent)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): سوداوی امراض مثلاً جذام(Leprosy)۔ خارش(Itching)۔ متعدی قسم کے اور پھیلنے والے پھوڑے(Infectious and Communicable Boils)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affection)۔ داد(Ringworm)۔ فالج(Paralysis)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ رعشہ(Tremors)۔ درد شقیقہ(Migraine)۔ صداع مزمن(Chronic Headache)۔ جنون(Mania)۔ مالیخولیا(Malencholia)۔ استسقائے لحمی(Anasarca)۔ یرقان سیاہ(Atrabilious Jaundice)۔ خون کی کمی(Anaemia)۔ داءالثعلب (Alopecia)۔ داءالفیل(Phlebitis)۔ بخار(Fever)۔ گٹھیا(Gout)۔ آتشک(Syphilis)۔ احتباس بول(Urine Retention)۔ بواسیر(Piles)۔ چمبل(Psoriasis)۔ مزمن جلدی دمامیل(Chronic Skin Boils)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت مرکب خاص۔ معجون چوب چینی۔ معجون عشبہ۔ مرہم آتشک

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مصفی خون(Blood Purifier)۔ مقوی اعضائے رئیسہ(Tonic for Vital Organs)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): انار

بدل(TENEDIUM): عشبہ

مُضر (COMMENTS): کثیر مقدار خوراک گرم مزاج والے افراد میں خشکی کا باعث ہے۔

Colchicum autumnale Linn. سورنجان شیریں

نام: لاطینی: *Colchicum autumnale* Linn. خاندان: Liliaceae / Colchicaceae

انگریزی:- Colchicum اردو:- سورنجان شیریں عربی:- سورنجان حلو فارسی:- سورنجان شیریں

شناخت(IDENTIFICATION): یہ پودا سورنجان تلخ سے مشابہ، لیکن اس سے پتلا، پودے کے دیگر تمام اجزاء بھی سورنجان تلخ سے مشابہ ہیں، لیکن جڑ نسبتاً پتلی اور سنگھاڑے کی طرح بالکل سفید ہوتی ہے۔ ذائقہ تلخ ہوتا ہے، تازہ جڑ میں چپک دار مادہ ہوتا ہے۔ پھول زعفران سے مشابہ لیکن سفید ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): سورنجان تلخ والے کیمیائی اجزاء اگرچہ اس میں بھی ہوتے ہیں، لیکن بہت معمولی مقدار میں۔ Colchicine (Analgesic, Anti-inflammatory, Decreases Uric acid level in Blood, Used in Gout, Arthritis, Rheumatoid Arthritis, Synovial Membranes of Joints, Anti-cancer), A small amount of Starch, Gum, Sugar, Resin, Tannin and Water (70 percent), Colchamine (Analgesic), Cornigerine (An alkaloid, Strong Anti-mitotic Effect), Lutiene (A yellow pigment of Carotenoids. Stored within the Retina where it promotes the integrity and density of the macular pigment, a key component of Ocular Health). Luteidine (Cardiotonic Activity, Hypotensive), Collutine (An alkaloid, Anti-oxidant), Fixed Oil (Analgesic, Anti-inflammatory, Applied on Painful Joints Externally).

حصص مستعملہ (PARTS USED): جڑ (Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): ابتدائی اثر مسہل(Initially Effect is Purgative)۔ ثانوی اثر قابض(Secondary Effect is Astringent)۔ محلل(Resolvent)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ ضماداً مجفف رطوبات قرحہ(Dessicative for Malhumours of Wounds)۔ مقوی معدہ(Stomachic Tonic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ سورنجان تلخ کے مقابلے میں اس کے اثرات کمزور ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): وجع المفاصل(Arthritis)۔ نقرس(Gout)۔ عرق النساء(Sciatica)۔ مخرج بلغم غلیظ(Eleminates Viscous Phlegm)۔ محرک باہ(Aphrodisiac)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حبِ سورنجان۔ معجون سورنجان۔ سفوف کلاں۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسکن الم(Analgesic) اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۳۰ سے ۵۰ ملی گرام


مصلح(CORRIGENT): کتیرا۔ شکر


بدل(TENEDIUM): تربد۔ افتیمون۔


مُضر (COMMENTS): کثرت استعمال سے نہ صرف معدہ و جگر کا فعل متاثر ہو جاتا ہے بلکہ باعثِ مروڑ بھی ہے۔



بہیدانہ



اسپغول



خطمی


السی


مصطگی


بابونہ


چوب چینی


سورنجان شیریں

سورنجان تلخ Colchicum luteum Linn.

نام: لاطینی:- *Colchicum luteum* Linn. خاندان:- Liliaceae

انگریزی:- Bitter Colchicum اردو:- سورنجان تلخ عربی:- سورنجان مُر فارسی:- سورنجان تلخ

شناخت(IDENTIFICATION): سدابہار قسم کا چھوٹا پودا، پھول سفید اور زرد، پتے بہت کم اور لہسن سے مشابہ، جڑ سنگھاڑے کی مانند، جڑ کے اوپر بھورے رنگ کا پتلا چھلکا اور اندر سرخی مائل سفید گودا، تازہ جڑ کو کاٹنے پر تلخ اور خراشدار رس نکلتا ہے۔ اٹلی میں ایک مقام کالچیکم میں پودے بکثرت ہوتے تھے چنانچہ قدیم یونانی حکیم دیسقوریدوس نے اسے کالچیکم کے نام سے موسوم کیا ہے۔ وسطی اور جنوبی یورپ، انگلینڈ، روس، مصر، کشمیر اور برِ صغیر کے ٹھنڈے مقامات پر بکثرت اس پودے کی کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Colchicine (Analgesic, Anti-inflammatory, Decreases Uric acid level in Blood, Used in Gout, Arthritis, Rheumatoid Arthritis, Synovial Membranes of Joints, Anti-cancer), Small amounts of Starch, Gum, Sugar, Resin, Tannin and Water (70 percent), Colchamine (Analgesic), Cornigerine and Lumicolchicine from Seeds (An Alkaloid with Strong Anti-mitotic Effect), Lutiene (A yellow pigment of carotenoids. Stored within the Retina where it promotes the integrity and density of the macular pigment, a key component of Ocular Health). Luteidine (Cardiotonic Activity, Hypotensive), Collutine (Anti-oxidant) and Fixed Oil (Analgesic, Anti-inflammatory, Applied on Painful Joints Externally).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۳ و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مسکن درد(Analgesic)۔ مقی(Emetic)۔ مسہل(Purgative / Cathartic)۔ مجفف(Dessicative)۔ منضج اخلاط غلیظہ(Concoctive for Malhumours)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): وجع المفاصل(Arthritis)۔ خراب قسم کے جلدی پھوڑے(Skin Sores)۔ نقرس(Gout)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): روغن گل آکھ۔روغن مجرب۔روغن وجع المفاصل۔روغنِ سورنجان

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسکنِ الم (Analgesic) ہےاوروجع المفاصل(Arthritis) میں مفید ہے۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۲۵ ملی گرام

مصلح(CORRIGENT): کتیرا۔شکر

بدل(TENEDIUM): سورنجان شیریں

مُضر (COMMENTS): جگر کی کمزوری کی صورت میں اسہال اور قے آور ہے۔لہٰذہ طبیب کی رائے سے استعمال کرنا چاہئے۔

نوٹ:سورنجان تلخ میں زہریلی خصوصیات ہیں،اس لئے اندرونی طور پر احتیاط سے اور کم مقدار میں استعمال کرائیں۔

Alpinia galanga Willd.خولنجان

نام: لاطینی: *Alpinia galanga* Willd. خاندان: Zingiberaceae

انگریزی: Galangal, Java Galangal اردو: خولنجان عربی: خولنجان فارسی: بیخ خولنجان

شناخت(IDENTIFICATION): ایک چھ فٹ بلند پودے کی جڑ ہے۔ پودے کے پتے ایک سے دو فٹ لمبے اور نوکدار ہوتے ہیں۔ پھول چھوٹے اور سفید، جڑ لمبی، بے ڈول، گلابی بادامی رنگ کی اور ذائقہ چرپرا ہوتا ہے۔ بعض لوگ اسے پان کی جڑ سمجھتے ہیں، لیکن ایسا نہیں ہے۔ یہ جڑ پہلے چین، جاوا اور سماٹرا سے آتی تھی۔ اب برصغیر میں بھی پیدا ہوتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Galangin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Anti-microbial), Emodin (Anti-tumor), Quercetin (Maintains Flexibility of Blood Vessels, Anti-oxidant), Campheride (Anti-septic), Essential Volatile Oil (Yellow Aromatic Oil, Anti-inflammatory, Rubefacient), Contains Methyl Cinnamate (48%), Pinene and Campheride (20-30%), (Anti-microbial Activity against Gram Positive and Gram Negative Bacteria), Seeds (Anti-ulcerogenic Activity), Extract (Anti-bacterial).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Rhizome)۔ پھل(Fruit)۔ تخم(Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مفرح(Exhilarant)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ مسخن معدہ وجگر بارد(Calorific for Stomach and Cold Liver)۔ دافع امراض بلغمی وسوداوی(Effective against Phlegmatic and Atrabilious Affections)۔ مطیب دہن(Aromatic Masticatory)۔ مدر لعاب دہن(Sialagogue)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ مخرج بلغم(Anti-phlegmatic)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ محرک باہ(Sexual Stimulant) ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ریاحی امراض(Flatulent Affections)۔ زکام(Catarrh)۔ نزلہ(Influenza)۔ کھانسی(Cough)۔ خشونت حلق(Sore Throat)۔ قولنج ریحی(Flatulent Colic)۔ سلسل البول(Stranguary)۔ عرق النساء(Sciatica)۔ درد کمر(Backache)۔ درد گردہ(Renal Colic)۔

لُکنت (Stammering) اور ثقل زبان(Thickness of Tongue) میں ضماد کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔ جلد کے داغ دھبوں(Local Application for Skin Disorders or Patches) کے لئے ضماد اور گٹھیا(Gout) کے لئے بیرونی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

خولنجان کے تجرباتی جانوروں کے مختلف اعضاء پر اثرات (Experimental Studies) سے معلوم ہوا کہ خولنجان غشائے مخاطی پر خراش آور اثرات مرتب کرتی ہے۔ پھیپھڑوں کی نالیوں کے ترشح میں اضافہ۔ پھیپھڑوں سے خارج ہوتے ہوئے بلغم پر مخرج ومنفث اثرات مرتب کرتی ہے۔ دوا کی کم مقدار محرک ہے۔ پھیپھڑوں کی نالیوں (Bronchioles) میں باعث کشادگی ہے۔ دواء وریدیں کشادہ ہوجاتی ہیں اور بلڈ پریشر کم ہوجاتا ہے۔ یہ دواء طحال اور آنتوں کی خون کی رگیں کشادہ کر کے بلڈ پریشر میں کمی کرتی ہے۔ قلب کے تمام حصوں میں عمل انقباض میں کمی کے باعث قلب کی مجموعی رفتار کم کرتی ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): معجون مقوی علوی خان۔ جوارش جالینوس۔ حب جدوار۔ لعوق سرخ۔ جوارش عود شیریں۔ معجون ثعلب۔ حب حلتیت۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مفرّح قلب(Refrigerant)۔ منفثِ بلغم(Expectorant)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۲ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): صندل سفید اور طباشیر۔ کتیرا

بدل(TENEDIUM): دارچینی

مُضر (COMMENTS): کثرت یا طویل عرصہ استعمال حابس بول اور باعث صداع ہے۔ رفتار قلب میں کمی بھی نوٹ کی گئی ہے۔

عقرقرحا *Anacyclus pyrethrum* Linn.

نام: لاطینی: *Anacyclus pyrethrum* Linn. خاندان: Compositae

انگریزی: Pyrethrum / Pellitory Root اردو: عقرقرحا عربی: عقرقرحا۔ فارسی: بیخ طرخون۔

شناخت(IDENTIFICATION): عقرقرحا کا پودا بابونہ سے مشابہ ہے۔ تنا زمین پر پھیلا ہوا ہوتا ہے اور شاخیں روئیں دار جبکہ پھول سفیدی مائل زرد ہوتے ہیں۔ جڑ تقریباً آدھا انچ موٹی، دو سے چار انچ لمبی اور خوشبودار ہوتی ہے۔ ذائقہ تند و چرپرا، جسے چبانے پر زبان اور منہ میں عجیب سی سنسناہٹ ہوتی ہے اور تھوک کی پیدائش بڑھ کر رال بہنے لگتی ہے اور کچھ دیر بعد منہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Pellitorine (Anti-malarial, Potential Anti-cancer), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory), Anacyclin (Anti-bacterial), Pyrethric Acid and Pyrethrin (Anti-inflammatory, Insecticidal Activity), Inulin (CHO, Fiber, Increase Absorption of Ca & Mg), Resin.

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۳ و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مدر لعاب دہن(Sialagogue)۔ محمّر(Rubefacient)۔ منقی فضلۂ بلغم دماغی(Get rid of Excessive Phlegmatic Humour from Cephalic Region)۔ مسخنِ اخلاط(Calorific for Humours)۔ مخدر خفیف(Mild Anaesthetic)۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): لقوہ(Facial Paralysis)۔ فالج(Paralysis)۔ لکنت(Stammering)۔ رعشہ(Tremor)۔ استرخاء(Paresis)۔ دردسینہ(Chest Pain)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ عرق النساء(Sciatica)۔ استسقاء(Ascites)۔ خناق(Diphtheria)۔ دردِ دندان(Toothache)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔ صَرع(Epilepsy)۔ ملیریا(Malaria)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): ضماد خدر جدید۔ برشعشاء۔ معجون ذبیب۔ عرق عنبر۔ جوارش زرعونی سادہ۔ سنون خاص۔ سنون مجلی

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): منقی فضلات دماغ(بلغمی خلط (Purifying wast Phlegmatic Humour
-from Brain)

مقدارخوراک(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): رب السوس اور کتیرا

بدل(TENEDIUM): سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ فلفل دراز

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا طویل عرصہ تک استعمال پھیپھڑوں پر مضر اثرات مرتب کرسکتا ہے۔ غشائے مخاطی امعاء پر بھی مخرش اثرات مرتب کرسکتا ہے۔

Cassia occidentalis Linn. کسوندی

نام: لاطینی: *Cassia occidentalis* Linn. خاندان: Caesalpiniaceae

انگریزی: Negro Coffee اردو: کسوندا۔کسوندی عربی: کسوندی۔ فارسی: کسونجی۔

شناخت(IDENTIFICATION): ایک میٹر بلند پودا ہے۔اس کی بہت سی شاخیں سبز اور نیلگوں ہوتی ہیں۔ پتے سناء کے پتوں سے مشابہ اور بدبودار ہوتے ہیں۔ پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ دو اقسام ہیں بڑی و چھوٹی۔ پھلیاں تقریباً ایک بالشت کے قریب لمبی ہوتی ہیں اور اس کے جوف (Cavity) میں میتھی کے مانند تخم بھرے رہتے ہیں۔تخم کسوندی بریاں (Roasted) قابض اور غیر بریاں مسہل (Purgative) اثرات رکھتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Seeds: Chrysolein (Relief of Indigestion, Flatulence, Colic Pain, Flu, Bronchitis and Catarrh), Stigmasterol, Campesterol, (Anti-inflammatory, Inhibit Intestinal Cholesterol Absorption and Preventing Coronary Heart Disease, Inhibit Matrix Degradation Mediators Typically involved in Osteoarthritis), Leaves: Chrysophanol, (Laxative, Anti-inflammatory), Aloe-emodin (Laxative, Anti-inflammatory, Anti-tumor) Roots: Phytosterol (Protects the Cell Membrane), Tannin (Astringent, Styptic, Anti-microbial), Starch, Calcium Sulphate, Extract of Leaves, Roots and Seeds (Active against Enteric bacteria *Salmonella, Proteus, Escherichia coli* and *Bacillus subtilis)*.

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔ تخم(Seeds)۔ بیخ(Roots)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مصفی خون(Blood Purifier)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر شیر (Galactagogue)۔تریاق سموم حیوانی ومعدنی(Alexipharmic for Animals and Mineral Toxins)۔ مسہل(Laxative)۔مسخن (Calorific)۔محلل (Resolvent)۔کاسر ریاح(Carminative)۔معرق(Diaphoretic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بخار(Pyrexia)۔قبض(Constipation)۔ضیق النفس(Dyspnoea)۔ نقرس(Gout)۔ جلدی امراض (Dermal Ailments)۔ سعال(Cough)۔ دمہ(Asthma)۔ استسقاء(Ascites)۔

اختناق الرحم(Hysteria)۔مخرج کرم شکم(Gastric Vermifuge)۔سوءالقنیہ (Anaemia)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔ قلتِ لبن(Oligogalactia)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): دوائے سیاہ چیچش۔حب سعال

نفع خاص(SPECIFIC ACTION):دافع بخار و سمیت(Anti-pyretic and Alaxipharmic)۔استسقاء(Acites)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): برگ:۳ سے ۵ گرام۔ تخم:۱ سے ۳ گرام۔ بیخ: ۲ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT):فلفل سیاہ۔شہد

بدل(TENEDIUM): کالی یا زرد کسوندی

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا طویل عرصہ استعمال گرم مزاج والے افراد میں خشکی پیدا کر سکتی ہے۔

زعفران Crocus sativus Linn.

نام: لاطینی: Crocus sativus Linn. **خاندان:** Iridaceae

انگریزی: Saffron **اردو:** زعفران۔کیسر **عربی:** زعفران۔کرکم **فارسی:** کرکم

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا نصف گز بلند ہوتا ہے اور پیاز کے پودے سے مشابہ ہے۔ جڑ بھی پیاز کی طرح ہوتی ہے۔ پھول سردیوں کی ابتداء میں بیگنی رنگ کے گچھوں کی شکل میں دو، تین پنکھڑیاں چھے حصوں میں منقسم ہوتی ہیں۔ ہر پھول میں سے تین تین زعفران کے گل ریزے نکلتے ہیں۔ اسپین، ایران، کشمیر، ترکی اور فرانس میں پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Crocin (Coloured Glycoside), Picrocrocin (a Colourless Bitter Glycoside, Anti-inflammatory), Crocetin (An Aromatic Compound), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-oxidant), Fixed Oil, Sugar, Wax-mucilage, Exract (Anti-tumor).

حصص مستعملہ(PARTS USED): خشک گل ریزے(Stigma) اور Top of styles,

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۱۔

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل(Resolvent)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔ مدر بول(Diuretic)۔ محرک(Stimulant)۔ مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔ مقوی بصر(Tonic for Eye-sight)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ مفرح(Exhilarant)۔ سریع النفوذ(Highly Absorbable)۔ غذا و دواء کو رنگدار و خوشبودار بنانے کے لئے مستعمل ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ورمِ جگر(Hepatitis)۔ عظمِ جگر(Hepatomegaly)۔ نزلہ(Catarrh)۔ ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔ امراض قلب(Cardiac Diseases)۔ تقطیر البول(Oliguria)۔ دافع بلغمی بخار(Fever of Phlegmatic Origin)۔ ورمِ رحم(Inflammaion of Uterus)۔ احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): دواءُ الکرکم۔ دواءُ المسک۔ مفرح یاقوتی۔ معجون دبیدالورد۔

معجون زعفرانی۔ جوارش جالینوس۔ لبوب کبیر۔ حب جواہر۔ حب سیاہ چشم۔ حب مدر۔ حب ممسک۔ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔ ضماد جالینوس۔ ضماد زعفران۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مفرح قلب (Exhilarant) ہے اور اصلاح و نفوذ ادویہ کے لئے بکثرت مستعمل ہے(Used as corrigent and Enhance rapid absorption of other Drugs)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳۰ ملی گرام سے ا گرام تک

مصلح(CORRIGENT): سکنجبین

بدل(TENEDIUM): سنبل الطیب۔قسط۔

مضر (COMMENTS): محرک ہونے کی بنا پر بہت زیادہ مقدار استعمال کرنے سے متلی اور چکر آتے ہیں اس کے علاوہ رفتار قلب میں بھی اضافہ ہوسکتا ہے۔

Prunus amygdalus Batsch. Linn.بادام شیریں

نام: لاطینی: Prunus amygdalus Batsch. Linn. خاندان: Rosaceae

انگریزی: Sweet Almond اردو: بادام شیریں۔ عربی: لوز الحلو فارسی: بادام شیریں

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا درخت درمیانے قد کا ہوتا ہے۔ چھال سرخی مائل نیلا ہٹ لیے ہوئے یا بھورا، کچا پھل سبز ہوتا ہے اور جب پھل پک جاتا ہے تو اوپر کا چھلکا پھٹ کر علیحدہ ہو جاتا ہے۔ اس کے نیچے سخت چھلکا جو مسامدار ہوتا ہے اس کے اندر دل دھاری دار گری محفوظ ہوتی ہے جو کہ بادامی چھلکے سمیت اندر سے سفید ہوتی ہے۔ یہ بادام شیریں ہے جو تقریباً ایک انچ لمبا اور کم و بیش چپٹا ہوتا ہے جس کا ایک سرا گول اور دوسرا نوکدار ہوتا ہے۔ اس کا چھلکا بھورا اور لکیر دار ہوتا ہے۔ اس کی گری کے دو حصے (Di-Cotyledon) ہیں۔ کاغذی باداموں کی گری موٹی، ذائقہ دار اور وزن دار ہوتی ہے۔ اس کے پیڑ اونچے ہوتے ہیں اور عموماً سرد علاقوں کے باغات میں کاشت کیے جاتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Carbohydrates, Dietary Fiber, Protein, Increase HDL Cholesterol, Vitamin "A" (Ophthalmic Tonic), Riboflavin (Hair Tonic), Vitamin "C", Quercetin (Produce Flexibility in Ophthalmic Arteries), Methy Quercetin (Anti-inflammatory, Inhibition of Enzyme Lipooxygenase and Inhibition of Inflammatory Mediators, Inhibit the Release of Histamine, which Causes Congestion by Basophils and Mast Cells), Vitamin "E" (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Fixed Oil (Enhance the Growth of Hairs, Anti-inflammatory, Relieve Chronic Constipation), Sphingolipids (Component of Plasma Lipid Bilayer, Regulate Signal Transmission, Neural Tissues Tonic), Extract (Anti-oxidant Activity), Linoleic acid (Decreases the Cholestrol level in Blood), Calcium, Phosphorus, Glucoside Amygdalin (Anti-inflammatory, Analgesic, Supressing Cough, Relieving Pain in Arthritis), Hydrocyanic Acid remaining in the composition of Sweet Almonds is useful (Nervous Vomiting, Gastralgia, Neuralgic Affection of the Gastric Nerves).

حصص مستعملہ (PARTS USED): بیج(Seeds)۔ مغز(Kernel)۔ روغن بادام(Fixed Oil) Oleum Amygdale

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و تر ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منوم(Hypnotic)۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ مقوی شعر(Hair Tonic)۔مقوی دماغ(Brain Tonic)۔مرطب دماغ(Maintains Brain Moisture)۔ ملین شکم(Abdominal Emollient)۔ملین صدر(Aparient for Thorax)۔مقوی بصر(Eye-sight Tonic)۔ امراضِ چشم(Ophthalmic Disorders)۔مسمن بدن(Fattening for Body)۔قاتلِ کرم شکم(Anthelmintic)۔ مؤلد خون(Increases Formation of Blood)۔مؤلد مادّہ منویہ(Increases Formation of Seminal Fluid)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔مقوی دندان ولثہ(Strengthen Teeth and Gums)۔ جالی(Detersive)۔ مسخن(Calorific)۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): دائمی قبض(Chronic Constipation)۔ گلے کی خراش(Sore Throat)۔ نسیان(Amnesia)۔مخرج کرمِ شکم وامعاء(Gastric and Intestinal Vermifuge)۔خشک کھانسی(Dry Cough)۔ بحۃ الصوت(Hoarseness)۔آشوب چشم(Conjunctivitis)۔ضعفِ بصارت(Weakness of Eye-sight)۔ خراش امعاء(Intestinal Irritation)۔جلن وسوزش بول(Irritation and Burning Micturition)۔ مقوی برائے ضعفِ شعر(Hair Tonic useful against Falling of Hairs)۔ضعفِ دماغ(Brain debility)۔ ضعفِ اعصاب(Nervous debility)۔ورمِ مثانہ(Cystitis)۔

روغنِ بادام: امراضِ اجفان(Affections of Eye-lashes)۔مخرج دیدان شکم(Gastric Vermifuge)۔ مسہل(Laxative)۔دائمی قبض(Chronic Constipation)۔مقوی شعر(Hair Tonic)۔دردِ گوش(Ear ache)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت بادام۔لعوق بادام۔لعوق سپستان۔لبوب کبیر۔لبوب صغیر۔روغنِ بادام

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی دماغ و بصر(Tonic for Brain and Eyes)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): بادام شیریں: ۳ سے ۵ دانے۔ روغنِ بادام: ۲ سے ۴ قطرے اندرونی طور پر اور متاثرہ حصے پر بیرونی طور پر بھی مستعمل ہے۔

مصلح(CORRIGENT): مصطگی۔ شکر

بدل(TENEDIUM): مغز اخروٹ۔

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد میں زیادہ مقدار خوراک مضر اثرات مرتب کرسکتی ہے۔بعض افراد میں بکثرت استعمال حساسیت(Allergy) کا باعث ہوسکتا ہے۔

Pistacia vera Linn. پستہ

نام: لاطینی: *Pistacia vera* Linn. خاندان: *Anacardiaceae*

انگریزی: Pistachio Nut Tree اردو: پستہ عربی: فستق فارسی: پستہ

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا درخت افغانستان اور ایران میں بکثرت ہوتا ہے۔ پاکستان میں بھی بلوچستان اور شمالی علاقہ جات میں پایا جاتا ہے۔ مغز ایک سخت چھلکے میں بند ہوتا ہے مغز پر ایک اور نرم غلاف چڑھا ہوتا ہے جسے پوست بیرون پستہ کہا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Carotene (Tonic for Eye-sight, Brain and Nervine Tonic), Vitamin C (Maintain Flexibility of Blood Vessels), Riboflavin (Hair Tonic, Strenghten Roots of the Hair, Improves Body Growth and Red Blood Cell Production), Anacardic Acid (Inhibit Growth of Cancer Tumors Such as Breast Cancer), Nicotinic Acid (Blocks The Breakdown of Fats in Adipose Tissue), Pectin (Dietary Fiber), Oleoresin, Iron, Phosphporus, Calcium, Protein, Carbohydrates, Tannin, Shikimic Acid (A Precursor of Many Alkaloids, The Aromatic Amino Acids Phenylalanine and Tyrosine and Indole Derivatives), Salicylic Acid (Anti-pyretic, Febrifuge), Essential Volatile Oil (Demlucent Activity, Anti-inflammatory). It is Highly Calorific Producing 626 Cal /100 g.

حصص مستعملہ(PARTS USED): مغز پستہ(Kernel)۔ پوست بیرون پستہ(Outer Covering of the Kernel) اور گل پستہ (Flowers)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منفث بلغم(Expectorant)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ مسمن بدن(Fattening For The Body)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مقوی شعر(Hair Tonic)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic) اثرات بھی رکھتا ہے۔ شیخ کی ادویہ قلبیہ میں شامل ہے۔ قابض(Astringent) اور مفتح سدد جگر(Hepatic Deobstruent)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): خفقان(Tachycardia)۔ اختلاج(Palpitation)۔ قے(Vomiting)۔ متلی(Nausea)۔ التہاب معدہ(Gastritis)۔ نسیان(Amnesia)۔ بالوں کی جڑوں کی کمزوری(Weakness of Hair)۔ یاداشت کی کمزوری(Memory Impairment)۔ اعصابی امراض(Nervous Disorders)۔ بفا(Dandruff)۔ عام جسمانی کمزوری(Malaise)۔ ضعف قلب(Cardiac debility)۔ جرب(Itching) وحکہ (pruritis) میں استعمال کرایا

جاتا ہے۔ پتوں کا جوشاندہ بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا ہے(Leaves decoction strenghten the Roots Hairs)۔
نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی قلب و دماغ(Cardiac and Brain Tonic)۔ مقوی اعضائے رئیسہ (Tonic for vital Organs)۔
مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب ادرک۔ لبوب الاسرار۔ لبوب صغیر۔ لبوب کبیر۔ معجون الکلی۔ معجون ثعلب۔ معجون آردخرما۔ معجون مقوی و ممسک۔ حب عنبر مومیائی۔ عرق عنبر
مقدار خوراک(DOSAGE): مغز پستہ: ۲ سے ۵ گرام تک
مصلح(CORRIGENT): سکنجبین۔ سرکہ۔ انار ترش
بدل(TENEDIUM): مغز بادام
مُضر (COMMENTS): طویل استعمال یا زیادہ مقدار خوراک معدے کے لئے مضر ہے۔

Outer Coat of Pistachio Fruit پوست بیرون پستہ

شناخت(IDENTIFICATION): مغز پستہ ایک بیضوی سفید چھلکے کے اندر بند ہوتا ہے یہ چھلکا سخت ہوتا ہے اور اس کے اندر ایک باریک چھلکا ہوتا ہے اسے پوست بیرون پستہ کہا جاتا ہے۔
مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ خشک ۲
افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): قابض(Astringent)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ متلی(Nausea)۔ مانع قے(Anti-emetic)۔
معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): قے(Vomiting)۔ ہچکی(Hiccup)۔ گھبراہٹ(Palpitation)۔ ورم لثہ(Gingivitis)۔ مسوڑھوں کی کمزوری کی بناء پر خون آنا(Bleeding from Gums due to weakness)۔ دافع قلاع/منہ میں چھالے پیدا ہونا(Stomatitis)۔
نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی قلب و دماغ (Cardiac & Brain Tonic)۔ قابض(Astringent) و حابس(Hemostatic)۔
مقدار خوراک(DOSAGE): پوست بیرون پستہ: ۲ سے ۵ گرام تک
مصلح(CORRIGENT): خوبانی
بدل(TENEDIUM): آلو بخارا
مُضر (COMMENTS): قابض ہونے کی وجہ سے طویل استعمال معدے کے لئے مضر ہے۔ بکثرت استعمال سے پتی کے اچھلنے کی شکایت (الرجی) ہوسکتی ہے۔

Trachyspermum ammi (Linn). Sprague اجوائن دیسی

نام: لاطینی: *Trachyspermum ammi* (Linn.) Sprague خاندان: Umbelliferae / Apiaceae

انگریزی: Ajowan Seeds/Omum اردو: اجوائن دیسی عربی: کمون ملوکی فارسی: نانخواہ

شناخت(IDENTIFICATION): اجوائن کے تخم بادیان سے مشابہ لیکن اس سے بہت چھوٹے رنگت میں بھورے مائل بہ زردی، بُو اور مزہ میں تند اور کسی قدر تلخ ہوتے ہیں۔ اجوائن پاکستان، ہندوستان، ایران اور مصر میں کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatile Oil (Anti-oxidant Anti-fungal, Anti-bacterial), Thymol and Carvacrol (Anti-septic, Anti-microbial), Tannin, Saponin. Aqueous Seeds Extract (Aromatic, Carminative, Stomachic and Diuretic, Anti-microbial, Bactericidal Activities), Seeds Decoction (Anti-biotic activity against *Salmonella typhi, Micrococcus pyogenes* var.*aureus* and *Escherichia coli*.

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھل(Fruit)۔ تخم(Seeds)۔ روغن(Oil)۔ ست اجوائن: اجوائن کا پھول(Thymol)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۳ و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): ہاضم(Digestive)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ دافع تعفن(Anti-septic)۔ قاتلِ کرمِ شکم(Anthelmintic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): مخرجِ کرمِ معدہ وامعاء(Gastric and Intestinal Vermifuge)۔ حرکت دودیہ(Increases Peristaltic Movement)۔ ضعف اشتہاء(Loss of Appetite)۔ نفخ شکم(Flatulence)۔ درد شکم(Gastric Pain)۔ ضعف ہضم(Indigestion)۔ اعصابی درد (Neuralgia)۔ اختناق الرحم(Hysteria)۔ قولنج(Colic Pain)۔ اسہال(Diarrhoea)۔ شہیقہ (Pertussis / Whooping Cough)۔ وبائی امراض خصوصاً ہیضہ(Epidemic Cholera) میں مفید ہے۔ دردِ مفاصل(Joints Pain)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): قلزم۔ امرت دھارا۔ روغن حیات۔ معجون نانخواہ۔ عرق عجیب۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مجفف غیر طبعی رطوبات معدہ(Dessicative)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔


مقدار خوراک(DOSAGE) : ۵۰۰ ملی گرام تا ۱ گرام۔ ستِ اجوائن ۱۳۵ ملی گرام پانی کے ہمراہ یا کیپسول میں استعمال کیا جاتا ہے۔

مصلح(CORRIGENT): کشنیز

بدل(TENEDIUM): کلونجی


مُضر (COMMENTS): صداع۔گرم مزاج والے افراد کے لئے زیادہ مقدار میں استعمال کرنا مضرت کا باعث ہوسکتا ہے۔



سورنجان تلخ



خولنجان



عقرقرحا


کسوندی


زعفران


بادام شیریں


پستہ


اجوائن دیسی

Mentha arvensis Linn. / *Mentha piperita* Linn. پودینہ

نام:لاطینی: *Mentha arvensis* Linn. / *Mentha piperita* Linn.   خاندان: Labiatae

انگریزی: Peppermint - Mint   اردو: پودینہ۔ پودنا   عربی: فودنج۔ نعناع   فارسی: فودنج۔

شناخت(IDENTIFICATION): ۶۰ سے ۹۰ سینٹی میٹر بلند خوبصورت ہری بوٹی ہے۔ پتے بیضوی دندانے دار کنارے والے گہرے سبز ہوتے ہیں۔ پھول ارغوانی رنگ کے اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں۔ چند اقسام پائی جاتی ہیں۔ خودرو بھی پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Flavonoids (Anti-oxidant), Menthol (a Waxy, Crystalline Substance, Transparent or White in Color, Local Anaesthetic, Analgesic and Counter Irritant), Menthone (Aromatic and Flavoring Agent), Cineole (Anti-inflammatory, Anti-septic, Mucolytic Activities, Dilates Bronchial Tubes), Limonene (Anti-tumor, Reduce Mammary Tumor Growth, Anti-microbial Agent), Pinene (Anti-microbial), Essential Volatile Oil (Carminative, Anti-viral, Anti-fungal, Anti-bacterial activities), Methofuran (Transparent, White to Light Pale Colour Steam Distilled Liquid has Characteristic Odour and Taste), Methyl Acetate (Flavoring Agent), Isomenthone (Refreshing Minty Odor), Amyl alcohol (Relax the Muscles of the Digestive Tract, Nervine Stimulant).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مبرد (Refrigerant)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مطیب دہن(Masticatory Aromatic)۔ مسکن رطوبات معدہ(Reduces Excessive Gastric Secretions)۔ مسکن معدہ(Gastric Sedative)۔ مسکن معوی(Intestinal Sedative)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ محرک(Stimulant)۔ منفثِ بلغم (Expectorant)۔ مدر صفراء(Cholagogue)۔ مدر بول(Diuretic)۔ محمر جلد(Rubefacient)۔ معرق(Diaphoretic)۔ محلل(Resolvent)۔ متلی(Nausea)۔ قے(Emesis)۔ قاتل کرمِ شکم(Anthelmintic)۔ مقامی طور پر مخدر(Local Anaesthetic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ضعف اشتہاء(Loss of Appetite)۔ ہیضہ(Cholera)۔ دمہ(Asthma)۔ امراضِ معدہ(Gastric Affections)۔ضعفِ معدہ(Gastric debility)۔احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔ مخرج کرمِ شکم وامعاء(Gastric and Intestinal Vermifuge)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔ دافع بخار(Anti-pyretic)۔ نفخ شکم(Flatulence)۔ درد شکم(Abdominal Pain)۔ یرقان(Jaundice)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): جوارش پودینہ۔ عرق پودینہ۔ قرص پودینہ۔ خوباں۔ عرق پان۔ معجون فودنجی۔ معجون سنگدانہ مرغ۔ سکنجبین نعناع ۔ سفوف نعناع۔ جوارش انارین۔ عرق عجیب۔ زندہ طلسمات۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): ہاضم طعام(Food Digestive)۔ مدر بول(Diuretic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ گلقند۔ بنفشہ

بدل(TENEDIUM): ہمہ اقسام میں ایک دوسرے کا بدل موجود ہیں۔

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج افراد کیلئے زیادہ مقدار خوراک کا مستقل استعمال نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ روغن اور (ست) پودینہ کے باقاعدہ استعمال سے حساسیت (Allergy) ہوسکتی ہے۔ بچوں کو بکثرت استعمال کرانے سے معدہ اور آنتوں کا فعل متاثر ہو سکتا ہے۔

زنجبیل ۔ادرک *Zingiber officinale* Roscoe

نام: **لاطینی:** *Zingiber officinale* Roscoe **خاندان:** Zingiberaceae

انگریزی: Ginger **اردو:** ادرک ۔سونٹھ۔ **عربی:** زنجبیل **فارسی:** سونٹھ۔

شناخت(IDENTIFICATION): طبی اور غذائی استعمال میں آنے والے ایک پودے کی خوشبودار جڑ ہے۔ جس کا رنگ ہلکا بھورا اور مزہ تیز چرپرا اور تلخ ہوتا ہے۔ تر دستیاب جڑ کو ادرک اور خشک کو سونٹھ کہتے ہیں۔ جب پھول آ کر مرجھا جائیں اور تنا خشک ہونے لگے تو ادرک حاصل کرنے کا وقت ہوتا ہے۔ تازہ ادرک کو چھیل کر خشک کر لیا جاتا ہے جو کہ سونٹھ یا زنجبیل کہلاتی ہے۔ یہ پنجاب، یوپی کے پہاڑی علاقوں، جموں وکشمیر، مدراس، بنگال، بہار، اور بمبئی میں بکثرت پایا جاتا ہے اور عموماً تمام برِ صغیر میں کم وبیش پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Gingerol (Increases motility of the GIT and exert Analgesic, Sedative, Anti-pyretic and Anti-bacterial Activities), Geraniol (Anti-oxidant), Shogaols (Anti-inflammatory, Anti-cancer, Inhibit Breast Cancer Cells), Zingerone (Spicy-Sweet Aroma), Zingiberene (Anti-nausea and Anti-emetic), Ginger Oil (Prevent Skin Cancer, Anti-cancer for Ovaries Cancer Cells), Essential Volatile Oil (Anti-bacterial, Anti-microbial, Anthelmintic), Rhizomes Decoction (Anti-inflammatory Activity), Zingerone and Shogaols are found in small amounts in Fresh Ginger and in larger amounts in Dried or Extracted Products.

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Rhizomes) پھول(Flowers)۔ تخم(Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): **تازہ ادرک:** گرم ۳ و خشک ۱ **سونٹھ / زنجبیل:** گرم ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مطیب دہن(Aromatic Masticatory)۔ مدر لعاب دہن (Sialagogue)۔ دافع تشنج(Spasmolytic)۔ محلل(Resolvent)۔ محرک(Stimulant)۔ ہاضم طعام(Digestive)۔ قے(Emesis)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔ محمر (Rubefacient)۔ غثیان(Nausea)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): مروڑ(Abdominal Cramps)۔ ضعف اشتہاء(Loss of Appetite)۔

اسہال(Diarrhoea)۔دردشکم(Abdominal Pain)۔نفخ شکم(Flatulence)۔فالج(Paralysis)۔نقرس(Gout)۔ لقوہ (Facial Paralysis)۔ضعف معدہ(Gastric debility)۔رعشہ(Tremor)۔سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔بیرونی طور پر متاثرہ جوڑوں پر روغن سے مساج کیا جاتا ہے(Applied Externally on the Affected Joints)۔تقطیر البول(Oliguria)۔ استسقاء(Ascites)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): جوارش زنجبیل ۔سفوف ہاضم ۔جوارش بسباسہ۔جوارش کمونی۔حب حلتیت ۔شربت زنجبیل ۔قرص پودینہ۔مربہ ادرک۔معجون اذاراقی۔معجون زنجبیل ۔سپاری پاک۔حب عنبر مومیائی۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): ہاضم طعام(Food Digestive)۔محللِ ریاح(Resolvent for Flatulence)۔ مطیب دہن(Aromatic Masticalory)۔

مقدارخوراک:(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): روغن بادام اور شہد

بدل(TENEDIUM): فلفل دراز

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار گرم مزاج والے افراد میں معدہ و امعاء میں خراش آور اثرات مرتب کرسکتی ہے۔

Ficus hispida Linn. انجیر دشتی Ficus carica انجیر

نام: لاطینی: .Ficus carica/Ficus hispida Linn خاندان: Moraceae انگریزی: Fig / Wild Fig

اردو: انجیر۔ انجیر زرد فارسی: انجیر دشتی عربی: تین۔ تین برّی (انجیر دشتی)

شناخت(IDENTIFICATION): آٹھ دس فٹ تک بلند لیکن کمزور درخت جنگی جڑ سے ہی شاخیں نکل کر پھیل جاتی ہیں۔ بڑے بڑے روئیں دار پتے ہوتے ہیں۔ درخت کی چھال اور پھل کھرچنے سے دودھ جیسی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ پھل کو خشک کیا جاتا ہے جس میں نرم خشخاش سے بھی چھوٹے بیج ہوتے ہیں۔ یہ خشک پھل طب میں دواءً مستعمل ہیں۔ یونانی اطباء کے ہندوستان آنے سے قبل یہاں انجیر موجود نہیں تھا۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Ficin (Proteolytic Enzyme, Digestive, Anthelmintic), Glucoside, Latex, Fiber (Relieves Chronic Constipation), Gum, Carbohydrates, Fat, Vitamins A, B, C, Mineral Contents include Phosphorous, Calcium, Iron.

حصص مستعملہ (PARTS USED): انجیر دو قسم کی پائی جاتی ہے۔ انجیر باغی (کاشت کردہ) اور انجیر دشتی (جنگلی)۔
انجیر باغی خشک: پھل مگر دودھیہ رطوبت بہت کم استعمال ہوتی ہے۔ انجیر دشتی: پوست انجیر دشتی۔ پوست بیخ انجیر دشتی۔

مزاج(TEMPERAMENT): باغی: گرم ۱ و تر ۱۔ دشتی: گرم ۱ و خشک ۱۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): پھل۔ مغذی(Nutritive)۔ ملطف(Demulcent)۔ ملین شکم(Abdominal Emollient)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ معرق(Diaphoretic)۔ ہاضم(Digestive)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ منضج اخلاط(Concoctive for Humours)۔ مسہل(Purgative)۔ دافع حرارت(Febrifuge)۔ محلل اورام (Resolvent of Inflammations)۔ مصفی خون(Blood Purifier) ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): انجیر باغی خشک: دمہ (Asthma)۔ بلغمی کھانسی(Phlegmatic Cough)۔ جدری(Small Pox)۔ خسرہ(Measles)۔ چیچک (Chicken Pox) کے دانے ظاہر کرنے کے لئے استعمال کرایا جاتا ہے۔ مزمن قبض(Chronic Constipation)۔ حمّی تیفودیہ(Typhoid Fever)۔ عظم جگر(Hepatomegaly) میں بھی مفید ہے۔

دودھیہ رطوبت: مقرح(Vesicant) ہے۔ عظمِ طحال(Spleenomegaly) میں استعمال کرائی جاتی ہے۔ پوست مقی (Emetic) ہے۔ قوبا(Ringworm)۔ برص(Leukoderma)۔ کلف(Freckles) میں مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت انجیر۔ شربت زوفا مرکب۔ شربت صدر۔ معجون انجیر۔ معجون قرطم۔
انجیر دشتی: سفوف برص۔ سفوف کلف۔ معجون مصفی خون۔ معجون برص۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): **باغی:** کاسر ریاح(Carminative)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ جدری(Small Pox)۔ **دشتی:** برص(Leucoderma)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ عدد خشک۔ پوست انجیر دشتی ۵۰۰ ملی گرام سے ۳ گرام تک کھلائی جاتی ہے اور پیس کر جلد پر بھی لگائی جاتی ہے۔

مصلح(CORRIGENT): آب لیموں۔ انیسون۔ صعتر۔ سکنجبین لیمونی

بدل(TENEDIUM): مویز منقی۔ چلغوزہ، پوست درخت انجیر دشتی انجیر کی جگہ باغی۔

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد کے لئے زیادہ مقدار خوراک نقصان دہ ہوسکتی ہے۔
انجیر دشتی: زیادہ مقدار میں مقی ہے۔ طویل عرصے تک استعمال کرنے سے جگر کا فعل غیر طبعی ہوسکتا ہے۔

Operculina turpethum (L.) *Silva Manso* تربد

نام: لاطینی: *Operculina turpethum* (Linn). *Silva Manso* خاندان:Convolvulaceae

انگریزی: Turpeth Root اردو:تربد عربی:تربد فارسی: تربد ہندی:نسوت

شناخت(IDENTIFICATION): یہ بیلدار بوٹی ہے۔اس کی دو اقسام ہیں۔ایک کی جڑ باہر سے سیاہ اور دوسری کی جڑ سفید،لیکن اندر سے دونوں سفید ہوتی ہیں۔سفید قسم کا پھول سفید اور سیاہ قسم کا پھول نیلا ہوتا ہے۔جڑ اور تنے کی لکڑی کے درمیان ایک اور زیادہ سفید لکڑی ہوتی ہے اسے نکال کر الگ کر دیا جاتا ہے،اسی وجہ سے اس کے ساتھ مجفف خراشیدہ کا لفظ لکھا جاتا ہے۔پاک و ہند کے تمام بلند مقامات (۳ہزار فٹ تک کی بلندی) پر یہ بوٹی پائی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Principal constituent is a Glycosidic Resin, Root contains a Soluble Glycoside,Turpethin, with two types Alpha-turpethin and Beta-turpethin (Enhance Peristaltic Movement, Laxative, Anti-inflammatory. It exerts normal body Temperature, Anti-oxidant Activity and a Protective role against induced Breast Cancer), Aqueous Extract (Laxative Action in Low Dose, Purgative Action in High Dose, Anti-bacterial activity against *Micorococcus pyogenes variety aureus and E.coli*, Anti-inflammatory against Granulomas and Arthritis), Root Exract (Hepatoprotective Activity, Anti-inflammatory, Immuno-modulatory, Purgative Activity, exhibit a significant protective effect by lowering serum levels of Glutamic Oxaloacetic Transaminase (SGOT),Glutamic Pyruvic Transaminase (SGPT / GPT), Alkaline Phosphatase (ALP) and Bilirubin), Small Amount of Albumin, Fructose, Volatile Oil.

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): عمدہ مسہل بلغم(Best Purgative for Phlegm)۔ مفتح سدد دماغ(Deobstruent for Brain)۔منقی فضلات دماغ(Purifying Waste Brain Humours)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): فالج(Paralysis)۔لقوہ(Facial Paralysis)۔عرق النساء(Sciatica)۔

کھانسی(Cough)۔استسقاء(Ascites)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔مانع مٹاپا(Anti-obesity)۔نقرس(Gout)۔ صرع(Epilepsy)۔مزمن قبض(Chronic Constipation)۔یرقان(Jaundice)۔عظم کبد(Hepatomegaly)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): اطریفل اسطوخودوس۔اطریفل دیدان۔اطریفل زمانی۔ اطریفل غددی۔اطریفل مسہل۔جوارش عودبلین۔جوارش سفرجلی مسہل۔جوارشِ کمونی۔حب استسقاء۔حب مقل۔حب ایارج۔ معجون سورنجان۔معجون سناء۔معجون نجاح۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مخرج بلغم۔منقی فضلات دماغ(Purifying Waste Brain Humors)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): پوست ببول۔روغن بادام

بدل(TENEDIUM): غاریقون۔ کالادانہ۔ ایلوا۔

مُضر (COMMENTS): آنتوں کے لئے زیادہ مقدار مخرش،مجفف اور باعث متلی ہے۔

Cassia senna Linn.سنائے مکی

نام: لاطینی: Cassia senna Linn. خاندان: Caesalpiniaceae انگریزی: Senna

اردو: سنائے مکی عربی: سنائے مکی فارسی: سنائے مکی

شناخت(IDENTIFICATION):اس کا پودا دو سے چار فٹ تک بلند ہوتا ہے۔پتیاں ایک دو انچ لمبی زردی مائل سبز ہوتی ہیں۔پھلی ایک انچ چوڑی،دو انچ لمبی،سبزی مائل سیاہ،بیج چھوٹا،چپٹا اور طولانی،پھول ہلکا نیلا،عرب میں اگنے والے پودے کو سنا مکی کہا جاتا ہے۔تقریباً تمام گرم آب و ہوا کے ممالک میں اس کا پودا کاشت کیا جاتا ہے۔خاص طور پر برِ صغیر،مصر،شام اور سعودی عرب میں اس پودے کی کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Chrysophanic Acid (Laxative, Anti-inflammatory), Sennosides (Stimulation of Active Chloride secretion increases Water and Electrolytes Elimination from the Intestines, Stimulate Colon Activity and have a Laxative Effect), Rheinanthrone (Active Purgative), Anthraquinones (Exert Effect on the Small and Large Intestines, Increases Peristalsis and decrease Intestinal Fluid Absorption, Laxative, Anti-malarial, Anti-tumor), Aloe-emodin (The Cathartic Principle, Anti-inflammatory, Anti-bacterial, To wash out harmful germs and rebuild the Intestinal Flora and Decrease Stomach Acidity. It Effects the activity of *Helicobacter pylori* bacterium responsible for causing Stomach Ulcers), Naphthalene Glycoside (Stimulant Laxative, Anti-microbial, Anti-viral, Anti-tumor Activities), Sterol (Maintain Cell Membranes), Kaempferin (Strong Anti-oxidant that help to prevent Oxidative Damage of Cells, prevent Arteriosclerosis and may act as a Chemo-preventive agent to Fight Cancer), Mucilage, Salts, Calcium Oxalate, Resin.

حصص مستعملہ(PARTS USED):پتے(Leaves)۔

مزاج(TEMPERAMENT):پتے: گرم ۱ و خشک ۱۔

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): بیرونی طور پر: قاتل کرمِ شکم(Anthelmintic)۔ منضج سوداء و صفراء(Concoctive for Bilious and Atrabilious Humors)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مصفی خون(Blood Purifier)۔ اندرونی طور پر: مدمل زخم(Vulnerary)۔ جالی(Detergent)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): دردِ شقیقہ(Migraine)۔ دردِ کمر(Backache)۔ عرق النساء(Sciatica)۔

پھوڑے پھنسیاں(Boils and Pustules)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔ذات الجنب (Pleurisy)۔مرگی(Epilepsy)۔ دمہ(Asthma)۔نقرس(Gout)۔ورم بطن(Peritonitis)۔

خزائن الادویہ (حکیم نجم الغنی رامپوری): سناء کا زیادہ اثر قولون پر ہوتا ہے(Colon is the Site of Action for Senna)۔ کلف(Freckles)۔بہق(Pityriasis)۔خارش تر(Scabies/ Itching)۔خارش خشک(Pruritis)۔آتشک کے زخم پر لگانے سے مواد کا اخراج اس وقت تک ہوتا ہے جب تک زخم صحیح نہ ہو جائے (External Application on the Syphilitic Wounds Removes the Mal Humours until the Restoration of the Wounds or Skin Sores)۔ اس کا کچھ حصہ خون میں جذب ہو کر گردوں سے خارج ہوتے ہوئے پیشاب کو سرخ کر دیتا ہے (After absorption its minor Fraction enters into the Renal system and the Urine colour becomes Red)۔ اثناء عشری (Duodenum) پر مسہلہ اثر کرنے والی ادویہ مثلاً رسکپور کے بعد سناء استعمال کرنے سے زیادہ اسہال آتے ہیں۔ رضاعت والی خواتین کو استعمال کرانے سے بچے کو بھی اسہال ہو جاتے ہیں (Lactating Mother are also affected and may initiate Diarrhoea in infants)۔

انڈین میٹریا میڈیکا (نادکرنی): عرب اطباء نے بطور مسہل اور مفرح قلب سناء کی بہت تعریف کی ہے۔مروڑ سے بچنے کے لئے نمکیات اور خوشبودار ادویہ کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔بخار(Fever)۔حمل(Pregnancy)اور بواسیر (Hemorrhoids) کی صورت میں استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS): اطریفل سنائی۔اطریفل اسطوخودوس۔اطریفل شاہترہ۔اطریفل غددی۔ جوارش عود شیریں۔شربت مسہل۔سفوف ملین۔حب شبیار۔سفوف سورنجان۔معجون سورنجان۔معجون چوب چینی۔معجون سناء۔معجون سورنجان۔کحل شفاء۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسہل خراب اخلاط (ردّی اخلاط)(Purgative for Malhumours)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): (۱) بطور ملین ۳ سے ۴ گرام ۔ (۲) بطور مسہل ۵ سے ۷ گرام

مصلح(CORRIGENT): روغن بادام۔ شہد۔ گلِ سرخ۔

بدل(TENEDIUM): تربد۔

مُضر (COMMENTS): کثرتِ استعمال باعث متلی اور مضر برائے طحال و مثانہ ہے۔

Rheum emodi Wall ex. Meissn ریوندچینی

نام: لاطینی: *Rheum emodi* Wall ex. Meissn خاندان: Polygonaceae

انگریزی: Indian Rhubarb / Rheum اردو: ریوندچینی فارسی: ریوند۔ بیخ ریباس۔ بیخ جگری

شناخت(IDENTIFICATION): ایک بڑے پتوں والے پودے ریباس کی سرخی مائل زرد جڑ، ذائقہ تلخ اور خفیف کسیلا ہوتا ہے۔ چین سے درآمد کئے جانے کی وجہ سے اسے ریوندچینی کہا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Aloe-emodin (Stimulant, Laxative Action), Emodin (Purgative, Anti-tumor, Anti-inflammatory), Rhein, Rheinic Acid, Rhubarbarin, Chrysophanic acid (A Yellow Crystalline Substance, used in the Treatment of Hepatic Affections, Skin Disease as Anti-inflammatory and Purgative), Pectin (Dietary Fiber), Gallic Acid (Astringent, Hemostatic, Anti-inflammatory), Tannin (Astringent, Hemostatic, Anti-microbial Activities), Extract (Anti-inflammatory, Anti-viral).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): مرکب القویٰ(Compouned Balanced Temperament)۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): بیرونی افعال: جالی(Detergent)۔ مخرش(Irritant)۔ محلل(Resolvent)۔ مسکن(Sedative)۔ مدربول(Diuretic)۔

اندرونی افعال: منفث بلغم(Expectorant)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مقوی امعاء(Intestinal Tonic)۔ مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔ مدرِ طمث (Emmenagogue)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ ابتدائی اثر مسہلہ بعد میں قابض کیفیت(Initially exibits Purgative and then exerts Astringent Effect)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بیرونی افعال: داغ دھبے(Patches on Skin)۔ جھائیں(Freckles)۔ چوٹ کا درد(Painful Injury) اور ورم(Inflammation) میں مفید ہے۔

اندرونی افعال: یرقان(Jaundice)۔ استسقاء(Ascites)۔ ورمِ جگر(Hepatitis)۔ عظمِ جگر(Hepatomegaly)۔ عظمِ تلی (Spleenomegaly)۔ آنتوں کے سدے(Intestinal Obstructions)۔ کھانسی(Cough)۔ دمہ(Asthma)۔ صداع(Headache)۔ دردشقیقہ(Migraine)۔ فالج(Paralysis)۔ کزاز(Tetanus)۔ جنون(Mania)۔ ریوند چینی کے اجزاء اور جوہر کرائی سوفینک ایسڈ وغیرہ گردے کے ذریعے خارج ہوتے ہوئے پیشاب کے رنگ کو زرد کردیتے ہیں اور رضاعت والی خواتین کے دودھ کا رنگ بھی زرد ہوکر اس میں مسہل تاثیر پیدا ہوجاتی ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت دینار۔ اطریفل ملین۔ تریاق مثانہ۔ اکسیر جگر۔ حب شفاء۔ قرص دیدان۔ قرص زرشک۔ سفوف مدر حیض۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): گاڑھے(غلیظ) اخلاط کی مسہل(Purgative for viscous humours)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۱ سے ۲ گرام

مصلح(CORRIGENT): گوند ببول۔ طباشیر

بدل(TENEDIUM): گل سرخ

مُضر (COMMENTS): بچوں کو زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے دست آور ہے۔ کمزور نظام ہضم رکھنے والے افراد کے لئے مضر ہے۔ متواتر استعمال کرنے سے یا بکثرت مقدار خوراک آنتوں اور مقعد کے لئے تکلیف کا باعث بن سکتی ہے۔

Garcinia cambogia Desrouss. عصارۂ ریوند

نام: لاطینی: *Garcinia cambogia* Desrouss. خاندان: Guttiferae

انگریزی: Gamboge اردو: عصارۂ ریوند عربی: فرفیران فارسی: عصارۂ ریوند

شناخت(IDENTIFICATION): درخت فرفیران کا رال دار گوند ہے جو تنے میں شگاف دینے سے زرد رنگ کے دودھ جیسے مادّے کے طور پر خارج ہوتا ہے۔ خشک ہونے پر بیرونی سطح چمکدار، صاف اور سرخ زردی مائل، ذائقہ نہایت خراش آور ہوتا ہے۔ فرفیران کے درخت بنگال اور سیام میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Resin (80%), Gum (13%), Moisture (5.4%), Rhein (Laxative, Cathartic in High Dose), Aloe-emodin (Laxative, Anti-tumor), Chrysophanol (Anti-microbial, Anti-inflammatory), Hydroxy Citric Acid (HCA, Supress Appetite and Enhance Fat-burning, Anti-obesity Agent).

حصص مستعملہ (PARTS USED): رال(Resin)۔ گوند(Gum)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مخرجِ کرمِ امعاء(Intestinal Vermifuge)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ مفتح سدد(Deobsruent)۔ دیدانِ شکم ہمہ اقسام(Anthelmintic for All Types)۔ مقئی(Emetic)۔ مسہل اخلاط فاسدہ(Hydrogogue / Cathartic for Mal Humours)۔ مدر بول(Diuretic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔ فالج(Paralysis)۔ استرخاء(Paresis)۔ قاتل ومخرج کرمِ امعاء(Intestinal Vermicide and Vermifuge)۔ جنون(Mania)۔ دمہ(Asthma)۔ کھانسی(Cough)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ اس درخت کا رال کرمِ شکم اور ہر قسم کی خِلط فاسدہ کو خارج کرنے کے لئے قے(Emesis)، ادرار(Diuresis) واسہال(Diarrhoea) تینوں ذرائع سے عمل کرتا ہے اور جسم کا وزن بھی کم کرتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب بخار۔ حب شبیار۔ حب عصارہ

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسہل اخلاطِ فاسدہ(Purgative for Malhumours)۔

بلغمی امراض(Phlegmatic Affection)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۶۰ سے ۱۲۵ ملی گرام

مصلح(CORRIGENT): لعاب دارگوند مثلاً کتیرا اور روغن بادام۔روغن گل

بدل(TENEDIUM): سناءمکی

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقداریا طویل استعمال امعاءاور مقعد میں خراش پیدا کرتا ہے۔

Ricinus communis Linn. ارنڈ

نام: لاطینی: *Ricinus communis* Linn. انگریزی: Castor Oil, Castor Oil Plant

خاندان: Euphorbiaceae اردو: ارنڈ۔ ارنڈی عربی: خروع فارسی: بیدانجیر

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا جھاڑ نما درخت متوسط قد کا ہوتا ہے۔ پتے بڑے بڑے چار پانچ حصوں میں منقسم ہونے کی وجہ سے پنجہ دست سے مشابہ ہوتے ہیں اور ان پر سفید رنگ کے خطوط کھنچے ہوئے ہوتے ہیں۔ پھل گول اور خاردار گچھوں میں لگتے ہیں۔ پھل کے اندر سے بیج نکلتے ہیں۔ تخم سے چھلکا ہٹانے پر سفید اور چکنی گری نکلتی ہے۔ پھول چھوٹے چھوٹے سرخی مائل ہوتے ہیں۔ پھل شروع میں سبز پکنے پر سرخ یا زرد ہوجاتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Methanolic Extract (Anti-inflammatory),, Flavonoids (Anti-oxidant), Alkaloid Ricinine, Ricin (Toxalbumin), Ricinoleic Acid (Purgative Activity), Protein, Ash, Fixed Oil (Castor Oil) contains Ricinoleic or Ricinic Acid, Ricinolein and Palmitin, Starch, Mucilage 20%, Sugar, Fixed Oil (Chronic Constipation, Externally applied on Granular Conjunctivitis, to prevent Fall of Eye-lashes, Abnormally).

حصص مستعملہ:(PARTS USED): برگ(Leaves)۔ تخم(Seeds)۔ روغنِ ارنڈ(Castor Oil)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکنِ اوجاع(Analgesic)۔ مسہل قوی(Cathartic)۔ جالی(Detergent)۔ محلل ومسکنِ اورام(Resolvent and Produces Sedation against Inflammations)۔ مدرِ طمث(Emmenagogue)۔ قاتل کرمِ شکم(Anthelmintic)۔ تریاق مارگزیدہ(Alexipharmic)۔ سرد اخلاط کا مسہل ہے(Purgative for Humours of Cold Origin)۔

معالجاتی افعال:(MEDICINAL USES): بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔ فالج(Paralysis)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ رعشہ(Tremor)۔ سرفہ(Cough)۔ ضیق النفس(Dyspnoea)۔ قولنج(Colic Pain)۔ استسقاء(Ascites)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ دائمی قبض(Chronic Constipation)۔ نقرس(Gout)۔

عضلاتِ شکم کی صلابت نرم کرنے میں معاون ہے (It makes the Gastric Muscles Tender)۔ فاسد مادوں کا اخراج بذریعہ اسہال اور قے ہو جاتا ہے (Excrete out waste Matters Through Diarrhoea and Emesis)۔ صلابت کو تحلیل کرنے کے لئے مقامی طور پر ضماد بھی کیا جاتا ہے (Paste is Locally Applied as Resolvent)۔ جلد کے داغ دھبوں میں ضماد کرتے ہیں (Leaves Paste Applied on Skin Patches)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): روغنِ ارنڈ۔ روغن کلاں۔ اطریفل زمانی۔ مرہم داخلیون


نفع خاص (SPECIFIC ACTION): مسہل اخلاطِ ردی (Purgative for Waste Humours)۔ محللِ اورام (Resolvent for Inflammagion)۔


مقدارِ خوراک:(DOSAGE): **مغز تخم بیدانجیر:** ۱ سے ۳ دانے **برگ بیدانجیر:** ۳ گرام سے ۵ گرام

مصلح:(CORRIGENT): کتیرا اور مصطگی


بدل:(TENEDIUM): بادام شیریں۔ زیتون۔


مُضر:(COMMENTS): متواتر استعمال کرنے سے معدے و امعاء کی غشائے مخاطی کے لئے خراش آور ہے۔ زیادہ مقدارِ خوراک سے مروڑ پیدا کرتا ہے۔



پودینہ
OH



ادرک (زنجبیل)


انجیر


تربد


سناء مکی


ریوند چینی


عصارہ ریوند


ارنڈ

املتاس۔خیارشنبر .Cassia fistula Linn

(گودا املتاس۔مغز فلوس خیارشنبر)

نام: لاطینی: .Cassia fistula Linn خاندان: Caesalpiniaceae

انگریزی: Purging Cassia / Golden Shower اردو: املتاس۔چھمکنی فارسی: خیارشنبر

شناخت(IDENTIFICATION): یہ برصغیر پاک و ہند کا درخت ہے۔یونانیوں کو اس کی افادیت کا علم بعد میں ہوا۔سطح سمندر سے لے کر ہمالیہ پر چار ہزار فٹ کی اونچائی تک پایا جاتا ہے۔اس کا درخت ۲۰ سے ۲۵ فٹ بلند ہوتا ہے۔موسم بہار میں زرد رنگ کے پھول لڑیوں کی شکل میں آتے ہیں۔پھلیاں پہلے سبز اور پھر کتھئی رنگ اختیار کرتی ہیں جن میں سکے کی طرح سے Segments ہوتے ہیں جن پر سیاہی مائل چپچپی رطوبت جمی ہوتی ہے۔گودا کافی اور تمبا کو خوشبودار کرنے کیلئے استعمال ہوتا ہے۔خوبصورتی کی وجہ سے جنگل سے شہروں میں لا کر لگایا گیا ہے۔پاکستان میں سوات اور ہنزہ میں خودرو ہے۔دیگر علاقوں میں خوبصورتی کے لئے لگایا جاتا ہے۔پاکستان کے علاوہ بھارت،سری لنکا،بنگلہ دیش،برازیل وافریقہ کے کئی گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Anthraquinone (Laxative), Barbaloin, Rhein, Sennosides A-B (Purgative), Fistulic acid (Decrease Cholesterol and Bilirubin), Fistulin (Anti-inflammatory), Emodin (Anti-tumor), Pulp (Anti-fungal Activity).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھلیاں (Pods)۔گودا (Pulp)۔مغز (Kernel)۔پوست (Bark)۔پھول (Flower)۔خشک پتے (Dried Leaves)۔جڑ (Root) اور بیج (Seed)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و تر ۱

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مدر حیض (Emmenagogue)۔مسہل (Purgative)۔صفراوی امراض (Bilious Affections)۔بلغمی امراض (Phlegmatic Affections)۔منفث بلغم (Epectorant)۔محلل اورام حارہ (Resolvent for Inflammations of Warm Origin)۔ملین سینہ (Aperient for Chest)۔مخرج جنین ومشیمہ (Used for Expulsion of Foetus and Placenta)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): نزلہ (Catarrh)۔کھانسی (Cough)۔ورم حلق (Pharyngitis)۔

دافع خشونتِ حلق وسینہ (Removes Sore Throat and Chest Irritation)۔ ورم لوزتین (Tonsillitis)۔ خناق (Diphtheria)۔ دمہ (Asthma)۔ سدہ جگر و مجری صفراوی (Obstruction of Hepatic and Biliary Ducts)۔ وجع المفاصل (Arthritis)۔ نقرس (Gout)۔ یرقان (Jaundice)۔ یرقان سدی (Obstructive Jaundice)۔ قبض (Constipation)۔ دافع بخار (Anti-pyretic)۔ سدہ امعاء (Intestinal Obstruction) جیسے امراض میں موثر ہے۔

چھال: جلدی امراض خصوصاً اگزیما (Eczema) اور داد (Ringworm) میں مفید ہے۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): لعوق سپستاں خیارشنبری۔ ضماد سنبل الطیب۔ شربت املتاس۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): تینوں اخلاط کے لئے مسہل (Purgative for thrice Humours)۔ محلل اورام (Anti-inflammatory)۔ ملین صدر (Aparient)۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۲۵۰ سے ۵۰۰ ملی گرام۔ بچوں کے لئے: ۲۵ سے ۵۰ ملی گرام۔

مصلح (CORRIGENT): مصطگی۔ مکھن۔ انیسون۔

بدل (TENEDIUM): اصل السوس۔ شہتوت (امراض صدر میں)

مُضر (COMMENTS): مخرش امعاء۔ غثیان۔ مسقط حمل اثرات رکھتا ہے۔ ورم امعاء اور بواسیر کے مریضوں کو طبیب کے مشورے سے استعمال کرایا جائے۔

Allium sativum Linn.لہسن

نام: لاطینی: *Allium sativum* Linn. خاندان: Liliaceae انگریزی: Garlic

اردو: لہسن۔تھوم عربی: ثوم فارسی: سیر

شناخت(IDENTIFICATION): مخصوص جڑ ہے۔متعدد دانوں سے مل کر ایک پوتھی بنتی ہے۔اس کا پودا پیاز سے ملتا جلتا ہے اور تقریباً ایک فٹ لمبا ہوتا ہے۔اس میں تیز بو ہوتی ہے اور اس کی جڑ (Bulb) ہی استعمال کی جاتی ہے۔یہ تقریباً ہر جگہ کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Allicin (Anti-oxidant, Anti-platelet Aggregation, Hyperlipidemic, Hepato-protective, Neuro-protective, Anti-bacterial, Anti-fungal, Anti-tumor) Sulphur Compounds, Diallyl-disulphide (Anti-septic, Anti-spasmodic, Fungicide), Saponins (Maintain Flexibility of Arteries and Red Blood Cells), Vitamin C, Vitamin B6, Minerals (Manganese, Potassium, Calcium, Phosphorus), Amino Acid (Glutamic Acid, Arginine, Aspartic Acid), Quercetin (Maintains the Flexibility of Blood Vessel, Anti-oxidant, Anti-inflammatory).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پوتھی(Bulbs)۔جوے(Pearls) اور روغن(Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۳ و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): بیرونی استعمال: محلل(Resolvent)۔جالی(Detergent)۔محمر (Rubefacient)۔بلغمی اور اعصابی امراض(Phlegmatic and Nervous Disorders)۔

اندرونی استعمال: روغن محرک قوی(Oil is Highly Stimulant)۔معدل(Alterative)۔محرک معدہ(Stimulant)۔محرک باہ(Aphrodisiac)۔معرق(Diaphoretic)۔مدر صفراء(Cholagogue)۔مدر طمث(Emmenagogue)۔مدر بول(Diuretic)۔منفث بلغم(Epectorant)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔تریاق سموم(Alaxipharmic)۔مسکن الم(Analgesic)۔جراثیم کش(Anti-septic)۔خون میں ادویہ کے انجذاب کو بڑھاتا ہے(Increases the Absorption of Other Drugs in Blood)۔خون کی نالیوں کی لچک کو برقرار رکھتا ہے(Maintains the Flexibility in Blood Vessels)۔لہسن کی خصوصیت ہے کہ خون میں

کولیسٹرول کی مقدار کو کم کرتا ہے اور بلڈ پریشر کو طبعی معیار پر رکھتا ہے (Major Garlic Activity is that it decreases the Cholesterol Level in Blood and Maintains the Blood Pressure at Normal)۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): اندرونی استعمال: بلند فشار الدم (Hypertension)۔ بلغمی و عصبی امراض مثلاً فالج (Paralysis)۔ لقوہ (Facial Paralysis)۔ رعشہ (Tremor)۔ مزمن التہاب شعب (Chronic Bronchitis)۔ شہیقہ (Whooping Cough)۔ مزمن بخاروں (Chronic Pyrexia)۔ ضعف باہ (Sexual debility)۔ دمہ (Asthma)۔

بیرونی استعمال: داد (Ringworm)۔ جلد کے پھوڑے پھنسیاں (Skin Boils and Pimples)۔ برص (Leukoderma)۔ بہق ابیض (Pityriasis alba)۔ بہق اسود (Pityriasis nigra)۔ عرق النساء (Sciatica)۔ وجع المفاصل (Arthritis)۔ نافع ذیابیطس (Effective in Diabetes)۔ درد کمر (Backache)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): روغن سیر۔ درسیر۔ تریاق فاروق۔ روغن سرخ۔ معجون سیر علوی خان۔ معجون سیر۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): بلغمی اور عصبی امراض میں مفید ہے (Effective in Phlegmatic and Nervine Affection)۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح (CORRIGENT): روغن بادام میں بریاں کرنا۔

بدل (TENEDIUM): جنگلی قسم

مضر (COMMENTS): زیادہ استعمال خون میں مقررہ مقدار سے کولسٹرول کو کم کرسکتا ہے۔

باؤبڑنگ Embelia ribes Burm. Linn.

نام: لاطینی: *Embelia ribes* Burm. Linn. **خاندان:** Myrsinaceae

انگریزی: Embelia **اردو:** باؤبڑنگ **عربی:** برنج کابلی **فارسی:** بڑنگ کابلی

شناخت(IDENTIFICATION): یہ ایک سدابہار بیل کا پھل ہے جو برسات کے مہینوں کے آخر میں پک جاتا ہے۔ باؤبڑنگ سیاہ مرچ کے برابر خاکستری رنگ کے چکنے اور گول تخم ہیں جن کے اندر سفید مغز ہوتا ہے۔ اس پودے کو کشمیر، انڈیا اُترپردیش، نیپال، برما اور بنگلہ دیش کے پہاڑی علاقہ جات میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Emblic Acid, Emblin (Anti-bacterial & Anti-protozoal), Volatile Oil (Anti-inflammatory), Tannin, Resin, Alkaloids Christembine(Anti-microbial, Anti-inflammatory Activities), Fatty Acid, Aqueous Extract of Berries (Anti-ascarides).

حصص مستعملہ(PARTS USED): تخم(Seeds)۔ پھل(Berries)۔ چھال(Bark)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): **پھل:** مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مشتہی(Appetiser)۔ دافع بخار(Anti-pyretic)۔ کاسرِ ریاح(Carminative)۔

تخم: قاتلِ دیدان شکم(Anthelmintic)۔ نافع دردِ دندان(Relieve Toothache)۔ مجفف(Dessicative)۔ جلدی امراض(Skin Disorders)۔ مسہل اخلاط فاسدہ(Purgative for Mal-humours)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بدہضمی(Indigestion)۔ دافع نفخ(Anti-flatulent)۔ حکّہ(Pruritis)۔ مخرج دیدان شکم(Gastric Vermifuge)۔ صفارکش / ایک قسم کے کیچوے(Ascaricidal)۔ قوبا(Ringworm)۔ جرب(Itching)۔ مجفف قروح(Dessicative for Wounds)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ التہابِ شعب(Bronchitis)۔ قاتلِ کرمِ دندان(Vermicide for Tooth Worms)۔ مخرج کرمِ امعاء وکدودانے / خصوصاً حبّ القرع(Vermifuge for Intestinal Worms, Specially Taenia Round Worms)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): اطریفل قنبیل۔ حب دیدان۔ قرص دیدان۔ اطریفل دیدان۔ حب کبد نوشادری۔ معجونِ جوگراج گوگل۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مخرج کرمِ امعاء (Vermifuge for Intestinal Worms)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۱ سے ۲ گرام

مصلح(CORRIGENT): کتیرا۔ مصطگی

بدل(TENEDIUM): ترمس

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا مستقل استعمال مریض کی آنتوں میں خراش کا سبب بن سکتا ہے۔

Mallotus philippinensis Linn. کمیلہ

نام: لاطینی: *Mallotus philippinensis* Linn. خاندان: Euphorbiaceae

انگریزی: Kamala / Monkey Face Tree اردو: کمیلہ عربی: قنبیل فارسی: کنبلہ

شناخت(IDENTIFICATION): سرخ رنگ کا سفوف ہے جو کہ ایک کوہستانی درخت کے پھل (جو کہ سیاہ مرچ کے برابر ہوتا ہے) پر سے جھاڑ کر علیحدہ کرلیا جاتا ہے۔ شمالی ہندستان کے کوہستان میں اس کے درخت پائے جاتے ہیں۔ مقام پیدائش پاکستان کا کوہستانی علاقہ، کانگڑہ (مشرقی پنجاب)، بنگال اور میانمار ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Kamalin (Crystalline Principal, Taenicide), Resin Contains Yellow Rottlerin (Purgative), Fixed Oil, A Bitter Glucoside,Phenolic Acids, Gallic Acid (Anti-inflammatory, Anti-bacterial), Caffeic Acid (Anti-inflammatory, Anti-bacterial, Anti-fungal), Ferulic Acid (Anti-inflammatory, Anti-fungal), Cinnamic Acid (Anti-fungal, Anthelmintic, Natural Protection against Infections by Pathogenic Micro-organisms), Salicylic Acid (Anti-pyretic, Anti-inflammatory), Extract (Anthelmintic, Anti-inflammatory, Anti-bacterial and Anti-fungal, Anti-bacterial against *Micrococcus pyogenes* var. aureus), Externally used as (Anti-septic, Anti-fungal and for Various Skin Conditions).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھل کے اوپر موجود ریشے اور سفوف جنہیں پھل سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے (Glands Powder and Hairs of Fruits)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسہل اخلاط فاسدہ(Purgative for Mal Humours)۔ مدمل زخم(Vulnerary)۔ قاتل کرمِ امعاء(Intestinal Vermicide)۔ قاتل کرمِ شکم(Anthelmintic)۔ مجفف(Dessicative)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): مخرج دیدان شکم(Vermifuge for Stomach)۔ حکہ(Pruritis)۔ جلدی امراض(Skin Disorders)۔ قوبا(Ringworm)۔ مخرج کیچوے(Expelling of Tape Worms)۔ جرب(Itching)۔ مخرج وقاتل حب القرع/ کدودانے(Expel Taenia and also act as Taenicide)۔

مجفف قروح(Dessicative For Wounds)۔مخرجِ کرمِ امعاء(Expelling of Intestinal Worms)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS):اطریفل قنبیل ۔ روغنِ کمیلہ۔سفوف حکہ

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مخرج وقاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔ مدمل زخم (Cicatrifect zant on Wounds)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): مصطگی۔کتیرا۔انیسون

بدل(TENEDIUM):باؤبڑنگ

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں متواتر استعمال متلی اور قے کا باعث ہوتا ہے۔آنتوں اور فم معدہ کیلئے بھی مضر ہے۔

Rauwolfia serpentina (L.) Benth. اسرول

نام: لاطینی: *Rauwolfia serpentina* (L.) Benth. خاندان: *Apocynaceae*

انگریزی: Snake Root / Rauwolfia اردو: اسرول۔ پاگل بوٹی۔ چھوٹی چندن

شناخت(IDENTIFICATION): اس پودے کی جڑ ایک سے دو انچ لمبی اور نصف انچ موٹی ہوتی ہے جو کہ مٹیالے رنگ کی بھوری۔ اوپر کی چھال نرم ہوتی ہے اور جڑ کوٹنے سے با آسانی الگ ہو جاتی ہے۔ جڑ بے بو ہوتی ہے اور ذائقہ سخت کڑوا ہوتا ہے۔ یہ پودا پنجاب، ستلج، بہار، آسام، ہمالیہ، نیپال اور تھائی لینڈ میں پیدا ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Ajmaline / Rauwolfine, Serpentine (Cardiac Arrhythmias), Ajmalicine (Vasodilator, Hypotensive Agent), Reserpine (Anti-hypertensive Agent, Depress CNS Activity, Tranquilizer) Phytosterols, Fatty Acids, Oleoresin.

حصص مستعملہ (PARTS USED): جڑ(Rhizome)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۳ و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکن(Sedative)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ منوم(Hypnotic)۔ تریاق مارگزیدہ(Anti-dote for Insects & Snake Bite)۔ مصفی خون(Blood Purifier)۔ دافع بخار(Febrifuge) اور مخدر(Anaesthetic) ہے اور سوداوی امراض (Atrabilious disorders) کو بھی رفع کرتی ہے۔ مقوی رحم(Uterine Tonic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): صرع(Epilepsy)۔ امراضِ جلد(Skin Diseases)۔ قوبا(Ringworm)۔ اعصابی درد(Neuralgia)۔ جنون(Mania / Insanity)۔ بے خوابی(Insomnia)۔ مالیخولیا(Melancholia)۔ بلند فشارخون(Hypertension)۔ اختناق الرحم(Hysteria) طب یونانی و دیگر نظام ہائے طب میں بکثرت استعمال کرایا جاتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): اکسیر شفاء۔ دواءالشفاء۔ قرص فشار۔ تریاق فشار

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسکن اعصاب(Nervine Sedative)۔ مخصوص برائے بلند فشار خون

(Hypertension) اس کے استعمال سے بلڈ پریشر کم ہو جاتا ہے۔ اسرول کے اجزاء مجموعی طور پر مسکن اعصاب اثرات مرتب کرتے ہیں۔

مقدارِ خوراک (DOSAGE): ۵۰۰ ملی گرام سے ۱ گرام تک۔

مصلح (CORRIGENT): مرچ سیاہ۔

بدل (TENEDIUM): اجوائن خراسانی۔

مُضر (COMMENTS): سرد مزاج افراد کے لئے۔ زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے دماغ کے سوچنے سمجھنے کی صلاحیت متاثر ہو سکتی ہے۔ زیادہ مقدار میں مستقل استعمال سے نیند کا غلبہ رہتا ہے۔

Hyoscyamus niger L. (H.albus L., H.muticus L.) اجوائن خراسانی

نام: لاطینی: Hyoscyamus niger L. خاندان: Solanaceae

انگریزی: Henbane اردو: اجوائن خراسانی عربی: بزرالبنج فارسی: اجوائن خراسانی

شناخت (IDENTIFICATION): اس پودے کے پتے برگ بادرنجبویہ سے مشابہ، بیضوی، رنگت سبزی مائل سیاہ اور دندانے دار ہوتے ہیں۔ طب یونانی میں زیادہ تر اس کے تخم دواءً مستعمل ہیں۔ اس کی دوائی قوت ایک سال تک باقی رہتی ہے۔ یہ پودا یورپ سائبیریا، مصر، خراسان اور ایران میں بکثرت پایا جاتا ہے تاہم برصغیر پاک و ہند میں، کوئٹہ کے اردگرد اسے کاشت بھی کیا جاتا ہے۔ یہ اجوائن دیسی سے بالکل مختلف پودا ہے۔ یہ پودا ڈیڑھ سے چار فٹ تک بلند روئیں دار ہوتا ہے۔ پتے موٹے اور گھنے بغیر ڈنڈی کے ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء (CHEMICAL CONSTITUENTS): Scopolamine Anti-cholinergic, (Anti-emetic, Cause Mydriasis), Atropine(Anti-cholinergic, Mydriatic, Glaucoma, Reduces Salivation, Lacrimation, Urination, Diaphoresis, Gastrointestinal Motility, Emesis) Hyoscine, Hyoscyamine (Anti-cholinergic at Parasympathetic Sites in Smooth Muscles and Secretory Glands). Plant Extract (Sedative, Analgesic, Hypnotic).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھول (Flower)۔ تخم (Seeds)۔ پتے (Leaves)۔ چھال (Bark)۔

مزاج (TEMPERAMENT): سرد ۳ و خشک ۳۔ سیاہ قسم: سرد ۳ و خشک ۳۔

افعال و خواص (PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکن الم (Analgesic)۔ تریاق (Alexipharmic)۔ دافع تشنج (Anti-spasmodic)۔ منوم (Hypnotic)۔ مخدر (Anaesthetic)۔ اختلاج (Palpitation)۔ مدمل قرحہ (Vulnerary)۔ امراض گردہ، مثانہ و رحم (Renal, Urinary Bladder and Uterine Affections)۔ حابس الدم (Hemostatic/Styptic)۔ مخرج حب القرع (Vermifuge for Round Worms)۔ منشی (Narcotic)۔ بطور رادع مواد (Repercussive) فائدہ کرتا ہے۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): نیند نہ آنا (Insomnia)۔ ایسے درد جن میں ٹیس اٹھتی ہو (Throbbing Pain)۔ دردِ معدہ (Gastric Pain)۔ قولنج (Colic Pain)۔ کرم امعاء (Vermifuge)۔ اعصابی درد (Neuralgia)۔

ہذیان(Delerium)۔ذہنی بے چینی(Mentle Restlessness)۔جنون(Mania)۔دمہ(Asthma)۔ ہسٹیریا(Hysteria)۔دافع بلغمی کھانسی(Productive Cough)۔تشنجی کھانسی(Spasmodic Cough)۔ ہچکی(Hiccup)۔ورمِ مثانہ(Cystitis)۔دانت کے درد(Toothache)۔آشوبِ چشم(Conjunctivitis)۔ التہابِ قزحیہ(Iritis)۔ ورمِ عنبیہ(Uveitis)۔نقرس(Gout)۔وجع المفاصل(Rheumatoid Arthritis)۔ عرق النساء(Sciatica) میں مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): برشعشاء۔تریاقِ نزلہ۔حب سرفہ۔بنادق البزور۔قرص مثلث۔ حب جدوار۔حب لُبِ الخشخاش۔معجون مروّح الارواح۔معجون مقوی و ممسک۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): منوم و مسکن(Hypnotic and Sedative)۔مسکن سعال(Cough Sedative)۔ مسکن اعصاب(Nervine Sedative)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام تک

مصلح(CORRIGENT): دودھ و شہد

بدل(TENEDIUM): خشخاش۔ پوست خشخاش(ڈوڈا)افیون۔

مُضر (COMMENTS): طویل عرصہ تک یازیادہ مقدار میں استعمال زہریلے اثرات مرتب کرتا ہے، مثلاًیاداشت کا خراب ہو جانا۔ چکر آنا۔آنکھ کی پتلی کا پھیل جانا۔حلق خشک ہونا۔نبض سُست اور سانس تنگی سے آنا۔شدید قبض وغیرہ۔

Papaver somniferum Linn. افیون

نام: لاطینی: *Papaver somniferum* Linn. خاندان: *Papaveraceae*

انگریزی: Poppy/Opium اردو: افیون۔ افیم عربی: افیون۔ بزرالخشخاش فارسی: افیون۔

شناخت(IDENTIFICATION): خشخاش کے کچے پھلوں کو شگاف دینے سے سفید رنگ کی رطوبت خارج ہوتی ہے جو کہ جم جاتی ہے اسے کھرچ کر اکٹھا کر لیا جاتا ہے یہ افیون کہلاتی ہے۔ کچھ وقت بعد یہ سخت و سیاہی مائل ہو جاتی ہے۔ ایک برس کا پودا تین چار فٹ تک بلند ہوتا ہے اور اس کا پتا سبز، ملائم اور چکنا ہوتا ہے۔ اس میں سفید کالے، لال، پیلے یا نیلے رنگ کے خوبصورت پھول لگتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Morphine (Analgesic, Anaesthetic), Codeine (Cough Suppressant, Anti-inflammatory), Papaverine (Spasmolytic, Hypnotic), Narcotine (Analgesic), Pectin (Dietary Fiber), Resin. Plant Extract (Sedative, Analgesic, Hypnotic), Plant Extract: (Sedative, Analgesic, Hypnotic).

حصص مستعملہ (PARTS USED): منجمد رطوبت(Latex)۔ بیج(Seeds) (خشخاش)۔ پھل(Fruits) (ڈوڈے) اور اس کا چھلکا/پوست(Bark)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۴ و خشک ۴

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکن الم(Analgesic)۔ مخدر(Anaesthetic)۔ منوم(Hypnotic)۔ دافع تشنج (Anti-spasmodic)۔ دافع نزلہ (Anti-catarrhal)۔ کھانسی(Cough)۔ قابض(Astringent)۔ حابس(Hemostatic)۔ مسکن(Sedative)۔ ممسک(Avoricious)۔

تخم: مغذی(Nutritive)۔ دیگر مذکورہ بالا صفات لیکن بہت ہلکے پیمانے پر۔

پوست: اس میں افیون کی طرح سے ہی اثرات پائے جاتے ہیں۔

معالجاتی افعال: (MEDICINAL USES): کثرتِ طمث (Menorrhagia)۔ آشوبِ چشم(Conjunctivitis)۔ اورام حارہ(Inflammation of Sanguineous Origin)۔ مالیخولیا(Melancholia)۔ اسہال(Diarrhoea)۔ پیچش(Dysentery)۔ سرفہ (Cough)۔ نزلہ حار(Flu of Sanguineous Origin)۔ نفث الدم(Hemoptysis)۔

بلند فشارِ خون (Hypertension) ۔ جنون (Mania) میں مفید ہے ۔ سہر / بے خوابی (Insomnina) ۔ دافع بخار (Anti-pyretic)۔ باری والا بخار (Intermittent Fever)۔ مسکن اوجاع (Sedative for Pains)۔ دموی اسہال (Bloody Diarrhoea)۔ آنتوں کے جریان خون (Intestinal Hemorrhage) میں مفید ہے۔ دردِ دندان (Toothache)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): برشعشاء۔ تریاق نزلہ (تخم و پوست)۔ حب سرفہ۔ معجون مقوی و ممسک۔ حب پیچش۔ حب ممسک۔ دیاقوزہ (پوست مسلم) روغن خشخاش (تخم)۔ شربت خشخاش و شربت صدر (تخم)۔ حب سبز۔ حب سیاہ چشم۔ قرص مثلث۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): مسکن (Sedative)۔ منوم (Hypnotic)۔ مخدر (Anaesthetic)

مقدارِ خوراک: (DOSAGE): افیون: ۱۵ سے ۱۲۰ ملی گرام۔ دو چاول سے ایک رتی۔ پوست: ۳ سے ۵ ملی گرام۔ تخم: ۳ سے ۱۰ ملی گرام۔

مصلح: (CORRIGENT): زعفران و جندبیدستر

بدل: (TENEDIUM): کاہو۔ اجوائن خراسانی۔

مُضر (COMMENTS): باردالمزاج افراد کے لئے مضر ہے بھوک کم کرتی ہے۔ صفراء کے افراز کو کم کر کے قبض پیدا کرتی ہے۔ پیشاب کی مقدار کو کم کرتی ہے۔ زیادہ مقدار مہلک ہے قابض اثرات رکھتی ہے۔ بچوں کے لئے کم مقدار بھی خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔

Paeonia emodi Wall. ex.Hk عودصلیب

نام: **لاطینی:** *Paeonia emodi* Wall. ex.Hk **خاندان:** Ranunculaceae

انگریزی: Paeoni Root **اردو:** عودصلیب **عربی:** عودصلیب **فارسی:** فاوانیا

شناخت(IDENTIFICATION): یہ پودا ایک سے دوفٹ بلند ہوتا ہے۔ پتے گاجر کے پتوں کی طرح، پھول گلاب کی طرح مگر نیلے، جن میں گلاب کی طرح زرد رنگ کا زیرہ بھی ہوتا ہے، ہر پھول میں چار پانچ پتیاں، ہر پتی گلاب کے پھول کی پتی سے چوڑی، جڑ ڈھائی سے پانچ سینٹی میٹر لمبی اور ایک سینٹی میٹر چوڑی، بیرونی جانب سے بھوری اور اندر سے سفید، جڑ توڑنے پر اندر لکیریں کراس کی شکل میں بنی ہوتی ہیں، ذائقہ قدرے چرپرا ہوتا ہے۔ اچھے عودصلیب کی شناخت یہ ہے کہ اسے چبانے کے تھوڑی دیر کے بعد چرپراہٹ، کڑواہٹ محسوس ہوتی ہے اور زبان پر خارش ہونے کا احساس ہوتا ہے۔ اس میں دوائی قوت سات سال تک باقی رہتی ہے۔ جنوبی ایشیا کے بہت سے ممالک میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Paeonin A, Paeonin B (Improvement of Memory, Anti-oxidant Activity, Anti-atherosclerotic Effects, Anti-epileptic Activity, Inhibit Platelet Aggregation, Inhibition of HCl Secretion, Protection of Endothelium from Negative Effects of Hyperlipidemia), Starch, Paeoniflorin (Preventing Nervous System Diseases, Analgesia, Sedative, Spasmolytic, Anti-inflammatory, Anti-ulcer, Expanding Coronary Arteries, Prevents Acute Myocardial Ischemia, and Inhibiting Platelet Aggregation), Paeonol (Analgesic, Sedative, Anti-pyretic, Anti-inflammatory, Anti-bacterial, To remove excessive Heat from Blood, to Activate Blood Circulation and Eliminate Blood Stasis, Anti-inflammatory), Emodinol (Beta-glucuronidase Inhibiting Enzyme, to Prevent Breakdown of Complex Polysaccharides), Lactiflorin (Analgesic, Anti-diuretic, Anti-inflammatory, Anti-convulsant, Vasodilator), Maltose, Mucilage, Tannin, The Complex Polysaccharides of Peony (Exert Immuno-modulating Effects), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-spasmodic), Extract of Aerial Parts (Enhance Memory, Blood Purifier, Anti-epileptic, Neuralgia, Anti-bacterial to Treat Wounds, Fungal Infections, Pain and Spasmodic Conditions).

حصص مستعملہ (PARTS USED): جڑ(Root)۔ تخم(Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مصفیٰ خون(Blood Purifier)۔ جالی(Detergent)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ محلل(Resolvent)۔ مفتح سدد جگر(Hepatic Deobstruent)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ مفتح عروق(Deobstruent for Vessels)۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ مسکن اعصاب(Nervine Sedative)۔امراضِ رحم میں مفید ہے(Effective in Uterine Disorders)۔ مجفف(Dessicative)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): صرع(Epilepsy)۔رعشہ(Tremor)۔لقوہ(Facial Paralysis)۔ فالج(Paralysis)۔کابوس(Incubus)۔جنون(Mania)۔ورم دماغ(Meningitis)۔اختناق الرحم(Hysteria)۔ ام الصبیان(Infantile Convulsions)۔دردمعدہ(Gastric Pain)۔دردگردہ(Renal Pain)۔یرقان(Jaundice)۔ درد مثانہ(Pain in Urinary Bladder)۔بچوں میں مفتت حصات گردہ(Lithotriptric for Children)۔ بچے کے گلے میں لٹکانے سے مرگی میں آرام (Hanging this herb, into the neck of Children get Relief from Intensity of Epilepsy)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عودصلیب والا۔حب اعصاب۔ معجون خدر۔معجون حمل عنبری۔معجون ذبیب۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION): صرع(Epilepsy)اوردیگر اعصابی امراض(Nervous Disorders)۔


مقدار خوراک(DOSAGE): ایک سے ۳ گرام


مصلح(CORRIGENT): کتیرا

بدل(TENEDIUM): حب بلساں

مُضر (COMMENTS): بکثرت استعمال کرنے سے گرم مزاج والے افراد کا مزاج متاثر ہوجاتا ہے۔مستقل استعمال سے آنتوں کے لئے خراش آور ہے۔



لہسن



املتاس


باؤبڑنگ


اسرول


اجوائن خراسانی


افیون


عود صلیب

Coriandrum sativum Linn. دھنیا

نام: لاطینی: Coriandrum sativum Linn. خاندان: Umbelliferae

انگریزی: Coriander اردو: دھنیا عربی: کزبرہ فارسی: کشنیز

شناخت(IDENTIFICATION):اس کا پودا خوشبودار ایک سے دوفٹ اونچا اور شاخ درشاخ پھیلا ہوتا ہے۔شاخیں نرم اور پتے کئی حصوں میں تقسیم ہوتے ہیں اور کنارے کٹے ہوئے ہوتے ہیں۔سبز ٹہنیاں، پتے اور خشک پھل اور اس میں موجود بیج بکثرت استعمال ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Coriandrinal, Coriandrin (Anti-viral Activity), Quercetin (Maintains Flexibility of Blood Vessels, Anti-hypertensive), Vitamin "A" (Improvement of Eyes, Eyes-sight Tonic), Vitamin "C" (Maintains Flexibility of Blood Vessels, Strenghten the Gums), Coriander Oil (Anti-bacterial Activity, Anti-inflammatory), Geraniol (Anti-oxidant).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔خشک پھل(Dried Fruit)۔ بیج(Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سبز دھنیہ: معتدل۔ دھنیہ خشک: سرد ۲ وخشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): برگ: اعلیٰ درجہ ملطف (Demulcent)۔ مفرح(Exhilarant)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔دافع تشنج(Anti-spasmodic) ہیں۔

گل: مقوی دماغ(Brain Tonic)۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic) ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): اورامِ صفراوی (Bilious Inflammation)۔ قلاع الفم(Stomatitis)۔ محللِ اورامِ حارہ(Resolvent for Inflammations of Warm Origin)۔سل ودق(Tuberculosis)۔ بخار(Pyrexia)۔ضعفِ معدہ(Stomach debility)۔اختلاج(Palpitation)۔قولنج(Colic Pain)۔ خفقان(Tachycardia)۔اسہال(Diarrhoea)۔اسہالِ اطفال(Childhood Diarrhoea)۔نکسیر(Epistaxis)۔ زکام(Catarrh)۔سدر(Vertigo) ودوار(Giddiness)۔حموضتِ معدہ(Hyperacidity)۔ بدہضمی(Indigestion)۔

سوزش بول (Burning Micturition)۔ بلند فشارالدّم (Hypertension)۔ ذات الجنب (Pleurisy)۔ ذات الریہ (Pneumonia) میں مفید ہے۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): اطریفل کشنیزی۔ اطریفل زمانی۔ اطریفل منڈی۔ روغن کشنیز۔ دواء المسک۔ خمیرہ گاؤزبان۔ سفوف کلاں مفرح بارد

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): مقوی اعضائے رئیسہ (Tonic for Vital Organs)۔ مفرح (Exhilarant)۔ مقوی قلب (Cardiac Tonic)۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۵ سے ۷ گرام   **روغن:** ۱ سے ۲ ملی لیٹر

مصلح (CORRIGENT): سکنجبین

بدل (TENEDIUM): کاہو۔ تخم خشخاش

مُضر (COMMENTS): بطور مفرد کثرت استعمال مضعف باہ و دماغ ہے۔

Datura stramonium Linn. دھتورہ۔تاتورہ

نام: لاطینی: *Datura stramonium* Linn. خاندان: Solanaceae

انگریزی: Thorn Apple, Datura اردو: دھتورہ۔ فارسی: تاتورہ۔ عربی: نفیر۔جوزماثل

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا درخت ڈیڑھ دوفٹ اونچا بینگن کے پودے سے مشابہ ہے۔ پتے بھی بینگن کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ پھول شہنائی نما، سفید و نیلے جبکہ پھل گول اخروٹ سے بڑا اور اس کے چاروں طرف بے شمار نوکدار کانٹے ہوتے ہیں۔ اس کی دو اقسام ہوتی ہیں سفید و سیاہ۔ یہ ہندوستان میں خودرو ہوتا ہے۔ ایران، پاکستان اور افغانستان میں بھی کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Principal Datura Alkaloid Hyoscyamine (Anti-spasmodic, Anodyne, Narcotic, more Sedative for the Central Nervous System), Hyoscine, Leaves: 17 to 20% of ash and are rich in Potassium Nitrate (Anti-spasmodic), Contain also a Trace of Volatile Oil, Gum, Resin, Starch, Seeds (Relieve Asthma, Anodyne, Narcotic), Tropane Alkaloid (Inhibit the Parasympathetic Nervous System, which control Involuntary Body Activities. Reduces Saliva, Gastric, Intestinal and Bronchial Secretion, Control the Contraction and Relaxation of the Urinary Bladder Sphincters, Increase Heart Rate and Dilate the Pupils), Atropine (Decrease Saliva and Phlegm and control Stomach / Intestinal Spasms by Blocking the Actions of Certain Natural Substance e.g Acetylcholine, Produces Mydriasis, Glaucoma, Inhibits Sweating, Mucus and Bronchioles Secretions), Hyoscine / Scopolamine (Reduces Intestinal, Urinary Bladder Cramps, Spasms, Renal, Biliary Colic Pain, Relax the Smooth Muscle of the Stomach and Intestines), Extract of Seeds (Used to allay Cough in Spasmodic Bronchial Asthma, Whooping-Cough and Spasm of the Bladder), Extract of Plant (Sedative, Analgesic, Narcotic, Applied Locally as Ointment, Fomentation, Palliate the Muscular Pain and Neuralgia), Meteloidine (Relieve Anxiety, Insomnia and Stressful Conditions).

حصص مستعملہ (PARTS USED): بیج(Seeds)۔ پتے(Leaves)۔ پھل(Fruit)۔ تیل(Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۴ و خشک ۴

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منوم(Hypnotic)۔منشی / مسکر(Narcotic)۔ مسکن(Sedative)۔دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔مقوی باہ(Aphrodisiac)۔آبی محلول آنکھ میں ڈالنے سے پتلی پھیل جاتی ہے(Aqueous Extract Dilates the Pupil of the Eyes)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): وجع المفاصل(Arthritis)۔کالی کھانسی(Pertussis/Wooping Cough)۔ دمہ(Asthma)۔دافع نزلہ(Anti-catarrhal)۔بواسیر (Piles)۔جنون(Mania)۔ورم پستان(Mastitis)۔ جوڑوں کا ورم(Inflammation of Joints)۔درد کمر(Backache)۔ورموں ورسولیوں پر متورم غدود(کن پھیڑو گلسوئے) کو تحلیل کرتا ہے(To resolve the Inflammation and Tumor of the Affected Parotid Glands)۔ انگلیوں کے ناخن(Applied on Injured Nails)۔جلے ہوئے مقام(Local Application for Burns)۔ نقرس(Gout)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): روغن ہفت برگ۔حب شفاء

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسکن اعصاب(Sedative for Nervous System)۔مخدر(Anaesthetic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): پتے دھوئیں کے لئے (Fomentation)۔ایک سے ڈیڑھ گرام گرم کر کے استعمال کیا جاتا ہے جبکہ پھل کا گودا بڑے پھوڑوں پر لیپ کرتے ہیں۔ہلدی کے ساتھ پیس کر ورم پستان پر لگاتے ہیں۔بیج ۱۰ سے ۳۰ ملی گرام۔

مصلح(CORRIGENT): سیاہ مرچ

بدل(TENEDIUM): اجوائن خراسانی۔افیون

مُضر (COMMENTS): سمی دوا ہے۔احتیاط کے ساتھ استعمال کرانی چاہیے۔خصوصاً بچوں، حاملہ خواتین اور امراض قلب میں مبتلا افراد کو طبیب کے مشورے سے یہ دوا نہایت احتیاط کے ساتھ استعمال کرائی جاتی ہے۔

Hydrocotyl asiatica Linn. برھمی بوٹی

نام: لاطینی: *Hydrocotyl asiatica* Linn. خاندان: Apiaceae / Mackinlayaceae

انگریزی : Indian Penny Wort اردو: برہمی بوٹی۔ سرسوتی عربی: برہمی بوٹی۔ فارسی: برہمی بوٹی۔

شناخت(IDENTIFICATION): یہ بوٹی نمناک مقامات پر پیدا ہوتی ہے۔ خاص طور پر بنگال میں یا پھر تین ہزار فٹ کی بلندی پر پیدا ہوتی ہے۔ پتے چاندی کے روپے کے برابر گول پتلی پتلی شاخوں پر بیل نما مفروش ہوتے ہیں۔ ہندستان میں کاشت ہونے کے بعد اس بوٹی کو طب یونانی میں دوا کے طور پر شامل کیا گیا تھا۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Asiaticoside (Beneficial for Collagen and Connective Tissues, Stimulate Skin Repair and Strengthen the Skin, Promote Hair Growth, Dissolve the Waxy Covering of *Bacillus leprae,* Leprosy Nodules are Broken Down), Brahoside, Brahinoside (Diuretic and Slightly Sedative), Campesterol (Anti-inflammatory, Inhibit Matrix Degradation of Cartilages), Inorganic Salts (Chloride, Sulphate, Calcium, Magnesium, Sodium), Vallarine, Hydrocotylin (Bitter Principle, Anti-microbial, Anti-inflammatory, Nervine Tonic, Enhance Memory), Oxy-asiaticoside (Anti-inflammatory, Anti-bacterial, Effective in Tuberculosis), Sitosterol (Anti-spasmodic, Anti-protozoal), Bacoside A (Assists in the Release of Nitric-oxide allowing relaxation of the Aorta and Veins, Bronchitis, Blood flow more smoothly through out the Body), Bacoside B (Nourish Nerve Cells in the Brain), Extract (Anti-convulsant, Neuro-protective, Decreases Epileptic Seizures, Improve Memory, Relieves Bronchitis, Cough, Anti-viral and Anti-inflammatory).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔ تازہ یا سائے میں خشک کئے ہوئے۔ دھوپ میں خشک کرنے سے ایتھر و الکوحل اڑ جاتا ہے۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مصفیٰ خون(Blood Purifier)۔ مسکن(Sedative)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ محافظِ حافظہ(Memory Protective)۔ مقوی شعر(Hair Tonic)۔ افزائش شعر(Promoting Hair Growth)۔ سر میں ڈالنے والے تیلوں میں شامل کی جاتی

ہے(Hair Oils Formulation contains this Herb)۔بیرونی طور پر محرک(Stimulant Externally)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): کھانسی(Cough)۔نزلہ(Influenza)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔ صداع(Headache)۔نسیان(Amnesia)۔جنون(Mania)۔اختناق الرحم(Hysteria)۔صرع(Epilepsy)۔ ضعف بصر(Weakness of Eye-sight)۔ضعفِ اعصاب(Nervous debility)۔ضعف دماغ(Brain debility)۔ ضعفِ حافظہ(Loss of Memory)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS) معجون برہمی۔ضماد برہمی۔برہمی آملہ تیل۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی دماغ(Brain Tonic)۔حافظہ(Memory Protective)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): کشنیز

بدل(TENEDIUM): کباب خنداں

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے صداع ہوجاتا ہے۔طویل عرصے تک استعمال کرنے سے طبیعت میں گراوٹ محسوس ہوتی ہے۔

Cinnamomum cassia Blume Linn. دارچینی

نام: لاطینی: *Cinnamomum cassia* Blume Linn. خاندان: Lauraceae

انگریزی: Chinese Cassia, Cinnamon اردو: دارچینی عربی: دارچینی۔قرفہ فارسی: تج

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا درخت درمیانے قد کا ہوتا ہے۔ ہرا ابھرا، چھال پتلی سرخی مائل بھوری اور خوشبودار ہوتی ہے۔ یہ چھال باآسانی ٹوٹ جاتی ہے۔اس کا ذائقہ شیریں، تیز اور خوشبودار ہوتا ہے۔ دارچینی کے درخت کے مختلف حصوں سے لونگ کی مانند خوشبو آتی ہے اور زرد رنگ پانی سے ہلکا روغن(Essential Oil) حاصل کیا جاتا ہے۔اس کا درخت جاوا، سماٹرا اور سری لنکا میں بکثرت ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Tannin (Astringent, Hemostatic, Anti-microbial Activities), Gum, Sugar, (Starch), Mucilage (Produces Soothing Effect on the Mucous Membranes), Cinnamic Acid, Cinnamaldehyde (Anti-fungal, Anti-microbial, Anti-carcinogenic), Linalool (Anxiolytic or Anti-Stress, Anti-tumor, Anti-cancer for Hepatic Cells), Eugenol (A Clear or Pale Yellow Oily Liquid, Anti-septic, Local Anaesthetic, Analgesic, Relieves Toothache, Aromatic and Flavoring Agent).

حصص مستعملہ (PARTS USED): چھال(Bark)۔روغن(Cinnamon Oil, Ceylon Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): دارچینی: گرم ۳ و خشک ۲۔ روغن دارچینی (Ceylon Oil): گرم ۲ تر ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ مسکن(Sedative)۔بطور کحل مقوی بصر(Tonic for Eye-sight)۔مفتح سدد(Deobstruent)۔جالی(Detergent)۔ دافع تعفن(Anti-septic)۔مقوی دماغ(Brain Tonic)۔مقوی اعضائے رئیسہ(Tonic for Major Organs)۔ محلل(Resolvent)۔مفرح(Exhilarant)۔ملطف(Demulcent)۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): نسیان(Amnesia)۔صداع(Headache)۔زکام(Influenza)۔ کھانسی(Cough)۔دمہ(Asthma)۔رعشہ(Tremor)۔موتی جھرہ(Typhoid)۔خفقان(Tachycardia)۔

اختلاج (Palpitation)۔ اسہال (Diarrhoea)۔ ہیضہ و بائی (Epidemic Cholera)۔ بواسیر (Hemorrhoids)۔ ریاح معدہ (Abdominal Flatulence)۔ استسقائے زقی (Abdominal Ascites)۔ استسقائے لحمی (Anasarca)۔ بحتہ الصوت (Hoarseness)۔ کلف (Freckles)۔ داغ دھبے (Skin Patches)۔ بثور لبنیہ (Acne, Pimples)۔ قوبا (Ringworm)۔ ثقل سماعت (Difficulty in Hearing)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): تریاق ثمانیہ۔ جوارش بسباسہ۔ جوارش جالینوس۔ جوارش عود شیریں۔ جوارش تمر ہندی۔ دواءالمسک معتدل جواہر دار۔ دواءالکرکم کبیر۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): امراض بلغمی (Phlegmatic Affection)۔ مقوی اعضائے رئیسہ (Tonic for Vital Organs)۔

مقدار خوراک: (DOSAGE): ۲ سے ۳ گرام تک

مصلح (CORRIGENT): کشنیز۔ صندل سفید۔ خمیرہ بنفشہ

بدل (TENEDIUM): کباب چینی۔ خولنجان

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج افراد میں کثرت استعمال باعث صداع ہے اور گردہ و مثانہ کیلئے مضر ہے۔

Tanacetum umbelliferum Linn. بوزیدان

نام: لاطینی: Tanacetum umbelliferum Linn. خاندان: Compositae

انگریزی: Sweet Pellitory اردو: بوزیدان عربی: مستعجلہ فارسی: بوزیدان۔ستاوری

شناخت(IDENTIFICATION): ایک سخت وٹھوس جڑ ہے جو کہ ایران میں بکثرت پائی جاتی ہے۔ یہ پوداعقرقرحا سے ملتا جلتا ہے۔ جڑ کی بیرونی سطح پر لکیریں ہوتی ہیں۔مزہ چرپرا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatite Oil (Anti-inflammatory, Anti-histamine, Insecticidal Activity), Flavonoids (Potential Anti-oxidant, Anti-cancer, Cardioprotective), Parthenolide (Anti-inflammatory, Prevent Excessive Clumping of Platelets/Anti-coagulant), Tanacetin (A Bitter, Amorphous Principle), Pyrethrine (Insecticidal), Cineole (Anti-bacterial), Thujone (Anthelmintic).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ/بیخ (Roots)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکن اعصاب(Produces Nervous Sedation)۔ مسکن الم(Analgesic)۔قاتل کرم شکم وامعاء(Anthelmintic)۔مدربول(Diuretic)۔دافع حمی(Anti-pyretic)۔ معرق(Diaphoretic)۔منقی فضلات اعصاب(Clarifies Waste Products from Nervous System)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔منقی اخلاط فاسدۂ مفاصل(Emptying Mal-humours from Joints)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ضعف اعصاب(Nervous debility)۔صداع(Headache)۔ شقیقہ(Migraine)۔ضعف باہ(Sexual debility)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔ عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔عسر البول(Dysuria)۔باری والا بخار(Intermittent Fever)۔نقرس(Gout)۔ مخرج کرم شکم وامعاء (Gastric and Intestinal Vermifuge)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): سفوف دارچینی والا۔سفوف خدر جدید۔سفوف کلاں۔معجون خدر۔معجون چوب چینی۔معجون سورنجان۔معجون مبہی انطاکی۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ مسکن الم(Analgesic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۲ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ رائی

بدل(TENEDIUM): بہمن سفید

مُضر (COMMENTS): طویل عرصے تک بکثرت مقدار خوراک سے متلی اور قے کی شکایت ہوسکتی ہے اور طحال کا فعل بھی غیر طبعی ہوسکتا ہے۔

سیپ(صدف) *Ostrea gigas* Thunberg.

نام: لاطینی: *Ostrea gigas* Thunberg. خاندان: Ostreidae / Mollusca

انگریزی: Common Oyster Shell, Mother of Pearl

اردو: سیپ (صدف) عربی: صدف صادق فارسی: گوش ماہی

شناخت(IDENTIFICATION): دریائی یا سمندری کیڑے صدفہ کے بیضوی ساخت کے گھر، ایک دوسرے کے اوپر ایک سرے سے ملے ہوئے ایک خول یا پرت کم گہرا اور دوسرا زیادہ گہرا ہوتا ہے جب تک صدفہ اندر ہوتا ہے اس کا خول دار گھر لعابی حالت میں نرم رہتا ہے جب اسے پانی سے نکال لیا جاتا ہے تو یہ منجمد ہوجاتا ہے۔ صدفہ کے جسم اور اس کے غلاف دار گھر کے درمیان میں ایک شفاف لعابی مادّہ صدفہ کے جسم سے خارج ہوکر صدفہ کے پرت کو بڑا کرتا رہتا ہے۔ اگر کوئی ریت کا ذرہ یا کنکری وغیرہ اس کے غلاف یعنی سیپ میں داخل ہوجاتی ہے تو اس کیڑے کو اس ذرے سے تکلیف ہوتی ہے چنانچہ وہ اپنا لعاب دار مادّہ اس تکلیف دہ چیز کے اردگرد لپیٹ کر اپنے جسم کو اس تکلیف سے محفوظ رکھتا ہے جس کے نتیجے میں وہ شے ایک گولی سی بن جاتی ہے اسی کو موتی کہا جاتا ہے۔ موتی اور صدف کی اندرونی چمکدار تہہ یعنی سیپ میں کوئی کیمیاوی فرق نہیں ہوتا۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Calcium carbonate (85-95 %), Calcium, Magnesium Phosphate, Magnesium Sulphate, Oxides of Iron, Alumina and Silica.

حصص مستعملہ (PARTS USED): بیرونی خول اور موتی (External Shell and Pearl)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مفرح (Exhilarant)۔ مقوی قلب (Cardiac Tonic)۔ قابض (Astringent)۔ حابس الدم (Hemostatic)۔ مجفف (Dessicative)۔ جالی (Detergent)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بیرونی: سلاق (Blepharitis)۔ بیاض چشم (Opacity of Cornea)۔ مسوڑھوں کی سوجن (Gingivitis)۔ بہق ابیض (Pityriasis Alba)۔ بہق اسود (Pityriasis Nigra)۔ نکسیر (Epistaxis)۔ مزمن آشوب چشم (Chronic Conjunctivitis)۔ کلف (Freckles)۔ مسے (Navus)۔ مہاسے (Pimples)۔

اندرونی: ضعف معدہ جگر و گردہ(Debility of Gastric, Hepatic and Renal System)۔ حصبہ(Measles)۔ ضعف قلب(Cardiac debility)۔ جدری(Small Pox)۔ موتی جھرہ(Typhoid)۔ جریان(Spermatorrhoea)۔ سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ اسہال دموی(Bloody Diarrhoea)۔ خفقان(Tachycardia)۔ اختلاج(Palpitation) میں استعمال کرائے جاتے ہیں۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): معجون جالینوس لولوی۔ خمیرہ مروارید۔ مفرح یاقوتی۔ کشتہ مروارید۔ کشتہ صدف۔ خمیرہ صدف۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ حابس الدم(Hemostatic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): **صلایہ صدف:** ۵۰۰ ملی گرام سے ۱ گرام۔

کشتہ صدف: ۱۲۵ سے ۲۵۰ ملی گرام

مصلح(CORRIGENT): عناب اور شہد

بدل(TENEDIUM): خرمہرہ، کہربا

مُضر (COMMENTS): کثرت استعمال یا طویل عرصہ تک استعمال مثانہ اور پھیپڑے کے لئے مُضر ہوسکتا ہے۔

کچلہ .Strychnous nux vomica Linn

نام لاطینی: *Strychnous nux vomica* Linn. **نباتی خاندان:** Loganiaceae

انگریزی: Poison Nut **اردو:** کچلہ / اذاراقی **عربی:** اذاراقی / خانق الکلب **فارسی:** حب الغراب

شناخت (Identification): کچلہ کا درخت عموماً ۴۰ سے ۵۰ فٹ اونچا ہوتا ہے۔ اس کا درخت ہر موسم میں ہرا بھرا رہتا ہے اس کی شاخیں پتلی لیکن کافی مضبوط ہوتی ہیں۔ تنا اگر کاٹا جائے تو پہلے سفید رنگ بعد میں زردی مائل بھورا ہو جاتا ہے۔ پھل سیب کی طرح ہوتے ہیں جس کے اندر دو سے پانچ عدد سفید بھورے رنگ کے تخم ہوتے ہیں۔ اس کا درخت برما، ہندوستان میں بہار اور یوپی میں بھی پیدا ہوتا ہے۔

حصص مستعملہ (Parts Used): تخم (Seed)۔ تنے کی چھال (Stem Bark)۔ پتے (Leaves)۔

مزاج (Temperament): گرم ۳ و خشک ۳

کیمیائی اجزاء (Chemical Constituents): **Strychnine** (Bitter and Colourless Crystalline Powder, CNS and Respiratory System Stimulant. It increases Peristaltic Movement), **Brucine** (Analgesic, Anti-inflammatory, Effective against Phlegmatic Affections), **Loganin** (It maintains Immunity, Reduce Bone Resorption, Effective in Osteoporosis).

افعال و خواص (Pharmacological Actions): مقوی دماغ (Brain Tonic)۔ مقوی اعصاب (Nervine Tonic)۔ محرک اعصاب (Nervine Stimulant)۔ محرک مرکز دماغ (CNS Stimulant)۔ منفث بلغم (Expectorant)۔ محلل (Resolvent)۔ مصفی خون (Blood Purifier)۔ دافع حرارت (Febrifuge)۔ ملین صدر (Aperient)۔ بلغمی امراض (Phlegmatic Affections)۔ مسہل ضعیف (Laxative)۔

معالجاتی افعال (Medicinal Uses): فالج (Paralysis)۔ لقوہ (Facial Palsy)۔ التہاب شعب (Bronchitis)۔ ضعف اعصاب (Nervine debility)۔ بلغمی کھانسی (Phlegmatic Cough)۔ نقرس (Gout)۔ آتشک (Syphilis)۔ دائمی قبض (Chronic Constipation)۔ درد کمر (Bachache)۔ ضعف باہ (Sexual debility)۔

نفع خاص (Specific Action): مقوی اعصاب (Nervine Tonic)۔ محرک مرکز دماغ (CNS Stimulant)۔

مرکبات(Compound Preparations): حب اذاراقی۔معجون اذاراقی۔نیوبا۔ حب خاص۔حب مروارید۔روغن کچلہ۔ روغن سرخ۔طلاء مبہی وممسک۔

مقدارخوراک(Dosage): ۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ملی گرام (مدبر تخم کچلہ)

مصلح(Corrigent): خطمی۔خبازی

بدل(Tenedium): بھلانواں

مضراثرات(Comments): طویل عرصے تک یا زیادہ مقدارخوراک استعمال کرنے سے اعضاء میں تشنج پیدا ہو جاتا ہے۔ پسینہ زیادہ آتا ہےاور ذہنی صلاحیت بھی متاثر ہوسکتی ہیں۔گرم مزاج افراد میں طبیب کے مشورے سے استعمال کرائیں۔

Silicate of Magnesia and Iron / Bezoar Stone زہرمہرہ

نام: لاطینی: Silicate of Magnesia and Iron / Bezoar Stone

کیمیائی نام: Serpent Stone, Alloy Magnesium Iron Silicate

انگریزی: Mineral Bezoar اردو: زہرمہرہ خطائی عربی: زہرمہرہ فارسی: فادزہرمعدنی

شناخت (IDENTIFICATION): یہ ایک پتھر ہے جو مختلف رنگوں میں نکلتا ہے۔ سب سے بہتر کوہستان کے علاقے خطاء کا ہوتا ہے جس کو زہرمہرہ خطائی کہتے ہیں۔ یہ پسینے میں نرم ہوتا ہے۔ اس کی شناخت یہ ہے کہ اس کے کھانے کے بعد کوئی کڑوی چیز کھائی جائے تو کڑوی محسوس نہیں ہوتی ہے۔ رنگ سفید مائل بہ زرد ہوتا ہے۔ یہ چین، ہندوستان، وسط ہند، تبت اور خراسان سے نکلتا ہے۔

کیمیائی اجزاء (CHEMICAL CONSTITUENTS): **Magnesium Silicate** (Anti-phlegmatic, Anti-septic, Antidote, Astringent, Calorific, Cephalic Tonic, Cholagogue, Deobstruent), **Iron** (Enhance production of RBCs).

حصص مستعملہ (**Parts Used**): معدنیات (Mineral)۔

مزاج (**TEMPERAMENT**): گرم و خشک ا

افعال وخواص (**PHARMACOLOGICAL ACTIONS**): قابض (Astringent)۔ محلل (Resolvent)۔ مبرّد (Refrigerant)۔ مجفف (Dessicative)۔ مقوی قیفال (CephalicTonic)۔ مدرصفراء (Cholagogue)۔ مفتح سدد (Deobsturent) ۔ دافع بلغم (Anti-phlegmatic)۔ جراثیم کش (Anti-septic)۔

معالجاتی افعال (**MEDICINAL USES**): اسہال بالخصوص بچوں میں (Particularly in Diarrhoea of Children)۔ قلاع بالخصوص بچوں میں (Stomatitis in Children)۔ ہیضہ (Cholera)۔ شدید قے (Obstinate Vomiting)۔ بلغمی محلل اورام (Anti- inflammatory of Phlegmatic Affections)۔ عسرالطمث (Dysmenorrhoea)۔ کثرت طمث (Profuse Menstruation)۔ کثرت رطوبات دہن میں غزارے مفید ہیں (Its gargles is effective against Excessive Salivation)۔ نزلہ (Influenza) میں مفید ہے۔

بیرونی استعمال (**External Application**): ا۔ اس کا پیسٹ غیر طبعی رطوبات خشک کرتا ہے۔ ۲۔ اس کا پیسٹ غیر طبعی جلد کے داغ دھبوں میں مفید ہے۔ ۳۔ اس کے غرارے کثرت رطوبات دھن میں مفید ہیں۔ ۴۔ اس کا پیسٹ مقامی طور پر قلاع میں استعمال

کیا جاتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب زہر مہرہ۔خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا۔ حب جواہر۔ جوارش زرشک۔ جواہر مہرہ۔ کشتہ زہر مہرہ۔ سفوف فضہ

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی ارواح و باہ (Spiritual and Sexual Tonic)۔


مقدار خوراک(DOSAGE): ۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ ملی گرام


مصلح(CORRIGENT): شہد


بدل(TENEDIUM): زبرجد

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج افراد میں کثرت استعمال مضرت کا باعث ہوسکتا ہے۔


دھنیہ (کشنیز)



دھتورہ



برہمی بوٹی


دار چینی









زہر مہرہ یا - [illegible]

سم الفار Arsenic Sulphide

نام:لاطینی:Arsenic Sulphide کیمیائی نام:Serpent Stone, Alloy Magnesium Iron Silicate

انگریزی:Orpiment or Yellow Arsenic Sulphide/Red Orpiment/Realgar/White oxide of Arsenic

اردو: سم الفار عربی: مرگ موش فارسی: سم الفار

شناخت(IDENTIFICATION): سم الفار ایک معدنی عنصر ہے جو سفید رنگ کی چمکدار ڈلیوں کی شکل میں ہوتا ہے۔ یہ معدن سے لوہے اور گندھک کے ساتھ ملا ہوا پایا جاتا ہے۔ بعد ازاں اسکو بہ ترکیب خاص علیحدہ کرلیا جاتا ہے۔ عمل تکسید کے بعد اس کو دواء کے طور پر استعمال کرایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): **Magnesisum** (Maintain Immunity, Reduce Seizures), **Calcium** (Relieve Toothache, maintain Bone Density), **Iron** (Enhance production of RBCs), **Arsenic Sulphide** (Nervine Tonic, Aphrodisiac).

مزاج(TEMPERAMENT): گرم و خشک ۴

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مقوی بدن(General Tonic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مصفی خون (Blood Purifier)۔ مولد خون (Blood Generator)۔ دافع حمیات (Anti-pyretic)۔ دافع ریاح(Anti-flatulent)۔ اکال (Corrosive)۔ زیادہ مقدار میں مجفف(Dessicative)۔ قاتل جراثیم(Germicide)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affection)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ضعف بدن(General debility)۔ ضعف معدہ(Stomach debility)۔ ضیق النفس بلغمی(Dyspnoea of Phlegmatic Origin)۔ سرفہ(Cough)۔ نوبتی بخار(Intermittent Fever)۔ بلغمی بخار(Phlegmatic Fever)۔ دردکمر(Backache)۔ عرق النساء(Sciatica)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔ بواسیری مسوں پر اس کا طلاء مفید ہے(Its embrocation is effective on Hemorrhoidal Warts)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ جزام(Leprosy)۔ آتشک (Syphilis)۔ برص(Leucoderma)۔

بیرونی استعمال(External Application): (۱) اس کا مرہم جلدی اور متعدی زخموں میں مفید ہے۔

(۲) اس کا طلاء جزام، آتشک اور برص میں مقامی طور پر مستعمل ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): کشتہ سم الفار۔ حب احمر۔ جو ہر سین

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): وجع المفاصل(Arthritis)۔ مقوی باہ(Sexual Tonic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۵ سے ۱۰ ملی گرام

مصلح(CORRIGENT): کتھ سفید۔

بدل(TENEDIUM): سم الفار کی ایک قسم دوسرے کی بدل ہے۔

مُضر (COMMENTS): زہر قاتل ہے۔ مدبّر کر کے استعمال نہ کرنے کی صورت میں مضر اثرات مثلاً متلی، قے، چکر آنا اور زیادہ مقدار خوراک مریض کے لئے مہلک ثابت ہوسکتی ہے۔

جائفل *Myristica fragrans* Houtt.

نام: لاطینی: *Myristica fragrans* Houtt. خاندان: Myristicaceae

انگریزی: Nutmeg اردو: جائفل عربی: جوز بوا۔ فارسی: جوزبُوا

شناخت:(IDENTIFICATION): ۴۰ سے ۸۰ فٹ بلند درخت کا پھل ہے۔ پھل پختہ ہونے کے بعد پھٹ جاتا ہے۔ اس کے اندر گہرے نارنجی رنگ کے چھلکے جالدار شکل میں ہوتے ہیں جنہیں جاوتری کہا جاتا ہے۔ ان کے درمیان میں سیاہ چھلکا ہوتا ہے۔۔ اس چھلکے کے اندر موجود گری یا مغز کو جائفل کہا جاتا ہے۔ غیر فراری روغن کو جائفل کا مکھن بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ مکھن کی طرح جم جاتا ہے اور اس کا رنگ زرد ہوتا ہے۔ سنگاپور، ویسٹ انڈیز، ملایا، جاوا اور مدغاسکر میں اس کی کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Myristicene a Terpene, Myristin, Myristicol, Myristic Acid (Anti-inflammatory, Anti-oxidant, Anti-secretory Activity, Gastro-protective Activity, H2-antagonist, Immuno-modulatory Activity), Elemicin (Brain Stimulant Properties), Eugenol (Relieve Toothache, Makes Breath Pleasant), Rich Source of Minerals like Potassium (An important component of Cell and Body Fluids that control Heart Rate and Blood Pressure), Iron (It is Essential for Red Blood Cell Production), Borneol (Skin Tonic, a Local Anaesthetic, Sedative, Anti-spasmodic, Anti-microbial), Pinene (Tonic for Mucus Membranes, Pleasant Fragrance Agent, Diuretic), Camphene (Anti-viral), Myristicin (Stimulant, Carminative, Fatulence, Nausea and Vomiting), Plant Extract (Nervous Stimulant, Anti-fungal, Anti-depressant, Digestive, Carminative), Lauric Acid (Effective against many Viruses i.e Measles Virus, Herpes Simplex virus, Cytomegalovirus (CMV), Bacteria and Protozoa), Licarin B, (Anti-flatulent, Diarrhoea, Anti-mycobacterial Activity), Riboflavin (Prevention of Migraine, Muscle Pain Reliever), Niacin (Production of Steroid Hormones in the Adrenal Gland), Vitamin C, Vitamin A and many Flavonoids (Anti-oxidant), Fixed Oil (Carminative, Analgesic, Spasmolytic, Anti-inflammatory, GIT Disorders, Vegetable fat in Nutmeg Butter), Essential Volatile Oil (Increases Peripheral Blood Circulation, Local Massage to reduce Muscular Pain and Rheumatic Pain of Joints, Toothache, Muscular Pain, Cough Syrups), Mace is the lacy covering (aril) on the kernel.

حصص مستعملہ:(PARTS USED):مغز: تخم(Seeds)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): گرم ۲ خشک ۲

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مفرح(Exhilarant)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ہاضم(Digestive)۔ محافظ حرارت غریزی(Kinetic Energy)۔کاسر ریاح(Carminative)۔خفیف قابض(Slightly Astringent)۔ ممسک(Avoricious)۔مخدر(Anaesthetic)۔جالی(Detergent)۔مسکن(Sedative)۔

معالجاتی افعال:(MEDICINAL USES): دردسر(Headache)۔دردشقیقہ(Migraine)۔قلاع(Stomatitis)۔ بلغمی امراض مثلاً فالج(Paralysis)۔لقوہ(Facial Paralysis)۔گٹھیا(Gout)۔بلغمی اورام میں اندرونی وبیرونی طور پر مفید ہے(Effective Against Inflammations of Phlegmatic Origin Internally as Well as Externally)۔ اسہال(Diarrhoea)۔سنگرہنی(Sprue)۔متلی(Nausea)۔قے(Emesis)۔چوٹ کے داغ اور جھائیوں کے لئے بیرونی طور پر مستعمل ہے(Externally Applied on the Freckles and Removes Scars due to Injury)۔ دافع بدبودار رطوبات معدہ(Eliminate Unpleasant and Mal Humours of Stomach)۔ خارش چشم(Itching in Eyes)۔کمزوری بصارت(Weakness of Eye-sight)۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS):لبوب کبیر۔لبوب اسرار۔حب اذاراقی۔جوارش عود شیریں۔

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): مفرح(Exhilarant)۔محافظ حرارت غریزی(Protect Kinetic Energy)۔

مقدارخوراک:(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح:(CORRIGENT): شہد۔گل بنفشہ

بدل:(TENEDIUM): جاوتری۔تحلیل اورام کے لئے بالچھڑ

مُضر:(COMMENTS): گرم مزاج افراد کے جگر اور پھیپڑوں کیلئے کثرت استعمال مُضر ہے۔

دروونج عقربی *Doronicum hookeri* Hook.

نام: لاطینی: *Doronicum hookeri* Hook. خاندان: Compositae

انگریزی: Leopard's bane اردو: دروونج عقربی عربی: دروونج عقربی فارسی: دروونج عقربی

شناخت(IDENTIFICATION): ایک پودے کی چھوٹی گرہ دار جڑ ہے، اوپر سے خاکی، اندر سے سفید، چھونے میں سخت اور وزنی، ذائقہ قدرے تلخ، خوشبودار، بچھو کی دم سے مشابہ ہے۔ پودا شام اور افریقہ میں خودرو بکثرت پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Otosenine, Floridanine Doronine, (Anti-inflammatory), Flavonoids (Anti-oxidant, Strengthen the Heart Muscles), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-microbial), Caryophyllene (Anaesthetic, Anti-fungal, Anti-septic and Anti-bacterial), Thymol Derivatives (Anti-bacterial).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مفرح(Exhilarant)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ دافع بلغمی وسوداوی امراض(Effective against Phlegmatic and Atrabilious Affections)۔ محافظ جنین(Protects Foetus)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مسکن دردِ رحم(Anodyne for Uterine Pain)۔ مسکن طبع(Sedative)۔ مفتت سنگ گردہ ومثانہ(Lithotriptic for Kidney and Urinary Bladder Stones)۔ ہاضم(Digestive)۔ تریاق سموم(Alexipharmic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): دافع ضعف قلب(Cardiac debility)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ فالج(Paralysis)۔ خفقان(Tachycardia)۔ اختلاج بلغمی(Palpitation of Phlegmatic Origin)۔ نسیان(Amnesia)۔ عسر ولادت(Painful Parturition) میں مفید ہے۔ مانع اسقاط حمل(Anti-abortifacient)۔ مالیخولیا(Melancholia)۔ مخرج سنگِ گردہ ومثانہ(Eliminates Kidney and Urinary Bladder Stones) ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): مفرح یاقوتی۔ معجون حمل عنبری۔ معجون نسیان۔ لبوب کبیر۔ دواءالمسک۔ حب عنبر مومیائی۔ مفرح شیخ الرئیس۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی قلب (Cardiac Tonic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): شربت سیب، انگور ترش

بدل(TENEDIUM): قسط، عاقرقرحا۔امراض قلب کے لئے برگ گاؤزبان۔

مُضر (COMMENTS): بکثرت استعمال گرم مزاج افراد میں باعث صداع اور بے چینی ہوسکتا ہے۔

Cinnamomum tamala (Ham.) Nees & Eberm. تیزپات

نام:　لاطینی: *Cinnamomum tamala* (Ham.) Nees & Eberm.　خاندان: Lauraceae

انگریزی: Cinnamon Leaves　اردو: ساذج ہندی۔تیزپات　عربی: ساذج ہندی　فارسی: ساذج ہندی

شناخت(IDENTIFICATION): یہ دارچینی سے مشابہ ۳۰ تا ۳۵ فٹ بلند درخت ہے۔ ہمیشہ سرسبز رہتا ہے، درخت کی چھال کا رنگ دارچینی (تج) کی طرح بھورا، لیکن خوشبو دارچینی سے کم ہوتی ہے۔ٹھنڈے علاقوں کے پہاڑی مقامات پر پایا جاتا ہے۔ پتے تازہ حالت میں پیازی رنگ کے اور خوبصورت ہوتے ہیں، پختہ ہونے پر سفید یا زردی مائل ہوجاتے ہیں۔ان میں سے لونگ جیسی خوشبوآتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): The Oil from Bark contains Cinnamaldehyde as Major Constituent, (70–85%, Anti-oxidant), Linalool (54.66%,Flavour, Fragrance Agent, Anti-bacterial, Anti-fungal, Anti-convulsant and Sedative Activities), Caryophyllene (25.3%, Anti-fungal, Analgesic, Local Anaesthetic), Essential Volatile Oil (Anti-bacterial, Ant-viral, Anti-fungal), Salicylic Acid (Anti-pyretic, Anti-inflammatory), Terpene Eugenol (Anti-septic, Analgesic, Anaesthetic), Leaves Extract (Anti-oxidant, Gastro-protective, Anti-hyperlipidemia, Anti-hypertensive).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پتے(Leaves)۔

مزاج(TEMPERAMENT): پتے: گرم ۲ و خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔مفرح(Exhilarant)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ محلل اورام باردہ(Resolvent for Inflammation of Cold Origin)۔مقوی لثہ(Strengthen The Gums)۔ قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔دافع تعفن(Anti-septic)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔مشتہی(Appetizer)۔ مفتت حصاتِ گردہ ومثانہ(Lithotriptic)۔مسہل سوداء(Purgative for Atrabile)۔مخرج مشیمہ(Expulsion of Placenta)اثرات کا حامل بھی ہے۔کاسر ریاح(Carminative)افعال مرتب کرتا ہے۔شیخ کی ادویہ قلبیہ میں شامل ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بلند فشارالدم(Hypertension)۔ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔ سوءِ ہضم(Indigestion)۔ نفخ شکم(Flatulence)۔ وجع الفواد(Cardialgia)۔تصلب شریانی(Arteriosclerosis)۔ ضعفِ معدہ وامعاء(Gastric and Intestinal debility)۔مخرج حصاتِ مثانہ(Cystolith)۔اختلاج(Palpitation)۔ خفقان(Tachycardia)۔ ذیابیطس(Diabetes) میں استعمال کرایا جاتا ہے۔ خوشبودار(Aromatic)اور دافع تعفن(Anti-septic) ہے۔اخراج کرم شکم وامعاء(Gastric and Intestinal Vermifuge)اور اخراج مشیمہ (Expulsion of Placenta) کے لئے بھی مفید ہے۔ مدر بول ہونے کی وجہ سے گردہ اور مثانہ کی پتھری کوتوڑ کر خارج کرتا ہے(Lithotriptic)اور مدرطمث(Emmenagogue) ہونے کی وجہ سے عمل ولادت(Parturition) میں بھی سہولت کے لئے اس کی دھونی دی جاتی ہے۔بطور کحل ناخنہ(Pterygium) میں بھی مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔خمیرہ ابریشم سادہ۔ دواءُ المسک حار۔ مفرح دلکشا۔مفرح اعظم۔مفرح کبیر۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مفرح(Exhilarant)۔محلل اورام ریاح(Anti-flatulance)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): جگر کے لئے صندل یا شربت صندل۔پھیپھڑوں کے لئے مصطگی۔

بدل(TENEDIUM): بالچھڑ۔بطور مفرح برگ تنبول

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج افراد میں زیادہ مقدار طویل عرصے تک استعمال کرنے سے نقصان دہ ثابت ہوسکتی ہے۔ صفراوی خلط کا استحالہ(Metabolism) متاثر ہوجاتا ہے۔جگر کے افعال غیر طبعی ہوسکتے ہیں اور پھیپھڑوں کا طبعی فعل بھی متاثر ہوسکتا ہے۔

صندل سفید.Santalanum album Linn

نام: لاطینی: *Santalanum album* Linn. خاندان: Santalaceae

انگریزی: Sandal اردو: صندل سفید عربی: صنسل ابیض فارسی: صنسل سفید

شناخت(IDENTIFICATION): ۲۰ سے ۴۰ فٹ بلند سدابہار درخت ہوتا ہے۔ تنے کی گولائی دو سے تین فٹ، شاخیں پتلی اور نیچے لٹکی ہوئی، پتے ایک انچ لمبے، نوکیلے اور پھول گہرے بنفشی یا سرخ بے بو ہوتے ہیں۔ پھل گچھوں کی صورت میں اور کالے، ہر پھل میں ایک ایک بیج ہوتا ہے۔ لکڑی کم از کم ۲۰ سال بعد پختہ ہوکر خوشبودار ہوتی ہے، عمدہ درخت ۴۰ سے ۶۰ سال میں تیار ہوتا ہے اور لکڑی میں زیادہ خوشبو پیدا ہوجاتی ہے۔ بیرونی حصے کی لکڑی بے بو اور سفید ہوتی ہے، اندرونی لکڑی زرد یا بھوری بہت خوشبودار اور چکنی ہوتی ہے جس میں ۳۰ سے ۳۵ سال تک خوشبو باقی رہتی ہے۔ صندل کی لکڑی سے روغن کشید کیا جاتا ہے۔ میسور، ممبئی اور گجرات میں خودرو ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatile Oil (Anti-bacterial, Anti-viral, Anti-carcinogenic), Santalol, Aldehydes (Anti-fungal, Anti-inflammatory), Ketones (Mucolytic, Skin Regeneration, Wound Healing), Isovaleric Aldehyde (Flavour and Fragrance Agent), Santene, Santanone (Anti-inflammatory).

حصص مستعملہ(PARTS USED): لکڑی(Stem Wood) اور روغن فراری(Essential Volitile Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): لکڑی: سرد ۳ و خشک ۲۔ روغنِ صندل: سرد ۲ تر ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): صندل سفید: قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔ مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مقوی معدہ وامعاء(Gastric and Intestinal Tonic)۔ دافع حرارت(Febrifuge)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ مصفی خون (Blood Purifier)۔ مفرح (Exhilarant) اور قابض(Astringent) اثرات رکھتا ہے۔ روغنِ صندل: دافع تعفن(Anti-septic)۔ منفث بلغم(Expectorant) ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): صندل سفید: ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔ خفقان(Tachycardia)۔ اختلاج(Palpitation)۔ صداع(Headache)۔ سعالِ مزمن(Chronic Cough)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔ سوزش بول(Urinary Irritation)۔ کمزوری معدہ وامعاء(Gastric and Intestinal debility) اور بول الدم(Hematuria) میں مفید ہے۔

روغنِ صندل : سعال مزمن و متعدی(Chronic and Infectious Cough)۔ورم مجریٰ بول(Urethritis)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔خارش(Itching) میں فائدہ کراتا ہے روغنِ صندل خون میں جذب ہوکر گردوں کے ذریعے خارج ہوتے ہوئے آلات بول و تناسل کی مخاطی جھلیوں(Mucous Membranes of Urinary Genito Tract) پر مسکن (Sedative) اور دافع تعفن (Anti-septic) اثرات پیدا کرتا ہے جس کی وجہ سے پیپ آنا اور جلن موقوف ہو جاتی ہے۔ مسکن سوزش بول(Reduces Irritation of Urine) اور مجموعی طور پر سوزش نظامِ بول(Irritation of Urinary Tact) پر بھی مسکن اثرات مرتب کرتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربتِ صندل، خمیرہ صندل، خمیرہ ابریشم، خمیرہ یاقوت، دواء المسک بارد، مفرح اعظم، سفوف صندل ذیابیطس والا

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مفرح ومقوی قلب(Refrigerant and Cardiac Tonic)

مقدار خوراک(DOSAGE): **صندل کی لکڑی و برادہ:** ۵ سے ۷ گرام۔

روغن صندل: ۰٫۳ سے ۱ ملی لیٹر

مصلح(CORRIGENT): شہد

بدل(TENEDIUM): کافور

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا متواتر استعمال سے نظام تنفس پر مضر اثرات نمایاں ہوجاتے ہیں اور ضعفِ باہ کا باعث بھی ہوسکتا ہے۔

Phyllanthus emblica Linn. آملہ

نام: لاطینی: Phyllanthus emblica Linn. خاندان: Euphorbiaceae

انگریزی: Emblic Myrobalan اردو، ہندی: آملہ عربی: آملج فارسی: آملہ

شناخت:(IDENTIFICATION): یہ پاکستان وہندوستان کا بہت قدیم زمانہ سے جانا پہچانا درخت ہے۔ پھل کاغذی لیموں کی طرح چھوٹے بڑے لیکن گول جو قدرتی طور پر چھے پھانکوں میں بٹے ہوتے ہیں، اس کے پھل کا چھلکا بہت پتلا ہوتا ہے جن کے اندر چھے حصوں میں ابھری ہوئی ایک سخت گٹھلی ہوتی ہے۔ گٹھلی نکلے ہوئے آملے کو آملہ منقیٰ کہا جاتا ہے۔ یہ عموماً کنکریلی اور پتھریلی زمین میں پیدا ہوتا ہے۔ یہ جموں کانگڑا، پنجاب، یوپی، بہار میں خودرو بھی ہوتا ہے۔ یہ پودا ساحلِ سمندر کے نزدیک بھی قدرتی طور پر پیدا ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ پہلے کھٹا اور کسیلا پن لئے ہوئے لیکن بعد میں شیریں لگتا ہے۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Tannin, Ellagic Acid, Gallic Acid (Astringent, Hemostatic, Anti-microbial), Ascorbic acid or Vitamin "C"(445 mg/100g), Phyllemblic Acid, Extract (Antiviral and Antimicrobial, Hepato-protective and Normalizing the Enzyme Alanine Transaminase/ALT), Quercetin (Maintains Flexibility of Blood Vessels), Flavonoids, Kaempferol (Anti-oxidant), Leaves, Bark, Fruit (Potent Anti-inflammatory), Extract (Decreases Hypertension and Cholesterol level).

حصص مستعملہ:(PARTS USED): پھل(Fruit)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): سرد ۲ و خشک ۲

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مفرح(Exhilarant)۔ قابض(Astringent)۔ حابس(Styptic)۔ مقوی بصر(Eye-sight Tonic)۔ مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔ مقوی معدہ(Stomachic)۔ مقوی امعاء(Intestinal Tonic)۔ خفقان قلب(Tachycardia)۔ مسکن(Sedative)۔ مسکن صفراء وخون(Sedative for Bilious and Sanguineous Humours)۔ نفث الدم (Hemoptysis)۔ مقوی رحم(Uterine Tonic) ہونے کی بناء پر امراضِ رحم (Uterine Affections) میں مفید ہے۔ مسکن عطش(Relieves Excessive Thirst)۔

معالجاتی افعال: (MEDICINAL USES): ضعف قلب(Cardiac debility)۔ضعف جگر(Hepatic debility)۔ ضعف دماغ(Brain debility)۔ضعف معدہ وامعاء(Gastric and Intestinal debility)۔یرقان(Jaundice)۔ قلاع الفم(Stomatitis)۔امراضِ جگر(Hepatic Disorders)۔التہابِ جگر(Hepatitis)۔اسہال(Diarrhoea)۔ تبخیر معدہ(Gastric Evaporation)۔اسہال دموی(Bloody Diarrhoea)۔بلند فشار الدم(Hypertension)۔ عظمِ کبد(Hepatomegaly)۔انتشار الشعر(Falling of Hair)۔صداع حار(Headache of Warm Origin)۔ دموی امراض مثلاً پھوڑے پھنسیاں(Boils/ Pustules)۔مسوڑھوں کے ورم(Gingivitis)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔ کثرتِ طمث(Menorrhagia)۔سل ودق(Tuberculosis)۔خونی بواسیر(Hemorrhoids)میں ضماداً۔ رعاف(Epistaxis)۔نفخ شکم(Flatulence)۔مالیخولیا(Melancholia)۔مُرمُری ہڈیوں(Osteoporosis) کی شکایات میں مؤثر ہے۔

طریقہ استعمال: (۱) آب ترپھلہ (آملہ۔ہڑ۔بہیڑہ) سے آنکھیں دھوئی جائیں۔ (۲) بالوں کو بھی دھویا جائے۔

مرکبات: (COMPOUND PREPARATIONS): جوارش آملہ۔جوارش شاہی۔اطریفلات۔نوشدارو۔سفوف ہاضم۔ روغن گیسو دراز۔روغن آملہ

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): مقوی اعضائے رئیسہ / قلب۔دماغ۔جگر(Tonic for Vital Organs)۔

مقدار خوراک:(DOSAGE): ۲ سے ۵ گرام۔مربہ آملہ۔ ۱ سے ۳ عدد

مصلح:(CORRIGENT): شہد۔روغن بادام

بدل:(TENEDIUM): ہلیلہ سیاہ

مُضر:(COMMENTS): زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے قابض اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں۔

Bombyx mori Linn. ابریشم

نام: لاطینی: Bombyx mori Linn. حیوانی خاندان: Bombyycidae / Lepidoptera

انگریزی: Silk Cocoon اردو: ابریشم عربی: حریر فارسی: آبریشم۔ ابریشم

شناخت(IDENTIFICATION): شہتوت اور ارنڈ کے پتوں پر پلنے والا کیڑا عام زبان میں ابریشم کا کیڑا کہلاتا ہے دراصل ابریشم اس کیڑے کا خول ہے جس کو وہ اپنے لعاب سے بناتا ہے جب تک یہ خول اپنی خاص (قدرتی) شکل میں رہتا ہے اس کو ابریشم کہتے ہیں۔اس کو قینچی سے کتر کر کیڑا دور کر کے صاف شدہ کو ابریشم مقرض کے نام سے استعمال کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Carbohydrates, Linolenic Acid (Decreases the High Level of Cholesterol), Amino acids, Carotene, Vitamin B-Complex, Vitamin "C" (Maintains Flexility of Blood Vessels), Vitamin "E", Calcium (Strenghten the Teeeth, Bones and Cardiac Smooth Muscles), Protein, Fibroin (Silk Threads), Sericin (Silk Glu), Phospholipids, Zinc (Maintains Immune Function and promotes Wound Healing), Potassium (Regulate Skeletal and Smooth Mucles Contractions).

حصص مستعملہ(PARTS USED): ابریشم کے کیڑے کا خول یا گھر (ابریشم/ابریشم مقرض)

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منفثِ بلغم (Expectorant)۔ ملطف(Demulcent)۔ مفرّح(Exhilarant)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ حابس الدّم(Hemostatic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ قابض(Astringent)۔ مبرّد(Refrigerant) اثرات پائے جاتے ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): امراضِ چشم (Ophthalmic Diseases) مثلاً: دمعہ(Ephiphora)۔ ناخونہ یاظفرہ(Pterygium)۔ خارشِ چشم (Ophthalmic Irritation) میں بطور سرمہ لگایا جاتا ہے۔ زکام(Catarrh)۔ نزلہ(Influenza)۔ اختلاج(Palpitation)۔ خفقان(Tachycardia)۔ کثرتِ طمث (Profuse Menstruation)۔ مخرج بلغم غلیظ (Get rid of Extra or Waste Phlegmatic Humour)۔ مزمن اسہال(Chronic Diarrhoea)۔ کھانسی(Cough)۔ اعصابی درد(Neuralgia)۔ ابریشم کے اندر ضربات قلب یعنی دل کا دھڑکنا(Lup-Dup Sound) کی

بے قاعدگی رفع کرنے کی صفت ہے(Regularize the Irregular Cardiac Rhythm)۔ضعف قلب یا شرائین کی سختی (Arteriosclerosis)سے بڑھنے والے ضغط الدم میں مفید ہے (Effective in Cardiac Debility and Blood Vesseles hardening and their Constriction)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): خمیرہ ابریشم سادہ۔خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔خمیرہ گاؤزبان۔ خمیرہ مروارید۔شربت ابریشم۔دواءالمسک۔کحل مقوی بصر۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): منفث بلغم(Expectorant)۔مفرح(Exhilarant)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ منفثِ بلغم(Expectorant)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): اسارون

بدل(TENEDIUM): برگِ گاؤزبان

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار یا طویل المدت استعمال گردے کے لئے مضر ہے۔

Borago officinalis Linn. گاؤزبان
Onosma bracteatum, Trichodesma sp.

نام: لاطینی: Borago officinalis Linn. خاندان: Boraginaceae

انگریزی: Borage اردو: گاؤزبان عربی: لسان الثور فارسی: گاؤزبان

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پودا ڈیڑھ دو فٹ اونچا ہوتا ہے اور اس کے تمام اجزاء کھردرے روئیں دار ہوتے ہیں۔ پتے بڑے بڑے گائے کی زبان سے مشابہ، سبز سفیدی مائل جن پر سفید سفید نقطے ابھرے ہوتے ہیں۔ مزہ پھیکا ولعابدار ہوتا ہے۔ پھول چھوٹے، چھوٹے خوبصورت اور لاجوردی رنگ کے ہوتے ہیں۔ اس پودے کو زیبائش کے لئے گملوں میں لگاتے ہیں۔ اس پودے کی کاشت انڈیا، شمالی افریقہ، امریکہ، یورپ اور پاکستان میں خضدار، اسکردو، بالائی ہزارہ، مالاکنڈ، خیبر، کرم ایجنسی بلکہ کراچی میں ہمدرد یونیورسٹی کے باغات میں کاشت کیا جارہا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Mucilage (Produces Soothing Effects on the Mucous Membranes), Nitrate of Potash (Maintains Flexibility of Coronary Arteries), β-carotene, Vitamin "C" (Strenghten the Gums), Fiber, Sugars, Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory), Gamma Linolenic acid (GLA, Decreases the High Level of Cholesterol), Calcium (Strenghten the Teeeth, Bones and Cardiac Smooth Muscles), Phosphorus. Plant Extract (Demulcent, Diaphoretic, Phlegmatic Concoctive, Expectorant, Cardiac Tonic, Anti-hypertensive and Blood Purifier).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔گل(Flowers)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): برگ: اعلیٰ درجہ کا ملطف(Demulcent)۔ بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔ مغری(Glutinous)ہیں۔

گل: مقوی دماغ واعصاب(Brain and Nervine Tonic)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic) فوائد رکھتے ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ذات الجنب (Pleurisy)۔ذات الریہ (Pneumonia)۔زکام(Flu)۔ نزلہ(Catarrh)۔سل و دق(Tuberculosis)۔کھانسی(Cough)۔سوداوی امراض(Atrabilious Affections)۔ امراضِ قلب (Cardiac Affections)۔ضیق النفس(Dyspnoea)۔سینے کی خشونت(Irritation in Chest)۔ خفقان(Techycardia)۔اختلاج(Palpitation)۔مالیخولیا(Melancholia)۔قلاع الفم (Stomatitis) میں مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): خمیرہ گاؤزبان۔خمیرہ ابریشم سادہ وحکیم ارشد والا۔ برشعشاء۔ دواءُالمسک معتدل۔جوارش جالینوس۔جوارش زرعونی سادہ۔جوارش عودشیریں۔خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا۔شربت ابریشم۔ عرق گاؤزبان۔معجون دبیدالورد۔مفرح یاقوتی معتدل۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مفرح(Exhilarant)۔مقوی اعضائے رئیسہ (Tonic for Vital Organs)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔


مقدارخوراک(DOSAGE): برگ: ۲ سے ۵ گرام۔ گل: ۳ سے ۵ گرام


مصلح(CORRIGENT): صندل سفید


بدل(TENEDIUM): ابریشم


مُضر (COMMENTS): طویل عرصہ تک زیادہ مقدار استعمال طحال کے لئے مضر ہے۔



سم الفار


جائفل


درونج عقربی


تیزپات


صندل سفید


آملہ


ابریشم


گاؤزبان

Tamarix dioica Roxb. ex Roth Linn. جھاؤ

نام: لاطینی: *Tamarix dioica* Roxb. ex Roth Linn. **خاندان:** Tamaricaceae

انگریزی: Tamarix, Tamarisk اردو: جھاؤ عربی: طرفا فارسی: گز

شناخت(IDENTIFICATION): جھاڑی نما یہ درخت ۲ سے ۱۲ فٹ تک اونچا ہوتا ہے۔ دریاؤں، تالابوں اور نہروں کے کناروں پر پیدا ہوتا ہے اور سرسبز رہتا ہے۔ اسکی چھال کھردری، سبزی مائل بادامی رنگ کی ہوتی ہے۔ پتے نہایت پتلے، لمبے، گول سبز اور سرو کی طرح ہوتے ہیں۔ اس کے پھل کو مائیں کلاں کہتے ہیں۔ جھاؤ کی دو اقسام عام ہیں۔ عموماً سفید جھاؤ بڑا اور چھوٹا لال رنگ کا ہوتا ہے۔ اس میں Tannic acid بہت زیادہ موجود ہوتا ہے۔ ساحلِ سمندر کے خودرو درختوں میں عام پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Tannic Acid, Volatile Oil (Anti-microbial Activity, Astringent, Hemostatic, Anti-inflammatory, Anti-viral, Anti-Bacterial), Gum contains more than 90% Carbohydrate, 4% Protein and 2% Ash in Dry Matter. Extract (Anti-fungal Activity, Inhibitor of Nephrolithiasis due to Calcium Oxalate), Leaves and Flowers Extracts (Hepatic Tonic, Stomach Tonic, Anti-oxidant, Anti-microbial, Anti-inflammatory Activities), Ash (Contains Iron,Calcium, Magnesium, Sulphate Content).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔ نمک(Salt)۔ پھل مائیں(Tamarix Galls) اور چھال(Bark)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent/ Anti-inflammatory)۔ قابض(Astringent)۔ ہاضم(Digestive)۔ محافظ جگر(Hepato-protective)۔ مسکن درد(Analgesic)۔ مدر بول(Diuretic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): **چھال:** اسہال (Diarrhoea)۔ زحیر(Dysentery)۔ سعال(Cough)۔ بواسیر (Piles) میں مفید ہے۔ اس کی دونوں اقسام اور تمام حصص قابض (Astringent) ہیں۔ اس لئے لیکوریا(Leucorrhoea) میں مفید ہے۔ ورم جگر(Hepatitis)، ورم طحال(Spleenitis) میں بھی موثر ہے۔ راکھ میں(Sulphate of Soda) ہے جو کہ ہاضم(Carminative) اور مدر(Diuretic) ہے۔ نیز ورم کبد اور طحال کو دور کرتی ہے۔ عظمِ جگر(Hepatomegaly)۔

عظمِ طحال(Spleenomegaly) میں بھی مؤثر ہے۔ یرقان(Jaundice)۔ متعدی التہاب جگر(Infectious Hepatitis) میں خصوصاً پودے کی راکھ اور اس سے تیار کردہ گولیاں ''اکٹرین''(Icterene) بہت موثر علاج ہیں۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب پیچش۔ سفوف چوب گز والا۔ دوائے خاص۔ دوائے غرغرہ۔ زرور مجفف۔ عرق گزر۔ معجون ریگ ماہی اور اکٹرین (نمک گز سے تیار کردہ حبوب)۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): محلل اورام جگر و طحال(Anti-inflammatory for Liver and Sleen)۔ مدر بول(Diuretic)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): **نمک:** ۳ سے ۵ گرام۔ **برگ:** ۲ سے ۵ گرام۔ **پھل:** ۱ سے ۳ گرام۔

مصلح(CORRIGENT): شہد و روغنیات

بدل(TENEDIUM): گلنار۔ لال جھاؤ اور سفید جھاؤ ایک دوسرے کے بدل ہیں۔

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار استعمال معدہ و امعاء پر قابض اثرات مرتب کرسکتی ہے۔

Cichorium intybus Linn. کاسنی

نام: لاطینی: *Cichorium intybus* Linn. خاندان: Compositae

انگریزی: Chicory اردو: کاسنی عربی: ہندبا فارسی: کاسنی

شناخت(IDENTIFICATION): مشہور نبات ہے۔اس کا پودا 3.5 سے 6 فٹ تک اونچا ہوتا ہے۔تنا جھری دار اور دھاریوں والا ہوتا ہے۔پتے کھردرے 3 سے 6 انچ تک لمبے سبز اور یکساں شکل کے ہوتے ہیں۔اس کے پتوں پر لعاب دار مادہ پایا جاتا ہے جس میں لطیف نمکیات ہوتے ہیں جو قدرے کھارے ہوتے ہیں اور تمام پتوں پر پھیلے ہوتے ہیں جو کہ پتوں کو دھونے سے ضائع ہو جاتے ہیں۔اس لئے سبز کاسنی کو دھو کر استعمال نہیں کرنا چاہیے۔اس کا پودا شمالی امریکہ،جنوبی امریکہ، بیلجیم،مصر،انڈیا، پاکستان میں بلوچستان،وزیرستان، پشاور،سوات،کشمیر،پنجاب میں سیالکوٹ،گجرانوالہ اور کراچی میں ہمدرد یونیورسٹی کے باغات میں با آسانی کاشت کیا جارہا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): **Leaves:-** Calcium (Strenghten the Teeth and Bones), Iron, Ascorbic Acid (Maintains Flexibility of Blood Vessels).

Seeds:- Carbohydrate, Starch. Extract of Root (Hepatic Tonic, Stomach Tonic, Anti-allergic Effect, Inhibit Mast-Cell Mediated Allergic Reaction), Inulin (Decreases Serum Triglycerides, Anti-hyperlipidemic).

Roots:- Cichoric Acid, Glucoside Cichorin (Hepato-protective), Salts (Maintains Electrolytes Balance of Body Fluids), Mucilage (Produces Soothing Effects on the Mucous Membranes).

حصص مستعملہ (PARTS USED): تخم(Seeds)۔ برگ(Leaves) اور جڑ(Roots)۔

مزاج(TEMPERAMENT): برگ: سرد ۱ و تر ۱۔ تخم: سرد ۲ و خشک ۲۔ بیخ(جڑ): گرم ۱ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): برگ: مدر بول(Diuretic)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ مسکن حرارت خون وصفراء(Sedative for Heat of Bilious and Sanguineous Humours)۔ محلل اورام حارہ(Resolvent for Inflammations of Warm Origin)۔ مقوی طحال(Tonic for Spleen)۔ ضماداً اورام حارہ کے لئے مفید(Externally Applied on Inflammations of Warm Origin)۔ مقوی جگر(Liver Tonic)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔

تخم: محلل اورام(Resolvent / Anti-inflammatory)۔ ملطف اخلاط(Demulcent)۔ مدر بول(Diuretic)۔

منضج(Concoctive)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔مدرِصفراء(Cholagogue)۔منقی اخلاط(Purifying Humours)۔

بیخ(جڑ): مسکن صفراءودم(Sedative for Bilious and Sanguineous Humour)۔مدر بول(Diuretic)۔
مفتح سدد(Deobstruent)۔دافع حمیات صفراویہ(Anti-pyretic for Bilious Fevers)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ورم معدہ(Gastritis)۔ ورم جگر (Hepatitis)۔ ورم طحال(Spleenitis)۔
خناق(Diphtheria)۔یرقان(Jaundice)۔ استسقاء(Ascites)۔ حدت بول(Burning Micturition)۔
ورم حلق(Pharyngitis)۔خراشِ حلق(Sore Throat)۔یرقان سددی (Obstructive Jaundice)۔

جڑ: دافع حمیات بلغمیہ(Useful for Pyrexia due to Phlegmatic Humours)۔عسرا لبول(Dysuria)۔
استسقاء(Ascites)۔احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔ورم احشاء(Inflammation of Organs)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت کاسنی۔آب برگ کاسنی سبز(مروقین)۔شربت بزوری بارد۔
معجون دبیدالورد۔عرق ماءاللحم مکوکاسنی والا۔شربت دینار

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): دافع حرارت(Febrifuge)۔اورامِ حارہ(Inflammation of Warm Origin)۔
امراضِ جگروطحال(Hepatic and Spleenic Affection)۔

برگ: ورم معدہ(Gastritis)۔ورم جگر(Hepatitis)۔مسکن صفراء(Sedative for Bilious Humour)۔

تخم: امراض جگروطحال(Hepatic and Spleen Affection)۔

جڑ:دافع حمیات بلغمیہ (Anti-pyretic for Phlegmatic Humours)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): برگ: آب کاسنی مروق ۲۵۰ سے ۵۰۰ ملی لیٹر۔

تخم: ۳ سے ۵ گرام۔ بیخ(جڑ): ۳ سے ۷ گرام

مصلح(CORRIGENT): بنفشہ۔ شہد

بدل(TENEDIUM): برگ خطمی۔ برگ خبازی۔ کاسنی دشتی(Wild Chicory)۔

مُضر (COMMENTS): لمبے عرصے تک زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے سرد مزاج افراد میں کھانسی ہوسکتی ہے۔

Citrullus lanatus (Thumb.) Mansf. تربوز

نام: لاطینی: *Citrullus lanatus* (Thumb.) Mansf. خاندان: Cucurbitaceae

انگریزی: Water Melon اردو: تربوز۔ ہندوانہ۔ عربی: بطیخ ہندی۔ بزرالبطیخ۔ فارسی: تخم ہندوانہ

شناخت(IDENTIFICATION): مفروش بیل میں بڑے بڑے پھل عموماً گول یا بیضوی لگتے ہیں جن کا چھلکا سبز ہوتا ہے۔ اندر کا گودا پکنے پر سرخ ہوجاتا ہے۔ بیج بکثرت ہوتے ہیں جو کہ سیاہ یا سرخ رنگ کے اور چمکدار ہوتے ہیں۔ اس بیل کو، پاکستان، انڈیا، شمالی بنگال، کشمیر، مردان اور افغانستان میں باآسانی کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Citrulline (Stimulator of Nitric Oxide), β-Carotene, Vitamin "A" (Large Amount, Eye-sight Tonic, Maintains Texture of the Skin), Lycopene (in Pulp, Anti-oxidant), Water (92%), Vitamin "C", Sugar (6%), Carbohydrates, Dietary Fibers (Laxative, Relieve Constipation), Calcium and Iron (Strengthen Teeth and Bones).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھل گودا(Fruit Pulp) اور بیج(Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): پھل: سرد ۲ و تر ۲ تخم: سرد ۱ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS):: ملین شکم(Emollient)۔ دافع عطش(Reduces Thirst)۔ دافع حرارت(Febrifuge)۔ مسکن حرارت دموی(Reduces Heat of Sanguineous Humour)۔ مسکن(Sedative)۔ مدر بول(Diuretic)۔ معدل صفراء(Alterative for Bile)۔ مبرد(Refrigerant)۔ جسم کی ضائع شدہ رطوبت بحال کرتا ہے(Restores the Lost Energy of Human Body)۔

تخم (مغز): مسکن دماغ و اعصاب(Sedative for Brain and Nervous System)۔ مسمن بدن(Fattening for Body)۔ مسکنِ صفراء(Reduces the Heat of Bilious Humour)۔ ملین صدر(Aparient for Thoracic Region)۔ نفث الدم(Hemoptysis)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): خشک کھانسی(Dry Cough)۔ یرقان(Jaundice)۔ تحج امعاء(Enteritis)۔ حمیات حارہ(Fever of Warm Origin)۔ سل ودق(Tuberculosis)۔ حموضتِ معدہ(Gastric Hyperacidity)۔

سوزشِ معدہ(Gastric Irritation)۔ ورمِ گردہ ومثانہ(Inflammation of Kidney and Urinary Bladder)۔ اسہال صفراوی(Bilious Diarrhoea)۔ تپ صفراوی(Fever of Bilious Origin)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔ جلن وسوزش بول(Urinary Tract Irritation and Burning Micturition)۔

تخم (مغز): خشونت ریہ وقصبہ(Dryness of Lungs and Trachea)۔ حمیاتِ حارہ(Fever of Warm Origin)۔ سرفہ حار(Cough of Warm Origin)۔ جلن بول(Burning Micturition)۔ سوزش معدہ(Stomach Irritation)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): لعوق آب تربوز والا۔ روغن لبوب سبعہ۔ شربت بزوری بارد۔ لبوب بارد۔ معجون حمل عنبری علوی خانی۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): **پھل:** مدربول(Diuretic)۔ **تخم:** مغذی(Nutritive) ومقوی دماغ(Brain Tonic)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): پھل و رس حسب خوراک۔ بیج (مغز) ۳ سے ۷ گرام

مصلح(CORRIGENT): فلفل سیاہ۔ گلقند

بدل(TENEDIUM): برائے پھل: پیٹھا۔ برائے تخم تربوز: تخم کدو۔ تخم خیارین۔

مُضر (COMMENTS): خلوء معدہ پر استعمال کرنا چاہئے۔ کثرتِ استعمال سے اسہال کی شکایت ہوجاتی ہے۔ کھانے کے فوراً بعد اس کو استعمال کرنے سے پرہیز کیجئے۔

Tribulus terrestris Linn. خارخسک

نام: لاطینی:.*Tribulus terrestris* Linn. خاندان: Zygophyllaceae

انگریزی: Small Caltrop اردو: گوکھرو۔خارخسک عربی:خسک فارسی:خارخسک خرد

شناخت:(IDENTIFICATION): زمین پر پھیلنے والی ایک بوٹی کے پھل ہیں۔ پھل خاردار ہوتے ہیں اور آپس میں مل کر ایک ستارے کی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ پتے چھوٹے سفیدی مائل سبز ہوتے ہیں۔ پھول سفید و زرد ہوتے ہیں۔اس کی دو اقسام ہیں خورد اورکلاں۔اس پودے کو یورپ، جنوبی ایشیا، افریقہ، آسٹریلیا، انڈیا اور پاکستان میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Harman, Harmine, Chlorogenin, Diosgenin, Gitogenin (Anti-inflammatory), Resin, Flavonoid, Tribuloside, Tribulusterine, Terrestriamide, (Diuretic, Anti-inflammatory, Resolvent), Ferulic acid (Anti-oxidant), Vanillin (Aromatic and Flavoring Agent), Steroidal Saponins" Mainly Tribulosin, Dioscin, Terrestrosins (Anti-fungal Activity against *Candida albicans* and *Cryptococcus neoformans*, Anti-tumor, Increase the body's Natural Testosterone Levels and help to Build Smooth Muscles), Cistocardin (Cardio Protective, Dilates the Coronary Artery and Improves Coronary Circulation), Aqueous Extract (Lithotriptic, Prevent deposition of Calculogenic Material and Decreases Serum Urea Levels), Extract (Diuretic, Anti-fungal, Remove Urinary Tract Infections (UTI), Eliminates Renal and Urinary Bladder Stones).

حصص مستعملہ:(PARTS USED): پھل(Fruit)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): پتے(Leaves): گرم ۱ و خشک ۱

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محافظ قلب(Cardio-protective)۔مدر بول(Diuretic)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔مقوی بدن(Invigorating)۔مقوی باہ(Aphrodisiac)۔دافع تعفن(Anti-septic)۔ دافع تعدیہ(Anti-infective)۔مفتت سنگ گردہ ومثانہ(Lithotriptic for Kidney and Urinary Bladder)۔

معالجاتی افعال:(MEDICINAL USES): احتباس طمث(Amenorrhoea)۔عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔ مخرج حصات گردہ ومثانہ(Eliminates Renal and Urinary Bladder Stones)۔سوزاک(Gonorrhoea)۔

جریان(Spermatorrhoea)۔ جریان فاسفیٹ(Phosphaturia)۔ سلس البول(Incontinence of Urine)۔ مزمن ورم مثانہ(Chronic Cystitis)۔ البیومن کا غیر طبعی اخراج(Abnormal Excretion of Albumen)۔ مقامی تھبج(Puffness)۔ بولی وتناسلی امراض(Diseases of Genito-Urinary Tract)۔ عسرالبول(Dysuria)۔ پودے کی راکھ ضماداً وجع المفاصل کیلئے مفید ہے(The Ash of Plant is Applied in Arthritis)۔ غشائے مخاطی کی طبعی ساخت کو برقرار رکھتی ہے(Maintain and Soothes the Mucosal Membranes)۔ نقرس(Gout)۔ ضعفِ باہ مردانہ(Male Impotence)۔ دافع التہاب غشائے مخاطی مجری بول(Urethritis)۔ گردے اور مثانے کی چھوٹی بڑی پتھریوں کا اخراج کرتی ہے(Eliminates Stones and Calculi from Kidney and Urinary Bladder)۔

مرکبات: (COMPOUND PREPARATIONS): شربت بزوری۔ شربت بزوری معتدل۔ شربت مدر طمث۔ سپاری پاک۔ جوارش زرعونی عنبری بہ نسخہ کلاں۔ حلوائے گزر۔ شربت کاکنج۔ سفوف کلاں۔ معجون پنبہ دانہ۔ معجون سنگ سرماہی۔ معجون مبہی انطاکی۔

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): مدر بول(Diuretic)۔

مقدارخوراک:(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح:(CORRIGENT): بادام و تل

بدل:(TENEDIUM): پھل کی جگہ جڑ اور پتے کا عصارہ(Extract)۔

مُضر:(COMMENTS): امراض راس کے لئے مضر ہے۔

خیارین (تخم کھیرا) Cucumis sativus Linn.

نام: لاطینی: Cucumis sativus Linn. خاندان: Cucurbitaceae

انگریزی: Cucumber اردو: کھیرا عربی: قثد فارسی: خیار بالنگ۔ خیار ماکول

شناخت (IDENTIFICATION): ایک بیل کا پھل ہے۔ بعض اقسام کے کھیرے بہت پتلے ہوتے ہیں بعض موٹے اور گول بعض کے بیرونی چھلکے پر کانٹے بھی ہوتے ہیں۔ اس کی کاشت تقریباً ہر جگہ با آسانی کی جا سکتی ہے۔

کیمیائی اجزاء (CHEMICAL CONSTITUENTS):

Seeds:- Protein 42%, Fats 42.5%, Some Phosphates are also found in Ash.

Fruit:- Moisture 96.4%, Carbohydrates 2.8%, Protein 0.4%, Calcium 0.01%, Phosphorus 0.03%, Iron 1.5 mg, Vitamin A, Vitamin C, Iodine (Regulates Function of Thyroid Gland), Extract (Anti-oxidant, Anti-microbial), Essential Oil (Anti-bacterial, Anti-fungal), Phenolic contents (Anti-oxidant). The Oil contains 22.3% Linoleic Acid, 58.5% Oleic Acid, 6.8% Palmitic Acid and 3.7% Stearic Acid. Vitamin K (Anti-coagulation Factor), Dietary Fiber (Regulates Digestion), Vitamin B6, Thiamin, Folate, Pantothenic Acid (Hypolipidemic Effects, Wound Healing, Anti-acne), Magnesium, Potassium, Copper.

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھل (Fruit) اور بیج (Seeds)۔

مزاج (TEMPERAMENT): پھل: سرد ۲ تر ۲ ۔ تخم: سرد ۲ تر ۲

افعال و خواص (PHARMACOLOGICAL ACTIONS):

پھل: مسکن حدتِ صفراء و خون (Sedative for Heat of Bilious and Sanguineous Humours)۔ منوم (Hypnotic)۔ مفتح سدد جگر (Deobstruent for Hepatic Obstructions)۔

تخم: کھیرا مسہل خفیف (Laxative) بھی ہوتا ہے۔ دافع سعال حار (Anti-tussive for Cough of Warm Origin)۔ مخرج صفرائے محترق (Eliminates Oxidized Bile)۔ محلل ورم طحال (Resolvent for Spleenitis)۔ گرمی کا بخار (Effective Aginst Pyrexia of Warm Origin)۔ مدمل قرحہ (Cicatrizant)۔ مدر بول (Diuretic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): پھل: مفتح سدد جگر(Deobstruent for Liver)۔یرقان(Jaundice)۔ خفقان(Tachycardia)۔ مسکن حدتِ جگر و قلب(Sedative for the Warmness of Liver and CVS)۔ سرسام(Meningitis)۔ سوزش امعاء(Intestinal Irritation)۔ ہذیان(Delirium)۔ مخرج صفرا و سودائے احتراقی(Eliminates Oxidized Bilious and Atrabilious Humours)۔

بقول شیخ "کھیرا ککڑی کے مقابلے میں دیر ہضم ہے"۔ بغیر چھلا ہوا کھیرا کھانا اس لئے زیادہ بہتر ہے کہ اس طرح یہ معدے میں زیادہ دیر نہیں رکتا اور جلدی ہضم ہو جاتا ہے۔ تاہم صرف چھلکے کا استعمال دیر ہضم ہے۔

تخم: دافع حرارتِ بدن(Relieves Burning Sensation of Human Body)۔ جلد کا جھلسنا(Blemished Skin)۔ ورمِ جگر حار(Hepatitis of Warm Origin)۔ سوزش مجرئ بول(Urethritis)۔ ورم طحال حار(Spleenitis)۔ پھیپھڑے کے زخم کا اندمال(Cicatrizant Effect of Lungs)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت بزوری۔ تریاق مثانہ۔ شربت کا کنج۔ شربت کثوث۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مدر بول(Diuretic)۔ مسکن حدتِ خون و صفراء (Reduces heat of Bilious and Sanguineous Humours)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): کندر۔ مویز۔ اجوائن دیسی۔ شہد

بدل(TENEDIUM): ککڑی اور کھیرے کے بیج ایک دوسرے کا بدل ہیں۔

مُضر (COMMENTS): سرد مزاج افراد میں زیادہ مقدار استعمال نفخ، درد کمر، قے و متلی کا باعث ہوسکتا ہے۔

Valeriana officinalis Linn. بالچھڑ

نام: لاطینی: .Valeriana officinalis Linn   خاندان: Valerianaceae

انگریزی: Valerian   اردو: بالچھڑ   عربی: سنبل الطیب۔   فارسی: سنبل بستانی

شناخت(IDENTIFICATION): یہ خشک شدہ ریشے دار وخوشبودار بوٹی ہے۔اس کی جڑ دواءً مستعمل ہے جس کی رنگت سرخ سیاہی مائل ہوتی ہے۔ یورپ وشمالی ایشیا، نیپال وبھوٹان، پاکستان میں ضلع کمایون، کانگڑہ وکشمیر جہاں جہاں برف گرتی ہے اسکے پودے وہاں پائے جاتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Valeric Acid (Hypotensive, Potent Sedative), Valerianine, Valerinic Acid (Spasmolytic), Valepotriates (Sedative), Chatinine (Inhibit Growth of Gram-Positive Bacteria), Essential Volatile Oil (Aromatic, Anti-inflammatory, Regularizes Blood Circulation).

حصص مستعملہ (PARTS USED): جڑ(Root)اور پودے کے ریشے دار حصے۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ وخشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ محرک(Stimulant)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مسکن اعصاب(Nervine Sedative)۔ منوم(Hypnotic)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ محللِ اورام(Resolvent for Inflammation)۔ دافع حرارت(Febrifuge)۔ مجفف(Dessicative)۔ مطیب دہن(Masticatory Aromatic)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): شقیقہ(Migraine)۔ اعصابی درد(Neuralgia)۔ بدہضمی(Indigestion)۔ اس کے استعمال سے آنتوں کی حرکت دودیہ(Peristaltic Movement) بڑھ جاتی ہے۔ قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔ محللِ اورامِ رحم ومثانہ(Resolvent for Uterine Inflammation and cystitis)۔ صرع(Epilepsy)۔ اختناق الرحم(Hysteria)۔ مفتح سدد جگر(Hepatic Deobstruent)۔ اختلاج القلب(Tachycardia) میں مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): اطریفل غددی۔ اطریفل ملین۔ تریاق فاروق۔ خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔

معجون دبیدالورد۔معجون جلالی۔ایارج فیقرا۔دواءُالمسک ۔سفوف شیریں۔عرق عنبر۔عرق ماءاللحم۔نوشدارو۔برشعثاء۔جوارش جالینوس۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مدربول(Diuretic)۔دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مسکنِ اعصاب(Nervine Tonic)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): عرق گلاب۔روغن گل

بدل(TENEDIUM): اذخر۔اسارون۔

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں طویل عرصہ تک استعمال کی جائے تو گردوں کے لیے مضر ہے۔

Adiantum capillus veneris Linn. پرسیاؤشاں

نام: لاطینی: *Adiantum capillus veneris* Linn. **خاندان:** Gymnosperms

انگریزی: Maiden-Hair Fern **اردو:** ہنسراج۔ پرسیاؤشاں **عربی:** شعرالارض **اردو:** پرسیاؤشاں

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا پوداڈیڑھ دوفٹ تک بلند ہوتا ہے۔اس بوٹی کے پھل اور پھول نہیں ہوتے ہیں۔یہ بوٹی شاخ اور پتوں سمیت استعمال ہوتی ہے۔ بوٹی عموماً نمناک زمین مثلاً تالابوں، کنوئیں کے کنارے پر سایہ دار درختوں کے نیچے پیدا ہوتی ہے اور پہاڑی علاقے کی نم جگہوں پر بکثرت اُگتی ہے۔اس کے پتے گہرے سبز رنگ کے، ہنس کے پنجوں کی طرح کٹے ہوئے ہوتے ہیں۔ پتے مرکب(Compound) ہوتے ہیں۔آغاز میں چوڑے اور آخر میں پتلے ہوتے ہیں۔ پتوں کے پچھلی طرف سیاہ رنگ کے دھبے یا ذرّے موجود ہوتے ہیں۔ دراصل یہ کالے رنگ کے بیج ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Adiantone (Anti-bacterial), Flavonoid Glycosides Rutin (Anti-oxidant, Inhibit Platelet Aggregation, Improve Blood Circulation), Quercetin (Anti-inflammatory,Anti-oxidant), Astragalin (Anti-inflammantory, Anti-allergy), Exract (Anti-microbial Activity against *Bacillus*, *E. coli*, Anti-viral Activity), βeta-sitosterol (Regulate Hormonal Function).

حصص مستعملہ(PARTS USED): برگ(Leaves)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): منضج بلغم(Concoctive for Phlegm)۔ محلل(Resolvent)۔ ملطف(Demulcent)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ جالی(Detersive)۔ مجفف(Dessicative)۔ تریاق(Anti-dote) اثرات ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): محلل اورام سرد(Resolvent for Inflammation of Cold Origin)۔ حمیاتِ بلغمیہ(Fever of Phlegmatic Origin)۔ کھانسی(Cough)۔ دمہ(Asthma)۔ نزلہ(Catarrh)۔ ذات الریہ(Pneumonia)۔ ذات الجنب(Pleurisy)۔ قلاع الفم(Stomatitis)۔ داء الثعلب(Alopecia)۔

صلابت اعضاء(Hardness in Organs)۔ بواسیر خونی(Hemorrhoids)۔ احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔ امراضِ گردہ و مثانہ(Affections of Kidney and Urinary Bladder)۔ دوالیت(Varicosis)۔ اخراجِ مشیمہ (Expulsion of Placenta) کے لئے مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت صدر۔شربت زوفا مرکب۔شربت اسطوخودوس۔ شربت مدرِ طمث۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION):دافع نزلہ(Anti-catarrh)۔ مدرِ طمث(Emmenagogue)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام


مصلح(CORRIGENT): مصطگی

بدل(TENEDIUM): گل بنفشہ

مُضر (COMMENTS):امراضِ طحال میں استعمال مضر ہے۔


جھاؤ


کاسنی



تربوز


خار خسک


تخم خیارین


بالچھڑ


تخم خربزہ


پرسیاؤشاں

Juniperus communis Linn. ابہل

نام: لاطینی: *Juniperus communis* Linn. خاندان:Cupressaceae

انگریزی: Juniper اردو:ابہل عربی:حب العرعر فارسی: تخم ربل

شناخت(IDENTIFICATION): ابہل کا درخت بڑا ہوتا ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں۔ بڑی قسم کے پتے سرو کے پتوں سے مشابہت رکھتے ہیں۔اس کا پھل بیر کے برابر ہوتا ہے۔تازہ پھل سُرخ، پختہ سیاہ ہوتا ہے اوراس کے اندر کئی تخم پوشیدہ ہوتے ہیں۔اس کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے۔ابہل ہندستان کوہِ ہمالیہ، ایران، پاکستان کے صوبہ خیبر پختون خواہ میں، زیارت بلوچستان اور شمالی مغربی علاقے میں پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Pinene (Diuretic, It is used for Rheumatism as a liniment, Tonic for the Mucus Membranes of the Respiratory Tract, Pleasant Fragrance Agent), Borneol (Skin Tonic, a Local Anaesthetic, Sedative and Anti-spasmodic), Nerol (Anti-microbial Acivity), Proanthocyanidins (Anti-oxidant, Anti-tumor, Strengthen the Capillaries, Preventing Leakage and Reducing Swelling of the Tissues), Flavonoids (Anti-inflammatory, Anti-oxidant), Oxycedrus Tar is Cadinene, a Sesquiterpene (It is used as a Hair-conditioning Agent and a Fragrance Component), Vitamin "C", Resin, Invert Sugar (Glucose + Fructose, Flavoring Agent), Essential Volatile Oil (To Stimulate and Strengthen the Nerves, to Relieve Urine Retention, Rubefacient, Arthritis, Gout, Acne, Dermatitis, Psoriasis and Weeping Eczemas, helps promote the Removal of Fluid and Waste Products from Tissues, External applications also help to Relieve Muscular Pain, Varicose Veins and Backache, To Stimulate Menstruation, Juniper oil can be added to a carrier Oil and used in a Sitz Bath, Steam inhalation of the essential oil may also Relieve Coughs and Bronchitis, Extract (Diuretic, Emmenagogue, Resolvent, Anti-septic, Stomachic and effective against Rheumatoid Arthritis).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھل(Fruit)۔ تنا(Stem)۔ روغن(Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ مفتح سدد(Deobstruent)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ جالی(Detergent)۔خفیف قابض(Slightly Astringent)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): بدہضمی(Indigestion)۔اسہال(Diarrhoea)۔استسقاء(Ascites)۔ امراض گردہ ومثانہ(Renal and Urinary Bladder Affections)۔عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔ دردِ شکم(Abdominal Pain)۔محلل اورام رحم(Resolvent for Uterine Inflammations)۔عسر البول(Dysuria)۔ احتباس طمث(Amenorrhoea)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): معجون مدر طمث۔شربت مدر طمث۔شربت مدر۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔مدر بول(Diuretic)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۲ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ مکھن۔

بدل(TENEDIUM): برگ سداب

مُضر (COMMENTS): متواتر استعمال سے حاملہ خواتین میں اسقاطِ جنین کا باعث ہوسکتا ہے۔گرم مزاج افراد میں بکثرت مقدار خوراک سے طبعی مزاج متاثر ہوسکتا ہے۔

Anethum graveolens Linn. تخم سویا

نام: لاطینی: *Anethum graveolens* Linn. خاندان: Umbelliferae / Apiaceae

انگریزی: Dill اردو: تخم سویا عربی: تخم شبت فارسی: تخم شبت

شناخت(IDENTIFICATION): سوئے کے تخم بادیان کے تخموں سے مشابہ لیکن ان سے چھوٹے اور چپٹے ہوتے ہیں۔ ان کا ذائقہ تیز اور خوشبودار ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-microbial, Osteoarthritis, Gout, Arthritis, Rheumatoid Arthritis), Limonene (Anti-inflammatory, Anti-viral), Seed Extract (Diuretic, Emmenagogue, Dymenorrhoea, Dysuria).

حصص مستعملہ(PARTS USED): تخم (بیج)

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۳ وخشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مسکن درد(Anodyne)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مُقی(Emetic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔ مروڑ(Abdominal Cramps)۔ ضعفِ ہضم(Indigestion)۔ دردشکم(Abdominal Pain)۔ نفخ شکم(Flatulence)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ فالج(Paralysis)۔ اعصابی درد کو زائل کرتا ہے(It removes Neuralgia)۔ دردِ قولنج(Colic Pain)۔ امراض رحم(Uterine Affections)۔ ایام کی بے قاعدگی(Irregular Menstruation)۔ عسر البول(Dysuria)۔ وجع المفاصل(Arthritis)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): جوارش زرعونی۔ شربت بزوری حار۔ مطبوخ مدر طمث۔ تریاق مثانہ۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مدر حیض(Emmenagogue)۔ مدر بول(Diuretic)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۲ سے۳ گرام (تخم)۔ ۳ سے ۵ قطرے (روغن سویا) متاثرہ حصے پر مساج کیا جاتا ہے۔

مصلح(CORRIGENT): سکنجبین

بدل(TENEDIUM): سویا خشک۔سویا تازہ

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد کے لئے بکثرت استعمال نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔بکثرت مقدار خوراک سے خواتین میں اسقاط(Abortion) ہوجاتا ہے۔

Nigella sativa Linn. کلونجی

نام: لاطینی: *Nigella sativa* Linn. خاندان: Ranunculaceae

انگریزی: Nigella Seeds اردو: کلونجی، سیادانہ، شونیز عربی: حبۃ السوداء فارسی: شونیز

شناخت:(IDENTIFICATION): اس کا پودا ۴۵ سینٹی میٹر اونچا ہوتا ہے۔ پتے دو سے چار سینٹی میٹر لمبے دو تین حصوں میں منقسم ہوتے ہیں۔ پھول ہلکے نیل گوں آٹھ پنکھڑیوں والے ہوتے ہیں۔ بیج تکونے اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں۔ بو تیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے۔ اس کا پودا جنوبی یورپ، شمالی افریقہ، ایشیا، انڈیا کے اکثر حصوں اور بالخصوص بنگال میں جبکہ پاکستان میں سندھ اور پنجاب کے علاقہ جات میں باآسانی کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء:(CHEMICAL CONSTITUENTS): Magnesium, Nigellone (Anti-histamine, Anti-oxidant, Anti-infective, Anti-spasmodic, Bronchodilating Effect), Thymochinone (Bronchodilating Effect, Analgesic, Hepato protective, Cleans the Body from Toxins), Thymoquinone (Anti-tumor, Hepato-protective), Seed Extract (Galactagogue, Effective against *Micro-cococcus Pyogenes, Escherichia coli*), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-bacterial, Anti-oxidant), Carvacrol (Natural Anti-microbial, Anti-bacterial and Anti-fungal Activities), Fixed Oil (Anti-bacterial, Anti-fungal, Anti-inflammatory, Anti-oxidant Activities, Palmitic Acid, Linolenic Acid, Linoleic Acid), Stigmasterol, Campesterol (Decrease Cholestrol Level in Blood and Preventing Coronary Heart Disease), Vitamin A, B, C, Calcium, Potassium.

حصص مستعملہ:(PARTS USED): تخم(Seeds)۔

مزاج:(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص:(PHARMACOLOGICAL ACTIONS):- محلل(Resolvent)۔کاسر ریاح(Carminative)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔مدرلبن(Galactagogue)۔بلغمی امراض(Phlegmatic Affections)۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔منفث بلغم(Expectorant)۔محرک رحم(Uterine Stimulant)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔

معالجاتی افعال:(MEDICINAL USES): ضعفِ معدہ(Gastric debility)۔ دردِ شکم(Abdominal Pain)۔ سوءِ ہضم(Indigestion)۔ نفخِ شکم(Flatulence)۔ مخرج کرم شکم وامعاء(Gastric and Intestinal Vermifuge)۔ یرقان(Jaundice)۔ وجع المفاصل(Arthritis) ۔ دردِ شقیقہ(Migraine)۔ احتباس الطمث(Amenorrhoea)۔ عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔ دردِ کمر(Backache)۔ دمہ(Asthma)۔ التہاب شعب(Bronchitis)۔ قولنج(Colic Pain)۔ قلت لبن(Oligogalactia)۔

روغنِ کلونجی: فالج(Paralysis)۔ لقوہ(Facial Paralysis)۔ دردِ کمر(Backache)۔

(بیج) کلونجی کا پیسٹ: محللِ اورام ہے(Seed Paste is Resolvent for Inflammations)۔ داد(Ringworm)۔ برص(Leukoderma)۔ بہق ابیض(Pityriasis alba)۔ بہق اسود(Pityriasis nigra)۔ داء الثعلب(Alopecia)۔ مہاسوں پر طلا کرتے ہیں(Embrocation Applied on Navus)۔

مرکبات: (COMPOUND PREPARATIONS): حب حلتیت ۔ جوارش شونیز ۔ روغن شفاء ۔ روغن کلاں ۔ ضماد برص ۔ معجون اذراقی ۔ معجون نانخواہ ۔

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): مقوی معدہ وجگر(Gastric and Hepatic Tonic)۔ مدر شیر(Galactagogue)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر حیض(Emmenagogue)۔

مقدار خوراک:(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام تک

مصلح:(CORRIGENT): کتیرا

بدل:(TENEDIUM): انیسون

مُضر:(COMMENTS): گرم مزاج والے افراد میں زیادہ مقدار خوراک اور طویل عرصے تک استعمال کرنے سے حلق کیلئے خراش آور ہے۔ معدے وامعاء سے جریانِ خون کی تکلیف بھی ہوجاتی ہے۔ حاملہ خواتین میں زیادہ مقدار خوراک استعمال کرنے سے اسقاط ہوسکتا ہے۔

Cuminum cyminum Linn. زیرہ سفید

نام: لاطینی: *Cuminum cyminum* Linn. خاندان: Umbelliferae / Apiaceae

انگریزی: Cumin Seed اردو: زیرہ سفید عربی: کمون ابیض فارسی: کمون سفید

شناخت: (IDENTIFICATION): سونف کے پودے سے پتلا پودا ہے۔ پتے سوئے کے پتوں سے مشابہ، پھول چھتری کی صورت میں لگتے ہیں۔ان پھولوں میں سفید اور بھورے رنگ کے چھوٹے بیج ہوتے ہیں۔ یہ پودے برِصغیر کے علاوہ بنگال، آسام اور ایران میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔ یہ پودا منطقہ حارہ کے ممالک میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء: (CHEMICAL CONSTITUENTS): Thymene (Anti-bacterial, Anti-fungal), Cuminol (Carminative, Stomach Tonic), Cuminic Acid, Cymene, Cuminaldehyde (Anti-septic, Aromatic and Flavoring Agent), Vitamin "A" (Eye-sight Tonic), Vitamin "C" (Maintains Texture of Blood Vessels, Strengthen the Gums), Calcium (Strengthen the Teeth and Bones), Phosphorus, Magnesium, Limonene (Anti-septic), Phellandrene (Anti-viral), Pinene (Tonic for Mucous Membranes and Respiratory Tract, Diuretic Property), Cumin Oil (Anti-septic, Anti-spasmodic, Bactericidal, Carminative, Digestive, Galactagogue, Diuretic, Emmenagogue, Nervine Stimulant and Tonic), Extract (Carminative and Galactagogue), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-septic, Stomach Tonic).

حصص مستعملہ: (PARTS USED): تخم (Seeds)۔

مزاج: (TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲۔

افعال وخواص: (PHARMACOLOGICAL ACTIONS): اندرونی طور پر: مقوی معدہ (Stomach Tonic)۔ مقوی جگر (Hepatic Tonic)۔ مولد مادہ منویہ (Produces Seminal Fluid)۔ مدرلبن (Galactagogue)۔ کاسر ریاح (Carminative)۔ منفث بلغم (Expectorant)۔ محلل اورام (Resolvent for Inflammations)۔ مفتت حصاتِ گردہ ومثانہ (Lithotriptic for Kidney and Urinary Bladder)۔

بیرونی طور پر: محلل اورام(Resolvent for Inflammations)۔

معالجاتی افعال:(MEDICINAL USES): ضعفِ معدہ(Gastric debility)۔قلت لبن(Decreases Lactation)۔ سوءِ ہضم(Indigestion)۔ قے(Emesis)۔ہچکی(Hiccup)۔ جرب(Scabies/Itching)۔ ورمِ پستان(Mastitis)۔ حکہ(Pruritis)۔حاملہ خواتین میں قے و متلی(Nausea and Morning Sickness in Pregnant Women)۔ مخرج حصاتِ گردہ و مثانہ(Eliminates Calculous from the Kidney and Urinary Bladder)۔ مخرج حصاتِ مثانہ(Cystolith)۔سوزاک(Gonorrhoea)۔

بیرونی طور پر: عقرب گزیدگی میں لبطور ضماد(Its Paste is Applied on Scorpion Bite)۔حکہ(Pruritis)۔ جرب(Scabies / Itching)۔داد(Ringworm)۔

مرکبات:(COMPOUND PREPARATIONS): جوارش مصطگی۔سفوف ہاضم۔حب مصفی خون۔سفوف چٹکی۔عرق ہاضم۔ عرق زیرہ۔معجون بواسیر۔

نفع خاص:(SPECIFIC ACTION): ہاضم(Digestive)۔

مقدار خوراک:(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح:(CORRIGENT): پھیپھڑے اور آنتوں کے لئے کتیرا۔

بدل:(TENEDIUM): اجوائن۔کلونجی

مضر:(COMMENTS): گرم مزاج والے افراد کے لئے زیادہ مقدارِ خوراک نقصان دہ ہے۔بکثرت استعمال کرنے سے درست آور ہے۔طویل عرصے تک استعمال کرنے سے پھیپڑوں کا فعل متاثر ہوسکتا ہے۔

Polygonum bistorta Linn. انجبار

نام: لاطینی: *Polygonum bistorta* Linn.   خاندان: Polygonaceae

انگریزی: Knotweed Root / Vivaparous Bistort   اردو: انجبار   عربی: انجبار   فارسی: انکبار

شناخت(IDENTIFICATION): انجبار کا پودا بقدر ۲ گز بلند ہوتا ہے شاخیں باریک مائل بہ سرخی ہوتی ہیں۔ پھول بھی سرخ ہوتا ہے۔ پھولوں کے غلاف میں باریک تخم بھرے ہوتے ہیں۔ اس کی جڑ کھردری، گرہ دار اور سرخی مائل ہوتی ہے۔ کشمیر، پاکستان، شام، ایران اور انڈیا میں پایا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Tannin (Astringent, Hemostatic, Anti-microbial Activities), Gallic Acid (Astringent, Hemostatic), Emodin (Anti-tumor Activity), Flavonoid (Anti-oxidant), Glycosides, Vitamin "E" (Anti-oxidant, Tonic for Skin and Eye-sight), β-sitosterol (Inhibit Cholesterol Absorption in Intestines and useful against Breast Cancer, Benign Prostatic Hpertrophy / BPH), Quercitrin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Catechin (Anti-oxidant, Astringent), Coumarin (Anti-coagulant, Anti-fungal, Anti-tumor), Extract (Anti-inflammatory, Anti-bacterial, Anti-carcinogenic, Anti-oxidant).

حصص مستعملہ(PARTS USED): بیخ (Rhizome)۔ تخم (Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): متلی(Nausea)۔ مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔ مقوی امعاء(Intestinal Tonic)۔ جریان خون(Hemorrhage)۔ نفث الدم(Hemoptysis)۔ حابس(Styptic)۔ قابض(Astringent)۔ امراضِ نظامِ تنفس(Affections of Respiratory System)۔ بول الدم(Hematuria)۔ قے الدم(Hematemesis)۔ جلن و سوزش بول(Irritation and Burning Micturition)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): پیچش(Dysentery)۔ التہابِ الریہ(Inflammation in the Lungs)۔ التہابِ معدہ و امعاء(Gastro-enteritis)۔ ضعف معدہ(Gastric debility)۔ کثرت طمث(Menorrhagia)۔ یرقان(Jaundice)۔ اسہال دموی(Bloody Diarrhoea)۔ مزمن التہابِ شعب(Chronic Bronchitis)۔

رعاف(Epistaxis)۔بواسیر خونی(Hemorrhoids)۔سل ودق(Tuberculosis)۔صفراوی بخار(Bilious Fever)۔ صفراوی اسہال(Bilious Dysentery)۔زحیر(Dysentery)۔زحیر امیبیائی (Amoebic Dysentery)۔ زحیر باسیل(Bacillary Dysentery)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): قرص انجبار۔سفوف استحاضہ۔معجون بواسیر۔شربتِ انجبار۔معجون حمل عنبری علوی خان۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔مقوی امعاء(Intestinal Tonic)۔ مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔قابض(Astringent)۔حابس(Hemostatic)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ زنجبیل

بدل(TENEDIUM): حب الآس

مُضر (COMMENTS): باردالمزاج افراد کے لئے زیادہ مقدار میں یا طویل عرصے تک استعمال کرنے سے قابض اثرات نمایاں ہوجاتے ہیں۔

بیل۔بیلگری **Aegle marmelos** Linn.

نام: لاطینی: *Aegle marmelos* Linn. خاندان: Rutaceae

انگریزی: Bael Fruit/Stone Apple/Bengal Quince اردو: بیل۔بیلگری

عربی: قص ھندی فارسی: بیلگری

شناخت(IDENTIFICATION): اس کا درخت پاک و ہند میں ۲۰ سے ۲۵ فٹ اونچا ہوتا ہے۔ پھل ابتدا میں سبز، پکنے پر زرد، بڑے انار کے برابر ہوتا ہے۔ اس کا چھلکا بہت سخت اور پھل کا گودا پکنے پر میٹھا ہوتا ہے۔ اس کا درخت ہندوستان، پاکستان، میانمار، سری لنکا اور نیپال میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Coumarin (Blood Thinning, Anti-coagulant, Anti-fungal, Anti-tumor Activities), Mucilage (Exert Soothing Effects on Mucous Membranes), Pectin (Dietary Fiber), Scopoletin (Analgesic, Anti-pyretic), Starch, Carbohydrate, Protein, Lipids, Tannin, Fiber, Vitamin "C" (Maintains the Flexibility of Blood Vessels), Essential Volatile Oil (Anti-bacterial), Extract of Fruit (Anti-bacterial, Anti-viral for rota virus, Anti-giardiasis Activities), Umbelliferone (Anti-oxidant, Sun-screen Agent), Marmesin (Leaf: Anti-oxidant, Cardioprotective), Marmelosine (Fruit: Anthelmintic, Anti-bacterial, Anti-ulcer), Marmorosin (Analgesic, Anti-inflammatory, Anti-bacterial, Anti-viral), Leaves Contain Sterols, Aegelin (Leaf: Cardioactive, Anti-inflammatory), Calcium, Phosphorus, Iron, Carotene (Ophthalmic Tonic), Thiamine (Promote Hair Growth), Imperatorin (Anti-inflammatory), Skimmianine (Leaf, Immature Bark: Sedative, Hypnotic, Anti-pyretic, Anti-malarial, Anti-cancer), Aqueous Extract (Cardiac Stimulant and Tonic, Smooth Muscle Relaxant, Uterine Muscle Relaxant), Eugenol (Anti-oxidant, Anti-bactrerial, Hepato-protective, Anti-ulcer, Cardio-protective).

حصص مستعملہ(PARTS USED): **پھل(Fruit)**: کچے یا پکے پھل کا گودا(Pulp of Ripe and Immature Fruit)۔ پتے(Leaves)۔ جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): **تازہ پھل**: بارد ۲ رطب ۲۔ **خشک پھل**: سرد ۲ و خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): لعاب دار(Mucilaginous)۔ قابض(Astringent)۔ معدِّل(Alterative)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic)۔مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔مقوی دماغ(Brain Tonic)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ قاتلِ کرمِ شکم(Anthelmintic) ۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic)۔ حابس الدم(Haemostatic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): معدے کی تیزابیت(Gastric Hyperacidity)۔ ورمِ معدہ(Gastritis)۔ ضعف معدہ(Gastric debility)۔ ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔ اعصابی کمزوری(Nervous debility)۔ ضعف دماغ(Brain debility)۔ضعفِ جگر(Hepatic debility)۔ ورمِ کبد (Hepatitis)۔ یرقان(Jaundice)۔ عظمِ کبد (Hepatomegaly)۔ اسہال دموی (Bloody Diarrhoea)۔قروح اثناء عشری(Duodenal Ulcer)۔ بلندفشار الدم(Hypertension)۔ دافع زحیر(Anti-dysenteric)۔ قرحہ ہضمیہ (Peptic Ulcer)۔ سوءِ ہضم(Indigestion)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): مربہ بَیل۔ معجون بواسیر۔ شربتِ بیلگری

نفعِ خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی معدہ و امعاء(Intestinal and Stomach Tonic)۔ مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۲ سے ۳ گرام سفوف۔ جوشاندہ ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شکر

بدل(TENEDIUM): اسپغول

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار خوراک سے قبض پیدا ہوتا ہے۔

Myrtus communis Linn. حب الآس

نام: لاطینی: Myrtus communis Linn. خاندان: Myrtaceae

انگریزی: Myrtle, Myrtle Berry اردو: حب الآس عربی: حب الآس فارسی: تخم مورد

شناخت(IDENTIFICATION): یہ ایک بڑا اور پہاڑی درخت ہے۔اس کے خام پھل سبز اور پختہ سیاہ مرچ سے تھوڑے بڑے ہوتے ہیں۔ذائقہ قدرے شیریں اور تلخی مائل کسیلا ہوتا ہے۔اس کے پتوں کو برگ آس یا برگ مورد کہا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Myrtol (Anti-septic, Bronchitis, Chronic Obstructive Pulmonary Obstruction / COPD, Sinusitis, Rhinitis), Myrtucommulone (Anti-inflammatory, Anti-oxidant, and Tyrosinase Inhibition), Sitosterol (Anti-oxidant, Cholesterol Degradation, especially in the treatment of Benign Prostatic Hyperplasia /BPH, Flavonoids (Anti-inflammatory), Tannin (Astringent, Haemostatic, Anti-microbial), Cineole (Anti-inflammatory, Fragrance and Flavor Agent), Plant Extract (Astringent, Sedative, Anti-haemorrhagic, Anti-bacterial, Anti-diarrhoeal, Ulcer-protective Activity, Reduce the Gastric Juices Volume and Acidity).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھل(Fruit)۔پتے(Leaves)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۱ و خشک ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): قابض(Astringent)۔حابس خون(Hemostatic)۔حابس عروق(Hemostatic for Blood Vessels)۔مقوی معدہ وامعاء(Gastric and Inestinal Tonic)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔مانع پسینہ(Anti-diaphoretic)۔مسکن(Sedative)۔مجفف(Dessicative)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): مانع جریان خون(Anti-haemorrhagic)۔سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔اسہال(Diarrhoea)۔تریاق گزیدگی عقرب(Anti-dote for Scorpion Bites)۔زخم مثانہ(Wounds of Urinary Bladder)۔خفقانِ حار(Tachycardia of Warm Origin)۔بواسیری مسّوں پر ضماداً(Appplied on Hemorrhoids)۔سوزش بول(Burning Micturition)۔زخم امعاء(Intestinal Wounds)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت حب الآس۔جوارش طباشیر۔جوارش زرشک۔معجون بواسیر۔معجون ماسک البول۔معجون موچرس۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مانع اسہال (Anti-diarrhoeal)۔ حابس خون (Hemostatic)۔ قابض (Astringent)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): گرم تر ادویہ۔ توت سیاہ۔ زرشک

بدل(TENEDIUM): انجبار۔

مُضر (COMMENTS): سرد مزاج افراد کا طبعی مزاج متاثر ہوسکتا ہے اور کثرتِ استعمال سے امعاء پر قابض اثرات نمایاں ہوجاتے ہیں۔

برگ آس

شناخت(IDENTIFICATION): اس کے پتوں کو برگ آس یا برگ مورد کہا جاتا ہے۔ اس کے پتے برگ سناء سے مشابہ ہوتے ہیں مگر ان کا رنگ گلابی مائل سبز ہوتا ہے اور لمبائی بھی سناء کے پتوں سے ذرا کم ہوتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Essential Volatile Oil (Aromatic, Anti-inflammatory, Sedative, Analgesic, Anti-microbial, Anti-bacterial, Effective against Herpes Simplex Virus/HSV-1), Also find use in Perfumery Industry).

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام (Resolvent for Inflammation)۔ مجفف (Dessicative)۔ مسکن (Sedative)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): صداع (Headache)۔ امراض تنفس (Respiratory Tract Affections)۔ اورام حارہ (Inflammation of Warm Origin)۔ پتوں کا سفوف داد (Ringworm)۔ مدمل زخم ہے اور پٹھوں کو مضبوط کرتا ہے (Bring Cicatrization of Wounds and Strenghten the Muscles of Shoulders)۔ تیل بالوں کی جڑوں کے لئے مقوی ہے (Oil Stengthen the Hair Roots)۔ مقوی شعر (Hair Tonic)۔ جلے ہوئے مقام پر پتے باندھنا باعث تسکین ہے (Leaves are tied on the Burned Parts)۔ گٹھیا (Gout) میں بھی اسکا ہلکا مساج آرام دیتا ہے۔

مقدار خوراک(DOSAGE): برگ حب الآس: ۳ سے ۵ گرام۔ روغنِ حب الآس: حسبِ ضرورت متاثرہ حصے پر مساج کرتے ہیں۔

Acacia arabica Linn. ببول

نام: لاطینی: *Acacia arabica* Linn. **خاندان:** Mimosaceae

انگریزی: Gum Arabica / Acacia **اردو:** ببول۔ کیکر۔ مغیلاں **عربی:** صمغ عربی **فارسی:** مغیلاں

شناخت(IDENTIFICATION): مشہور کانٹوں والا مضبوط درخت ہے۔ چھوٹے چھوٹے گول زرد پھول، پھلیاں تسبیح کی مانند ہوتی ہیں۔ درخت ببول (کیکر) کا گوند زیادہ تر طب میں استعمال ہوتا ہے اس کی ڈلیاں زردی مائل نیم شفاف ہوتی ہیں۔ مزہ پھیکا لعاب دار ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Polysaccharides (Used in Tablet Making as Stabilizer), Mucilage (Produces Soothing Effect on the Mucous Membranes), Catechin (Astringent, Anti-oxidant), Tannin (Astringent, Styptic, Anti-microbial Activities), Calcium, Extract of Bark (Anti-oxidant), Quercetin (Maintains the Flexibility of Blood Vessels), Gallic Acid (Astringent, Hemostatic Activities).

حصص مستعملہ (PARTS USED): برگ(Leaves)۔ چھال(Bark)۔ کچی پھلیاں(Immature Pods)۔ گوند(Gum)۔ عصارہ(Extract)۔

مزاج(TEMPERAMENT): **چھال:** سرد ۲ و خشک ۲۔ **گوند:** گرمی وسردی میں معتدل خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): قابض(Astringent)۔ حابس الدم(Hemostatic)۔ مجفف(Dessicative)۔ مغری(Glutinous)۔ رادع(Repercussive)۔ ملطف(Demulcent) ہے۔ مسوڑھوں کو مضبوط کرتا ہے(Strengthen the Gums)۔ اس کا گوند گولیاں بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے (Gum is used for the manufacturing of Tablets)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): سینے اور حلق کی خشونت(Irritation of Chest and Throat)۔ پھیپھڑوں کے زخم(Healing of Lungs Wounds)۔ عضلاتی کمزوری(Muscle Weakness)۔ پیچش(Dysentery)۔ اسہال(Diarrhoea)۔ سل ودق(Tuberculosis)۔ جریان(Spermatorrhoea)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔ ورم لثہ(Gingivitis)۔ سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ خروج رحم(Prolapse Uteri)۔ بواسیر(Piles)۔

خروج مقعد (Prolapse Ani)۔ خشک کھانسی (Dry Cough)۔ نزلہ حار میں اس کا استعمال مفید ہے (Effective against Influenza of Warm Origin)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): حب سل۔ اندمالی۔ حب آواز کشا۔ حب رال۔ قرص سیلان۔ سنون پوست مغیلاں۔ قرص سلاجیت۔ لعوق سپستاں

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): قابض و حابس (Astringent & Styptic)۔


مقدار خوراک (DOSAGE): چھال: ۳ سے ۵ گرام تک۔ **گوند:** ۱ سے ۳ گرام تک


مصلح (CORRIGENT): شہد

بدل (TENEDIUM): پوست امرود۔ کتیرا

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار خوراک یا طویل عرصے تک استعمال کرنے سے معدے اور امعاء میں قابض اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں۔ سرد مزاج افراد کے لیے زیادہ مقدار خوراک مضر ثابت ہو سکتی ہے۔



ابہل



تخم سویا



کلونجی


زیرہ سفید


انجبار


بیل گری


حب الآس


ببول

Bambusa arundinacea Retz. Linn. طباشیر

نام: لاطینی: Bambusa arundinacea Retz. Linn. خاندان: Gramineae / Poaceae

انگریزی: Bamboo Manna اردو: طباشیر۔بنسلوچن عربی: طباشیر فارسی: بنسلوچن

شناخت(IDENTIFICATION): ایک سفید سیال رطوبت (Manna) ہے جو ابتداً رقیق شکل میں بانس کے جوف (Cavity) میں جمع ہوتی رہتی ہے اور اس کے بعد منجمد و خشک ہو جاتی ہے۔ بہترین طباشیر وہ ہے جو وزن میں ہلکی اور رنگت میں سفید و شفاف ہوتی ہے۔ بانس میں شگاف دے کر طباشیر نکالتے ہیں۔ یہ درخت پاکستان اور ہندوستان میں با آسانی کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Salicic Acid, Silicates (90%, Strengthen and Maintain Flexibility of Collagen, Connective Tissues and Cartilage Forming Cells), Ascorbic Acid (Anti-oxidant). Riboflavin (Formation of RBCs and Anti-bodies), Urease (Hydrolysis of Urea into CO_2 and Ammonia). Extract: (Anti-inflammatory, Anti-ulcerative), Potash, Calcium Carbonate.

حصص مستعملہ(PARTS USED):۔ منجمد رطوبت(Manna)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۱ و خشک ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مقوی معدہ وجگر(Gastric and Hepatic Tonic)۔ مسکن حرارت صفراء وخون(Sedative for Sanguineous and Bilious Humours)۔ حابس(Styptic)۔ قابض(Astringent)۔ سوزش احشاء(Irritation of Organs)۔ مفرح قلب(Exhilarant)۔ مجفف(Dessicative)۔ ضعفِ جگر(Hepatic debility)۔ خفقانِ حار(Tachycardia of Warm Origin)۔ دموی وصفراوی امراض(Sanguineous & Bilious Affections)۔ دافع بخار(Anti-pyretic)۔ متلی(Nausea)۔ مانع قے(Anti-emetic) فوائد بھی پائے جاتے ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): تیزابیت معدہ(Gastric Hyperacidity)۔ ورم معدہ(Gastritis)۔ نفث الدم(Hemoptysis)۔ قے الدم(Hematemesis)۔ بول الدم(Hematuria)۔ سل ودق(Tuberculosis)۔ سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ مزمن اسہال(Chronic Diarrhoea)۔ ورم جگر(Hepatitis)۔ یرقان(Jaundice)۔

نقرس(Gout)۔ صفراوی قے(Anti-emetic for Bilious Humours)۔ ضعفِ قلب(Cardiac debility)۔ صفراوی و دموی بخار(Pyrexia of Sanguineous and Bilious Humours Origin)۔ قلاع الفم(Stomatitis)۔ مزمن وجع المفاصل(Chronic Arthritis)۔ قروح اثناء عشری(Duodenal Ulcer)۔ بواسیر دموی(Hemorrhoids)۔ التہاب شعب(Bronchitis)۔ جلن سوزش بول(Irritation and Burning Micturition)۔ کثرت طمث (Menorrhagia) میں مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب طباشیر۔ سفوفِ طباشیر۔ سفوفِ ستِ گلو

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی معدہ، امعاء و جگر(Tonic for Stomach, Intestines and Liver)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ مصطگی۔ عناب

بدل(TENEDIUM): خرفہ و ساق

مُضر (COMMENTS): باردالمزاج افراد کیلئے زیادہ عرصے استعمال سے قابض اور مضعفِ باہ اثرات نمایاں ہوتے ہیں

Saraca indica Linn. اشوکا

نام: لاطینی *Saraca indica* Linn. خاندان: Caesalpiniaceae

انگریزی: Ashoka Tree اردو: اشوکا۔ پوست اشوکا۔ پوست سرخ۔ عربی: سراکا ہندی فارسی: پوست سرخ

شناخت(IDENTIFICATION): یہ بہت سی شاخوں والا گھنا درخت ہے۔ اونچائی دس سے پندرہ فٹ ہوتی ہے۔ پتے آم کے پتوں سے مشابہہ مگر ان سے لانبے، نوکدار، ملائم اور خشک ہونے پر سرخ ہو جاتے ہیں۔ پھول سرخ گچھے دار موسم بہار سے برسات تک کھلتے ہیں۔ زیادہ تر پاک بھارت میں پیدا ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Tannins (Astringent, Haemostatic, Anti-microbial), Catechin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Anti-tumor), Quercetin (Maintains the Flexibility of Blood Vessels, Anti-oxidant), Essential Volatile Oil (Exert Stimulant Effects on the Uterine Muscles), Extract of Bark (Effective against Bacterial Infections, Astringent, Haemostatic).

حصص مستعملہ(PARTS USED): عموماً پوست(Usually Bark)۔

کبھی پتے و پھول(Rarely Flowers and Leaves are used)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ا و خشک ا۔

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): حابس الدم(Haemostatic)۔ قابض(Astringent)۔ نفث الدم(Hematemesis)۔ قے الدم(Haemoptysis)۔ ہڈی کو جوڑنے والا(Bones Joining Agent)۔ خصیۃ الرحم کے نسیج پر محرک اثر کرتی ہے(Exert Stimulant Activity on the Uterine Ovarian Muscles)۔ تریاق امراض نسواں ہے(Alaxipharmic for Feminine Disorders)۔ خصیۃ الرحم کے عضلات پر براہ راست اثر کرتی ہے(Stimulant for Ovarian Tissues)۔ محلل اورام رحم(Resolvent for Uterine Inflammations)۔ مسکن رحم(Uterine Sedative)۔ مانع اسقاط(Prevents abortion)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ضعف معدہ(Gastric debility)۔ ضعف امعاء(Intestinal debility)۔ سل و دق(Tuberculosis)۔ بول الدم(Haematuria)۔ سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ اسہال(Diarrhoea)۔

اسہال دموی(Bloody Diarrhoea)۔ضعف الرحم(Uterine debility)۔کثرتِ طمث(Menorrhagia)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): آیورویدک میں کئی مرکبات تیار کئے جاتے ہیں۔جوشاندے اور خیساندے کے طور پر بھی بکثرت استعمال کرایا جاتا ہے۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): قابض (Astringent)۔حابس(Haemostatic)۔(بالخصوص امراضِ نسواں(Feminine Disorders)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): پوست ۲ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): مکھن و گھی

بدل(TENEDIUM): پوست ببول۔ سپاری۔

مُضر (COMMENTS): طویل عرصے تک استعمال کرنے سے قابض اثرات نمایاں ہوجاتے ہیں۔سردمزاج افراد کے لئے مسلسل استعمال نقصان دہ ہے۔بھوک میں کمی محسوس ہوسکتی ہے۔

ڈھاک۔پلاس *Butea monosperma* (Lam).O.Kuntze

نام: **لاطینی:** *Butea monosperma* (Lam).O.Kuntze **خاندان:** Papilionaceae

انگریزی: Butea Tree, Bengal Kino **اردو:** ڈھاک۔پلاس پاپڑہ۔ٹیسو **عربی:** پلاس۔پلہ **فارسی:** ٹیسو

شناخت(IDENTIFICATION): یہ ایک متوسط قد کا بہت خوبصورت درخت ہے۔ پتے تین تین یکجا ۴ سے ۸ انچ لمبے گولائی لئے ہوئے، نیچے کی جانب خوب روئیں دار ہوتے ہیں۔ پھول مخملی نارنجی رنگ کے جو درمیان سے سیاہ ہوتے ہیں۔ پھلیاں ۴ سے ۸ انچ لمبی چوڑی ہوتی ہیں۔ بیج چوڑے گردے نما(Reniform) ہوتے ہیں۔ درخت پر شگاف دینے سے گوند جم جاتا ہے۔ اس کے گوند کو صمغ ڈھاک، کمرکس اور چنیا گوند بھی کہتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): **Flower:-** Glucosides Butrin, Isobutrin (Anti-hepato-toxic Activity), Butein, Palasitrin (Insecticidal), Monospermoside (Anti-microbial Activity), Sulphurein (Anti-septic Activity, Anthelmintic).

Gum:- Tannic Acid (Astringent, Hemostatic, Anti-microbial Activity).

Bark:- (Tannin, Phenolic Acids, Astringent, Hemorrhage in Stomach and Urinary Bladder).

Seeds:- Proteolytic and Lypolytic Enzymes, Palasonin (Anthelmintic).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھول(Flower)۔تخم(Seeds)۔برگ(Leaves)۔گوند(Gum Kino)۔ چھال(Bark)۔

مزاج(TEMPERAMENT): **برگ:** سرد ۲ و خشک ۲۔ **چھال:** سرد ۲ و خشک ۲
گلِ ٹیسو: گرم ۳ و خشک ۳۔ **تخمِ پلاس پاپڑہ:** گرم ۳ و خشک ۳۔ **چنیا گوند:** سرد ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): **پھول:** (گلِ ٹیسو): مدرطمث(Emmenagogue)۔ مقوی رحم(Uterine Tonic)۔محرک(Stimulant)۔محلل(Resolvent)۔مسکن(Sedative)۔مدر بول(Diuretic)۔ مسکنِ درد(Analgesic)اثرات رکھتے ہیں۔

تخم: (پلاس پاپڑہ): بیرونی طور پر مقرح(Vesicant)۔جالی(Detergent)۔مصفی خون(Blood Purifier)۔اندرونی طور

پر قاتل دیدان شکم(Anthelmintic)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔مدر حیض(Emmenagogue)فوائد رکھتے ہیں۔

گوند: (چنیا گوند): ممسک(Avoricious)۔مغلظ منی(Viscous for the Seminal Fluid)۔مجفف(Dessicative)۔ قابض(Astringent)۔

برگ: قابض(Astringent)۔قاتل دیدانِ شکم(Anthelmintic)۔محلل اورام(Resolvent for inflammation)۔

چھال: قابض(Astringent)۔ قے الدّم(Hematemesis)۔محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ حابس(Hemostatic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): چھال: کثرتِ طمث(Menorrhagia)۔التہاب مجریٰ بول(Urethritis)۔ ورمِ مثانہ(Inflammation of Urinary Bladder)۔جریان(Spermatorrhoea)۔عسر البول(Dysuria)۔ سوزش بول(Burning Micturition)میں مفید ہے۔مخرج دیدانِ شکم(Vermifuge)۔سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ قلاع(Stomatitis)۔تج امعاء(Enteritis)۔بول الدم(Hematuria)۔پیچش(Dysentery)۔ اسہال(Diarrhoea)۔عسر البول(Dysuria)میں فائدہ کرتے ہیں۔

پلاس پاپڑہ: قاتلِ کرمِ شکم(Vermicide)۔تپ ربع(Quartan Fever)۔قاتل حب القرع(Taenicide)۔ کیچوے(Vermicide for Roundworms)۔قوبا(Ringworm)میں استعمال کرایا جاتا ہے۔

گلِ ٹیسو: احتباس حیض(Amenorrhoea)۔ ورم خصیہ(Orchitis)۔ التہابِ رحم(Uterine Inflammation)۔ التہابِ مفاصل(Inflammation of Joints)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔ نقرس(Gout)۔

برگ: قے الدّم(Hematemesis)۔خونی بواسیر(Hemorrhoids)۔پھوڑے پھنسیاں(Boils and Pustules)۔

چنیا گوند: دردِ کمر(Backache)۔ سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔ التہابِ رحم(Uterine Inflammation)۔ کثرتِ طمث(Menorrhagia)۔قے الدّم(Hematemesis)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب دیدان۔سفوف سیلان الرحم۔سفوف حابس۔دوائے خاص۔ معجون سپاری پاک۔معجون زنجبیل۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): گلِ ٹیسو: مدر بول(Diuretic)۔مدر حیض(Emmenagogue)۔

تخم پلاس پاپڑہ: مخرج دیدان شکم(Anthelmintic)۔

چھال: قابض(Astringant)۔حابس(Styptic)۔

برگ: محلل اورام(Anti-inflammatory)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): پلاس پاپڑہ: ۱۲۰ سے ۲۰۰ ملی گرام۔ پھول: ۳ سے ۵ گرام۔

چنیا گوند: ۱ سے ۲ گرام۔ چھال: ۳ سے ۶ گرام۔

مصلح(CORRIGENT): گلِ سرخ۔عرق گلاب

بدل(TENEDIUM): صمغ عربی (برائے قابض اثرات)۔

مُضر (COMMENTS): پلاس پاپڑہ: کثرت استعمال یا زیادہ مقدار پیٹ میں درد اور قے پیدا کر سکتا ہے۔

چھال: زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے قابض اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں

تخمِ خرپزہ (خربوزے کے بیج)

نام: لاطینی:- *Cucumis melo* Linn. خاندان:- Cucurbitaceae انگریزی:- Sweet Melon

اردو:- خربوزہ عربی:- بطیخ۔ بزرالبطیخ فارسی:- خرپزہ

شناخت(IDENTIFICATION): بیج لمبوترے چپٹے اور سفیدی مائل زرد ہوتے ہیں۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و تر ۲۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مدر بول(Diuretic)۔ مدر طمث(Emmenagogue)۔ مفتت سنگ گردہ ومثانہ(Lithotriptic)۔ مدر شیر (Galactagogue)۔ جالی(Detergent)۔ دافع بخار(Anti-pyretic) اورامراضِ جگر(Hepatic Affection) میں مفید ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): تقطیر البول(Oliguria)۔ قروح مجاری بول(Urethral Wounds)۔ سوزش بول(Burning Micturition)۔ التہاب مجاری بول(Urethritis)۔ استسقاء(Ascites)۔ ورم مثانہ(Cystitis)۔ سوزاک(Gonorrhoea)۔ مخرج حصات گردہ ومثانہ(Eliminates Kidney and Urinary Bladder Stones)۔ قلت لبن(Oligogalactia) دور کرتا ہے۔ یرقان(Jaundice)۔ یرقان سُدّی(Obstructive Jaundice) میں موثر ہے اور دافع حمیات(Anti-pyretic)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربتِ بزوری معتدل۔ شربتِ بزوری بارد۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مدربول(Diuretic)۔ امراض جگر(Hepatic Affection)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہدخالص

بدل(TENEDIUM): تخمِ خیارین

مُضر (COMMENTS): امراض طحال میں کثرت استعمال مضر ہے۔

Bauhinia variegata Linn. کچنار

نام: **لاطینی:** *Bauhinia variegata* Linn. **خاندان:** Fabaceae

انگریزی: Orchid Tree **اردو:** کچنار۔ کچنال۔ **عربی:** کچنار۔ **فارسی:** کچنار۔

شناخت(IDENTIFICATION): میٹیریا میڈیکا کے حوالے سے ڈاکٹر این سلی (Ansley) نے کچنار کی تیرہ اقسام لکھی ہیں۔ کچنار کا درخت شہتوت کے درخت کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے پتے قریباً گول نوک کی طرف دو برابر حصوں میں چرے ہوئے ہوتے ہیں ان پتوں کے اوپر باریک روئیں ہوتے ہیں۔ پھولوں کے رنگ کے لحاظ سے سفید، بینگنی اور سرخ رنگ کی اقسام زیادہ پائی جاتی ہیں۔ خوشنمائی کے لئے گھروں اور باغوں میں لگایا جاتا ہے۔ جنگلوں میں خودرو ہے۔ پتے نوک کی طرح سے دو برابر حصوں میں پھٹ جاتے ہیں، بالائی سطح پر رواں نیچے سے صاف گولائی لئے ہوئے ہوتا ہے۔ پھلی تقریباً ایک بالشت لمبی اور چپٹی ہوتی ہے جس میں پانچ سے بارہ عدد بیج ہوتے ہیں۔ یہ درخت انڈیا، پاکستان میں سندھ اور کراچی میں ہمدرد یونیورسٹی کے باغات میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Tannic acid (Astringent, Hemostatic, Anti-microbial Activities), Glucose, Gum, Glycosides, Flavanone (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Lupeol (Anti-viral, Anti-carcinogenic Activities, Supresses the Growth of Tumor), Fatty Acids, Linoleic, Linolenic, Oleic Acid (Decrease Deposition of Cholesterol in Blood Vessels, Effective in Hyperlipidemia).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھول(Flowers)۔ پتے(Leaves)۔ چھال(Bark)۔ گوند(Gum)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔ قابض(Asringent)۔ حابس(Hemostatic)۔ پارہ کی سمیت دور کرتا ہے(Decreases Toxicity of Mercury)۔ زبان اور منہ کے چھالوں میں مفید ہے(Effective Against Stomatitis and Tongue Pustules)۔ مصفی خون(Blood Purifier)۔ مسکن جوش خون وصفراء(Reduces Heat of Bilious and Sanguineous Humours)۔ کلیاں غذا کے طور پر کھائی جاتی ہیں (Buds used for Diet Purpose)۔ مٹاپے کو دور کرتا ہے(Reduces Obesity)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): اسہال(Diarrhoea)۔ اسہال دموی(Bloody Diarrhoea)۔

بواسیر خونی(Bleeding Piles)۔ بول الدم(Hematuria)۔ کثرت طمث(Menorrhagia)۔ پھولوں اور گوند کے لیپ(Poultice) سے پھوڑے پھنسی (Boils/Pustules) اور خنازیر(Scrofula) سے فاسد مادے کا اخراج کرتا ہے۔ سنگرھنی میں کچنار کی جڑ کی چھال کا جوشاندہ مفید ہے(Bark Decoction is effective against Sprue)۔ قرح امعاء(Enteritis)۔زحیر(Dysentery)۔زحیر امیبائی(Ameobic Dysentery) میں موثر ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): مطبوخ ہفت روزہ۔عرق مرکب مصفی خون۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی امعاء بطور حابس (Hemostatic) وقابض (Astringent) ہے۔اسہال(Diarrhoea) اور کثرت طمث (Menorrhgia) میں بھی مؤثر ہے۔

مقدار خوراک(DOSAGE): **پھول وکلیاں:** ۳ سے ۵ گرام۔ **چھال:** سفوف ۳ سے ۵ گرام تک جوشاندے میں۔

مصلح(CORRIGENT): گرم مصالحہ کی اشیاء مثلاً دارچینی۔لونگ۔سیاہ مرچ۔

بدل(TENEDIUM): باقلا

مُضر (COMMENTS): نفاخ و دیرہضم۔بکثرت استعمال سے قابض اثرات نمایاں ہوجاتے ہیں۔

Daemonorops draco Linn. دم الاخوین

نام: لاطینی: *Daemonorops draco* Linn. **خاندان:** Palmaceae **انگریزی:** Dragon's Blood

اردو: دم الاخوین۔ بجے سار گوند **عربی:** دم الاخوین، دم الشعبان **فارسی:** خون سیاؤشاں

شناخت(IDENTIFICATION): یہ درخت بجے سار کا گوند ہے جو تنے میں شگاف دینے سے نکلتا ہے، بے بو خشک ٹکڑے سرخی مائل سیاہ، چھوٹے پہلودار، چمکیلے، بھر بھرے اور ذائقہ میں کسیلے پن کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ دم الاخوین کا پودا زنجبار، افریقہ اور عرب ممالک میں بکثرت کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Gum Resin (Stimulate Blood Circulation, Act as Vulnerary, Alleviate Pain, Control Bleeding, Promote Tissue Regeneration, Anti-microbial, Anti-platelet Aggregation and Apoptotic Activities), Dracorhodin (Anti-microbial, Anti-viral, Potential Anti-tumor Activity), Dracorhodinperchlorate (A Synthetic Analogue of Dracorhodin, has been Reported to induce Apoptosis of Tumor Cells and Inhibit Proliferation of Hyperplastic Scar Fibroblasts), Flavonoids (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Anti-microbial, Anti-tumor, Anti-cancer), Novel Secobiflavonoids (Healing of Infected Wounds), Daemonorol (Anti-inflammatory).

حصص مستعملہ (PARTS USED): گوند(Gum)۔ رال(Resin)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۳ خشک ۳

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): قابض(Astringent)۔ حابس الدم(Haemostatic)۔ قے الدّم(Hematemesis)۔ نفث الدّم(Haemoptysis)۔ جریانِ خون(Haemorrhage)۔ مجفف(Dessicative)۔ مقوی امعاء(Intestinal Tonic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): کثرت طمث(Menorrhagia)۔ اسہال دموی(Bloody Diarrhoea)۔ پیچش(Dysentery)۔ اندرونی اعضا سے جریان خون(Haemorrhage from Internal Organs)۔ خراشِ امعاء(Intestinal Irritation)۔ شقاق مقعد(Anal Fissure)۔ بواسیر خونی(Haemorrhoids)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): قرص کا کنج۔ قرص بواسیر۔ سفوف استحاضہ۔ تریاق مثانہ۔ سنون سپاری۔

معجون بستد۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): حابس الدم(Haemostatic)۔قابض(Astringent)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۱ سے ۳ گرام

مصلح(CORRIGENT): گردے کیلئے کتیرا،پھیپھڑے کیلئے ببول کا گونداور تلی کیلئے پودینہ۔

بدل(TENEDIUM): اقاقیا اور عصارہ کاہو(تخم یا برگ)

مُضر (COMMENTS): کثرتِ استعمال سے گردے،پھیپھڑوں اور تلی کا طبعی فعل متاثر ہوسکتا ہے۔

Asparagus racemosus Linn.ستاور

نام: **لاطینی:** *Asparagus racemosus* Linn. **خاندان:** Liliaceae

انگریزی: Asparagus **اردو:** ستاور **عربی:** ستاور **فارسی:** ستاور

شناخت(IDENTIFICATION): بیل دار پودا، تنے اور شاخوں پر تیز اور مڑے ہوئے کانٹے، پتے سوئے سے مشابہ اور باریک، پھول بھی چھوٹے سرخ سیاہی مائل اور چمکدار، جڑ گانٹھ دار انگلی جتنی موٹی، سفید زردی مائل رنگ، بعض قسم کی جڑ شیریں، بعض کی قدرے تلخ ہوتی ہے۔ پورے افریقہ، آسٹریلیا، بنگال، جاوا اور برصغیر میں بکثرت اس جڑ کی کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Steroidal Saponins known as Shatavarins (Galactagogue Activity, Effective against Sexual debility), Asparagamine (Anti-tumor), Mucilage (Soothing the Mucous Membranes), Isoflavones (Anti-inflammatory, Anti-oxidant), Sarsasapogenin (Converted into Adrenal Steroids and then to Testosterone or Estrogens), Saponin (It maintains Hormonal Level), Root Extract (Galactagogue, Immunomodulator, Aphrodisiac, Anti-dysenteric, Anti-tussive, Anti-oxidant, Anti-bacterial, Anti-diarrhoeal). Starch, Polysaccharides, Small amount of Tannin.

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ و تر ا۔

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent for Inflammations)۔ مصلح فساد اخلاط(Corrigent for Malhumours)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ ہاضم(Digestive)۔ مخرج صفراوسوداء(Eliminates Bile and Atrabile Humours)۔ مغلظ منی(Viscus Seminal Fluid)۔ مولد بلغم(Enhance Production of Phlegm)۔ مولد شیر (Galactagogue)۔ دافع تشنج(Anti-spasmodic)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مبرد(Refrigerant)۔ ملطف(Demulcent)۔ لعاب دار(Mucilaginous)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): وجع المفاصل(Arthritis)۔ مالیخولیا(Melancholia)۔ جزام(Leprosy)۔ فساد خون (Septicemia)۔ سوزش مجری بول (Urethritis)۔ جریان (Spermatorrhoea)۔

خشک کھانسی(Dry Cough)۔سل ودق(Tuberculosis)۔سیلان الرحم(Leucorrhoea)۔کمئ شیر (Oligogalactia)۔ سوءِ ہضم(Indigestion)۔مانع پیچش(Anti-dysenteric)۔مزمن اسہال(Chronic Diarrhoea)۔ صفراوی بدہضمی(Bilious Indigestion)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): معجون زنجبیل۔سفوف بیج بند خاص۔سفوف ثعلب۔لبوب کبیر۔ حب اسگند۔حب عنبر مومیائی۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مغلظ ومولد مادّہ منویہ(Vicus and Generates Seminal Fluid)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): مصر

بدل(TENEDIUM): موصلی سفید

مُضر (COMMENTS): نفاخ۔

Chrysanthemum coronarium Linn. گل داؤدی

نام: لاطینی: *Chrysanthemum coronarium* Linn. خاندان: Compositae

انگریزی: Garden Chrysanthemum اردو: گلِ داؤدی عربی: زہرۃ الغریب۔ زہرۃ الزھب فارسی: باسوم

شناخت(IDENTIFICATION): ایک گز تک بلند خوبصورت پودا ہے۔ پتے کپاس کے پتوں سے مشابہ ہوتے ہیں۔ پھول گل نسرین یا ڈیزی سے مشابہ ہے۔ جبکہ بُو برنجاسف کی مانند ہوتی ہے۔اس پودے کو ایشیاء اور یورپ میں کاشت کیا جاتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Vitamin "C" (Maintains Flexibility of Blood Vessels), Quercetin (Anti-oxidant, Anti-viral), Rutin (Anti-inflammatory, Inhibits Platelet Aggregation, as well as Decreasing Capillary Permeability, Making the Blood Thin and Improving Circulation), Essential Volatile Oil (Anti-bacterial Activity against *Bacillus cereus, Bacillus subtilis, Staphylococcus aureus, Streptococcus faecalis, Escherichia coli, Salmonella typhi,* Anti-fungal), Flavonoids (Anti-oxidant, Anti-carcinogenic, Anti-aging), Camphor (Anti-bacterial, 29.2%). The Blue color of the Oil is due to the Presence of Chemazulene (0.5%).

حصص مستعملہ(PARTS USED): پھول(Flowers)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال و خواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent for Inflammation)۔ مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ مفرح(Exhilarant)۔ مجفف(Dessicative)۔ کاسر ریاح(Carminative)۔ مفتت سنگ گردہ و مثانہ(Lithotriptic)۔ سونگھنا مسخن دماغ(Fragrance Calorific for Brain)۔ مدر بول(Diuretic)۔ مدر حیض(Emmenagogue) ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): جسم کے کئی حصوں میں جمے ہوئے خون کو تحلیل کرتا ہے(Anti-coagulant)۔ خون کو پتلا(Thinning of Blood) کرتا ہے۔ مانع فشارالدم(Anti-hypertensive)۔ عسر البول(Dysuria)۔ عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔ سرد امراض(Diseases of Cold Origin) کے لئے اس سے تیار کردہ تیل مفید ہے۔ مجفف قرح اور زخم سرطان (زردی مائل)(Dessicative for Wounds and Cancer Sores)۔

صلابتِ رحم (Uterine Tumors / Inflammations) کو دور کرنے کے لئے جوشاندے میں بٹھایا جاتا ہے (Sitz Bath)۔
تصلب شریان قلب (Atherosclerosis of Heart) میں مفید ہے۔ مانع شحمیات (Anti-hyperlipidemic)۔
مخرج سنگِ گردہ (Eliminates Renal Stones)۔ احتباس الطمث (Amenorrhoea) کے لئے بھی مفید ہے۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): عرق اور نمک تیار کیا جاتا ہے۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): محلل اورامِ بلغمی (Anti-inflammatory for Phlegmatic Inflammation)۔
امراضِ قلب (Cardiac Affection)۔ مفتتِ سنگِ گردہ و مثانہ (Lithotriptic for Renal and Unirary Bladder Stones)۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح (CORRIGENT): گل سرخ۔

بدل (TENEDIUM): برنجاسف۔

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج افراد کے لئے مستقل استعمال یا زیادہ مقدار مضر ہے۔

ایلوا۔کنوارگندل *Aloe barbadensis* Linn.

نام: **لاطینی:** *Aloe barbadensis* Linn. **خاندان:** Liliaceae **انگریزی:** Aloes

اردو: ایلوا۔کنوارگندل۔گنوار پاٹھا۔ **عربی:** صبر **فارسی:** صبر

شناخت(IDENTIFICATION): یہ زمین سے دوڈھائی فٹ بلند پودا ہے۔موٹے گودے دارگاؤدم پتے نکلتے ہیں جن کے کناروں پر کانٹے ہوتے ہیں۔درمیان سے ایک چھڑی نکل کر خوبصورت سرخ رنگ کے پھول آتے ہیں۔توڑنے پر بوآتی ہے۔یہ پودا ایشیاء کے مختلف ممالک خاص طور پر انڈیا، پاکستان میں سندھ اور ہمدرد کے باغات میں کاشت کیا جارہا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Anthraqinones, Aloe-emodin (Laxative, Anti-tumor), Barbaloin (Purgative), Essential Fatty Acids (Anti-inflammatory), Vitamin C, B, E, Mucilage (Produces Soothing Effects on the Mucous Membranes), Polysaccharides, Resin, Aloe Gel (Effective for Skin and Growth of Human Body, Inhibit Growth of *Streptococcus* and *Shigella*), Aloe vera Extract (Leaves Contain Gel, Anti-bacterial, Anti-fungal, Anti-oxidant).

حصص مستعملہ(PARTS USED): گودے دار پتے۔ان کا گودااور پتوں کا چھلکا۔جیلی(Gel)۔ست(ایلوا۔صبر۔مصبر)

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔مسہل(Purgative)۔مسہل خفیف(Laxative)۔بیرونی طور پر محلل اورام(Resolvent for External Inflammations)۔جلدی امراض میں مفید ہے(Dermal Affections)۔مقوی جگر(Hepatic Tonic)۔مقوی معدہ(Stomach Tonic) اور مدر طمث(Emmenagogue) خواص کا حامل ہے۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): قبض(Constipation)۔وجع المفاصل(Arthritis)۔استسقاء(Ascites)۔تحجر المفاصل(Rheumatoid Arthritis)۔احتباس طمث(Amenorrhoea) میں مفید ہے۔ورموں کو تحلیل کرنے کے لئے بیرونی طور پر اسکا ضماد کیا جاتا ہے۔جیلی(Gel) چہرے کے داغ دھبے اور جھائیاں بھی صاف کرتی ہے۔زخم معدہ وامعاء (Gastric and Intestinal Wounds)۔چُرنوں کے اخراج(Vermifuge for Thread Worms) اور یرقان

سدّ ی(Obstructive Jaundice) میں بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): حب تنکار۔قرص ملین۔ حب مدر۔ حب صبر۔ حب ایارج۔ بیر یسال۔ کشتہ خبث الحدید و بسد۔ کشتہ طلاء۔ کشتہ گئو دنتی۔حلوہ گھیگوار۔تن سکھ۔


نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مسہل (Purgative)۔آنتوں سے فاسد مادّہ کا اخراج کرتا ہے


مقدار خوراک(DOSAGE): ست (صبر۔ایلوا): ۱۲۵ سے ۵۰۰ ملی گرام۔ **گودا:** ۳ سے ۵ گرام


مصلح(CORRIGENT): کتیرا۔ گلِ سرخ


بدل(TENEDIUM): تربد


مُضر (COMMENTS): طویل عرصے یا زائد مقدار استعمال آنتوں میں مروڑ پیدا کرسکتا ہے۔بواسیر دموی میں استعمال کرنے سے نقصان ہوسکتا ہے۔حاملہ خواتین میں زیا مقدار خوراک اسقاط کا باعث ہوسکتی ہے۔


طباشیر



اشوکا



ڈھاک/پلاس


کچنار


دم الاخوین


ستاور


گل داؤدی


ایلوا (گھیکوار)

Solanum nigrum Linn. مکو

نام: لاطینی: *Solanum nigrum* Linn. خاندان: Solanaceae

انگریزی: Black Night Shade اردو: مکو عربی: عنب الثعلب

شناخت(IDENTIFICATION): یہ پودا تمام گرم علاقوں میں پایا جاتا ہے۔پودے کی اونچائی ۴۵ سینٹی میٹر جبکہ پھول سفید چھتر دار ہوتا ہے۔پھل چھوٹے چھوٹے گول انگوری شکل کے ہوتے ہیں۔ابتداء میں سبز پکنے پر نیلگوں سرخ یا زرد ہو جاتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Carbohydrates, Protein, Riboflavin, β-carotene, Vitamin "C" Solanine, Solanidine, (Fungicidal, Sedative, Anti-convulsant), Solasonine, Solarnigrine, Diosgenin (Anti-inflammatory Activity), Saponin, Steroidal Glysoside (Uterine Anti-tumor), Extract (Anti-bacterial Activity against *Staphylococcus aureus* and *Escherichia coli, Inhibition of Acid Formation, Inhibition of H+K+ATPase Pump and Decrease Gastrin Secretion, Anti-ulcerogenic Activity*).

حصص مستعملہ(PARTS USED): برگ(Leaves)۔ پھل(Fruits)۔

مزاج(TEMPERAMENT): سرد ۲ و خشک ۲

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل اورام(Resolvent for Inflammations)۔ رادع(Repercussive)۔مُجفف (Dessicative)۔مقامی طور پر مسکن حرارت(Febrifuge Local Sedative)۔ قابض(Astringent)۔ مقامی طور پر مسکن(Local Sedative)۔ مدر بول(Diuretic)۔آ گ سے جل جانے پر بیرونی استعمال میں مفید ہے(Useful Application on Burning Skin)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ورمِ جگر(Hepatitis)۔ یرقان(Jaundice)۔ استسقاء(Ascites)۔ ورمِ زبان(Glossitis)۔خناق(Diphtheria)۔قرحہ ساعیہ(Pustules / Boils of Bilious Origin)۔ بیرونی طور پر سرطان متقرح(Locally effective against Malignant Carcinoma)۔عظمِ جگر(Hepatomegaly)۔کثرتِ طمث (Menorrhagia) میں مفید ہے۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): شربت بزوری۔شربت بادیان۔شربت بابونہ۔آب مروقین۔عرق مکو۔ عرق ماء اللحم مکو کاسنی والا۔ضماد کبد۔ضماد محلل۔دوائے غرغرہ۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): محلل اورام(Anti-inflammatory)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۵ سے ۷ گرام۔آب مکو تازہ ۲۵ ملی لیٹر

مصلح(CORRIGENT): شہد

بدل(TENEDIUM): کاسنی

مُضر (COMMENTS): مسلسل استعمال یا زیادہ مقدار متلی، قے کا باعث ہوسکتا ہے۔

Melilotus officinalis (L.) Desr. اکلیل الملک

نام: لاطینی: *Melilotus officinalis* (L.) Desr. خاندان: Papilionaceae

انگریزی: Crescent Lignum / Coumarium / Moon Seed / Melilot

اردو: اکلیل الملک۔ ناخونہ۔ عربی: اکلیل الملک فارسی: گیاہ قیصر

شناخت (IDENTIFICATION): ایک بوٹی کی پھلیاں ہیں جو چھوٹی چھوٹی تراشے ہوئے ناخن کے برابر اور اُسی کے مانند ہلالی شکل کی ہوتی ہیں۔ ان کے اندر چھوٹے چھوٹے تخم ہوتے ہیں۔ عموماً ایران اور بھارت کے کچھ علاقوں میں کاشت کی جاتی ہے۔

کیمیائی اجزاء (CHEMICAL CONSTITUENTS): Flavones, Alpha-tocopherol, Melilotin Melilosides (Anti-inflammatory, Anti-oxidant), Mucilage, Coumarin glycosides (Anti-coagulant, Makes Blood Thin), Rutin (Anti-coagulant, Decreases Permeability of Blood Vessles, Chronic Venous Insufficiency), Saponins (Anti-inflammatory), Kaempferol (Anti-inflammatory, Anti-oxidant), Melilotigenin (It helps alleviate symptoms of Insomnia and Stress), Melilotin (Emollient, Anti-oedemic), Lupeol (Strong Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Urinary Disorders, to prevent the formation of Kidney Stones, apparently by lowering excessive concentrations of Oxalate, Phosphorus and Magnesium in Renal Tissues), Coumaric Acid, Hydrocoumarin (To Reduce Inflammation and Increase the amount of Blood Flow through the Veins Back to the Heart), Melilotic acid, Betulinic acid (Anti-cancer, Immune - stimulating Stimulate the Central Nervous and Neurohumoral system i.e they improves the activity of Estrogens), Plant Extract (Emollient, Carminative, Arthritis, Bronchialgia, Bronchitis, Haemorrhoids), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Resolvent).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھل (Fruit)۔

مزاج (TEMPERAMENT): گرم ۱ و خشک ۱

افعال و خواص (PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مفتح سدد جگر (Hepatic Deobstruent)۔ محلل (Resolvent)۔ محلل اورام (Resolvent for Inflammation)۔ مقوی اعضاء (Tonic for Organs)۔ مسکن درد (Analgesic)۔ مدر بول (Diuretic)۔ مدر طمث (Emmenagogue)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): ورم جگر(Hepatitis)۔ ورم تلی(Spleenitis)۔ ورم معدہ(Gastritis)۔ ورم اعضاء (Inflammation of Organs)۔ احتباسِ بول(Anuria)۔ ورمِ رحم(Uterine Inflammation)۔ صلابت رحم (Uterine Tumor)۔ ورمِ گردہ (Inflammation of Kidney)۔ عسر الطمث (Dysmenorrhoea)۔ احتباس حیض(Amenorrhoea)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): ضماد کبریت۔ ضماد سنبل الطیب۔ جوشاندہ کی شکل میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): اورام احشاء(Inflammation of Organs) کو تحلیل کرنے کیلئے ضماد مستعمل ہے۔ محللِ اورام(Resolvent of Inflammation)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۲ سے ۴ گرام

مصلح(CORRIGENT): شہد۔ انجیر

بدل(TENEDIUM): بابونہ

مُضر (COMMENTS): زیادہ مقدار میں استعمال کرنے سے مقئی اور مخرش معدہ وامعاء ہے۔

Achillea millefolium Linn. برنجاسف

نام: لاطینی: *Achillea millefolium* Linn. خاندان: Compositae

انگریزی: Yarrow / Milfoil اردو: برنجاسف عربی: شویلا فارسی: برنجاسف

شناخت(IDENTIFICATION): افسنتین کی مانند ایک بوٹی ہے جس کا تنا ایک گز تک بلند ہوتا ہے۔اس کی شاخیں باریک اور پتے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں جبکہ پھول شبت (سوئے) کے مانند چھتر دار، زرد، سفید، اور نیلگوں ہوتے ہیں۔اس بوٹی پر ایک قسم کی چپکنے والی رطوبت لگی رہتی ہے۔یہ ہمالیہ کے دامن میں کشمیر، کانگڑہ اور نینی تال کے علاقے میں بکثرت کاشت کی جاتی ہے۔یہ عموماً دریا کے کناروں، سرسبز پہاڑیوں اور سایہ دار جنگلوں میں خودرو پیدا ہوتی ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Achillein, Achilleine, (Spasmolytic, Anti-inflammatory), Saponin, Salicylic Acid (Anti-pyretic, Analgesic), Asparagin (Anti-inflammatory), Rutin (Makes Blood Thin, Strenghen the Blood Vessels, Decreaes the Permeability of Capillaries), Luteolin (Anti-oxidant, Anti-inflammatory, Inhibition of Tumors Cell Proliferation, Anti-carcinogenic, Neuro-degenerative Diseases), Quercetin (Maintains the Flexibility of Blood Vessels), Apigenin (Yellow Crystalline Solid, Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Kaempferol (Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Chamazulene (78.4%, Anti-oxidant, Anti-inflammatory), Eugenol (Local Anti-septic, Analgesic), Borneol (Skin Tonic, Local Anaesthetic, Sedative and Anti-spasmodic), Cineol (Anti- inflammatory, Mucolytic Agent), Achillin (Intermittent Fevers, It Exerts a Tonic Influence upon the Venous System, and Mucous Membranes), Hydroxycoumarins (Oral Anti-coagulant), Blue Oil Azulene (Anti-inflammatory), Sesquiterpene Lactones including Achillifolin (These Substances Stimulate the Digestive Function and the Immune System), Essential Volatile Oil (Anti-inflammatory, Anti-allergic and Anti-spasmodic).

حصص مستعملہ (PARTS USED): پھول(Flower)۔پتے(Leaves)۔روغنِ فراری(Essential Volatile Oil)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل(Resolvent)۔مسکن (Sedative)۔ مسخن(Calorific)۔مدر بول(Diuretic)۔مدر طمث(Emmenagogue)۔دافع بخار(Anti-pyretic)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): اورام احشاء(Inflammation of Organs)۔ ورم جگر(Hepatitis)۔ مفتح سدد جگر(Hepatic Deobstruent)۔ تقطیر البول(Oliguria)۔ عسر الطمث(Dysmenorrhoea)۔ احتباس طمث(Amenorrhoea)۔ اخراج مشیمہ(Expulsion of Placenta)۔ بلغمی بخار(Phlegmatic Fever)۔ عسرِ ولادت(Painful Parturition)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): عرق برنجاسف۔ عرق گزر۔ عرق ماءاللحم مکو کاسنی والا

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): محللِ اورام احشاء(Resolvent for Inflammation of Organs)۔

مقدار خوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): انیسون۔ خشخاش

بدل(TENEDIUM): بابونہ۔ امراضِ جگر میں افسنتین

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد میں کثرت استعمال سے طبعی مزاج متاثر ہوجاتا ہے۔ گردے کا طبعی فعل بھی کمزور ہوسکتا ہے۔

Cheiranthus cheiri Linn. تودری

نام: لاطینی: Cheiranthus cheiri Linn. خاندان: Cruciferae

انگریزی: Wall Flower اردو: تودری عربی: بزرالخم خم۔بزرالھوا فارسی: تودری

شناخت(IDENTIFICATION): ایک سے دوفٹ اونچی کھڑی جھاڑی کی پھلی میں موجود بیجوں کوتودری کہا جاتا ہے، جومسور کے دانے سے چھوٹے اور چپٹے ہوتے ہیں۔اس کے زرد پھول کوگل خیری یاگل شبو کہا جاتا ہے کیونکہ یہ رات میں ہی کھلتے ہیں۔پاک وہند، ایران اور یورپ میں اس کا پودا خودرو ہے۔تودری بلحاظ رنگت سرخ، سفید اور زرد تین قسم کی ہوتی ہے۔تینوں رنگوں کی تودری کے افعال وخواص ایک جیسے ہوتے ہیں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Cheirolin (Anti-inflammatory, Anti-oxidant, Inhibits the Growth of Human Prostate Cancer Cells), Cheirinine(A Crystalline Alkaloid, Anti-inflammatory, Anti-oxidant, Nervine Tonic, Strengthen the Muscles), Cheiranthin (Cardiac Tonic in Small Doses, Aphrodisiac, Expectorant, Stomachic), Cheirotoxin (Cardiac Glycoside, Strengthen the Cardiac Muscles), Cheirolin (Anti-microbial), Glucocheiranthoside (Cardiac Glycoside, Effective in Cardiac debility), Plant Extract (Diuretic, Emmenagogue, Anti-spasmodic, Effective in Bronchitis, Asthma, Cough, Impotence, Fevers, Uterine Disorders, Hepatic debility, Increase Semen Production), Compounds of Sulphur (Blood Purifier, Anti-inflammatory), Essential Volatile Oil (Rubefacient, Anti-inflammatory, Analgesic), Seeds yield Fixed Oil.

حصص مستعملہ(PARTS USED): تخم(Seeds)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۲ تر ا

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): محلل(Resolvent)۔مقوی قلب(Cardiac Tonic)۔ مدرطمث(Emmenagogue)۔مدرلبن(Galactagogue)۔مفتح سدد(Deobstruent)۔ملطف(Demulcent)۔ منفث بلغم(Expectorant)۔مولدمنی(Produces Seminal Fluid)۔مقوی باہ(Aphrodisiac)۔مسخن(Calorific)۔ مسمن بدن(Fattening)۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): عرق النساء(Sciatica)۔یرقان(Jaundice)۔قلت لبن(Oligogalactia)۔ کمی اشتہا(Loss of Appetite)۔محلل اورام(Resolvent of Inflammation)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): خمیرہ گاؤزبان عنبری۔خمیرہ مروارید۔ اطریفل کبیر۔لبوب صغیر۔ لبوب کبیر۔لبوب الاسرار۔معجون ثعلب۔معجون مروح الارواح۔معجون ریگ ماہی۔سفوف مزید شیر۔عرق گزر سادہ۔سفوف کلاں۔ یاقوتی لولوی

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی باہ(Aphrodisiac)۔منفث بلغم(Expectorant)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): زرشک

بدل(TENEDIUM): بہمن سرخ

مُضر (COMMENTS): کثرت استعمال سے معدے کا طبعی فعل متاثر ہوسکتا ہے اور گرم مزاج والے افراد کے لئے بھی مضر ثابت ہو سکتا ہے۔

Asphaltum سلاجیت

نام:لاطینی: *Asphaltum* کیمیائی نام:Bituminous Substance Mainly Composed of Benzoates

انگریزی: Asphalt اردو: سلاجیت۔شلاجیت۔ عربی: مومیائی فارسی: سلاجیت

شناخت(IDENTIFICATION): ایک قسم کی سیاہ رطوبت ہے جو کہ بعض پہاڑوں سے رس کر جم جاتی ہے۔ ہندوستان کے پہاڑوں سے بھی شگاف دینے سے نیم سیال گاڑھی رطوبت نکل کر جم جاتی ہے۔ مئی جون کے گرمی کے دنوں میں سخت دھوپ کی وجہ سے جب سلاجیت کے پتھر کی چٹانیں بہت گرم ہوجاتی ہیں تو اس میں سے گوند کی طرح مواد خود بخود نکلنا شروع ہوجاتا ہے۔ یہ مختلف پہاڑوں میں مختلف قسم کی پائی جاتی ہے۔ لوہا، سونا، چاندی اور تانبے کے ملے جلے اجزاءوالی قسم بھی پائی جاتی ہے۔ یہ کشمیر، گلگت اور اتر کاشی تک ہمالیہ پہاڑ کے حصوں میں اور راجھستان کے پہاڑی سلسلے کوہ ابو بندھیا چل وغیرہ میں بھی پائی جاتی ہے۔

اصلی سلاجیت کی پہچان: (۱) جلے ہوئے لکڑی کے کوئلوں پر اصلی سلاجیت ڈالی جائے تو وہ بالکل سیدھی اوپر کو اٹھے گی۔ (۲) پانی میں تمام کی تمام گھل جاتی ہے۔ (۳) ذائقہ خفیف مٹھاس لئے ہوئے کڑوا ہوگا۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Calcium, Phosphorous, and Magnesium (Promotes the movement of minerals, especially into Muscle Tissue and Bone), Fulvic Acid (Regenerates and Prolongs the Duration of Essential Nutrients in the Cells), Iron (That is necessary for making Red Blood Cells i.e RBCs, Stimulant for Immune System), Vitamin A (Ophthalmic Tonic), Vitamin C (Strenghten the Gums, Teeth and Blood Vessels), Vitamin E (Provides Nourishment to the Skin and prevent from Skin Disorders), Vitamin B Complex (Provides Engergy to the Body),Phenolic Glucosides (Astringent, Syptic, Anti-microbial), Extract (Purifies Blood, improves Function of Pancreas and Strengthens Digestion, Reduces fat, Resolve Tumors, and Counteracts Thirst, improves Restoration (recovery) after Exercise, Prevents release of Histamine in the Blood that helps in the prevention of various Allergies in the Body, Increases levels of Growth Hormone, Potent Anti-ulcer Agent, It improves Memory and Cognitive Ability, effective against Respiratory Affections, Anti-inflammatory, Anti-oxidant Properties, Arthritis, Hypertension, Anti-ageing, Controlling Blood Sugar Levels, Bone and Tissue Healing), Rasayana (An Adaptogen that Improves Strength, Stamina and Relieves Stress), Occurrence of Minerals and Metals such as Copper, Silver, Zinc, Iron, Lead and Amino Acids.

حصص مستعملہ (PARTS USED): سیال / سیاہ رطوبت (Liquid Extract)۔

مزاج (TEMPERAMENT): گرم ۲ و خشک ۲۔

افعال و خواص (PHARMACOLOGICAL ACTIONS): مجفف (Dessicative)۔ نفث الدّم (Hemoptysis)۔ قے الدّم (Hematemesis)۔ حابس (Hemostatic)۔ قابض (Astringent)۔ امراضِ جگر (Hepatic Disorders)۔ مقوی دماغ (Cephalic Tonic)۔ مقوی اعضائے رئیسہ (Tonic for Vital Organs)۔ مقوی معدہ (Stomach Tonic)۔ مقوی گردہ ومثانہ (Renal and Urinary Bladder Tonic)۔ مقوی باہ (Aphrodisiac)۔ مسخن (Calorific)۔ مولد دم وحرارت غریزی (Generates Blood Cells and Kinetic Energy)۔ رسائین۔ کل امراض و بڑھاپے کو دور کرنے والی نباتی معدنی دواء (Anti-ageing Agent)۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): عام جسمانی کمزوری (General Weakness)۔ سل ودق (Tuberculosis)۔ جذام (Leprosy)۔ سلسل البول (Incontinence of Urine)۔ جلنِ بول (Burning Micturition)۔ نزلہ (Catarrh)۔ کھانسی (Cough)۔ امراضِ بول وتناسل (Genito-urinary Tract Affections)۔ جریان (Spermatorrhoea)۔ کسر (Fracture)۔ سوزاک (Gonorrhoea)۔ ضعفِ قلب (Cardiac debility)۔ اعصابی درد (Neuralgia)۔ التہابِ شعب (Bronchitis)۔ اندرونی وبیرونی چوٹ، جوڑوں کے درد اور زخموں کے لئے مستعمل ہے (Applied on Rheumatic Pain, Wounds and Injuries Internally as well as Externally)۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): قرص سلاجیت۔ حب سلاجیت۔ حب عنبر مومیائی۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): مقوی اعضائے رئیسہ (Tonic for Vital Organs)۔ عام جسمانی کمزوری (Malaise) میں بھی مستعمل ہے۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۵۰۰ ملی گرام سے ۱ گرام

مصلح (CORRIGENT): دودھ۔ گھی۔

بدل (TENEDIUM): ایک قسم دوسری کا بدل ہے۔

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد میں کثرت استعمال سے مُضر اثرات نمایاں ہو جاتے ہیں۔

ثعلب مصری *Orchis mascula* Linn.

نام: لاطینی: *Orchis mascula* Linn. خاندان: Orchidaceae انگریزی: Salep Orchid

اردو: ثعلب مصری عربی: خصیۃ الثعلب فارسی: خایہ روباہ

شناخت(IDENTIFICATION): اس پودے کے بارے میں قدیم وقت میں مشہور تھا کہ یہ پودا صرف مصر میں پایا جاتا ہے۔اس لئے اسے ثعلب مصری کہا جاتا تھا۔اس کا پودا ایک سے دوفٹ اونچا، پتے دو سے پانچ انچ لمبے جبکہ جڑ ہاتھ کے پنجے کی طرح جسے ثعلب پنجہ کہا جاتا ہے، بالکل گول ہوتی ہے۔جڑ کا ذائقہ پھیکا قدرے شیریں، خشک ہوکر اسکا رنگ زردی مائل ہوجاتا ہے۔یہ پودا ایران، افغانستان، روم اور مصر کے پہاڑی علاقوں، یورپ، ہندوستان اور شمالی ایشیاء میں پیدا ہوتا ہے۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Glycoside (a Bitter Principle, Anti-inflammatory), Ash contains Phosphates (Strengthen Bones, Muscles and Teeth), Calcium and Chlorides of Potassium, Volatile Oil (Anti-bacterial, Anti-inflammatory), Gum and Starch, Rich in Mucilage (48%), Extract (Increase Production of Spermatozoa).

حصص مستعملہ (PARTS USED): جڑ(Root)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۱ و تر ۱

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): ملطف(Demulcent)۔ مدمل قروح(Vulnerary)۔ مولد مادہ منویہ(Produces Seminal Fluid)۔مقوی باہ(Aphrodisiac)۔مسمن بدن(Fattening for Body)۔ محلل(Resolvent)۔اورام بلغمی(Inflammation of Phlegmatic Origin)۔مقوی اعصاب(Nervine Tonic) اثرات پائے جاتے ہیں۔

معالجاتی افعال(MEDICINAL USES): اعصابی کمزوری(Nervous debility)۔ عام جسمانی کمزوری(Malaise)۔ حافظہ کی کمزوری(Weakness of Memory)۔جریان(Spermatorrhoea)۔اسہال(Diarrhoea)۔ زحیر(Dysentery)۔ امراض بلغمی مثلاً فالج(Paralysis)۔لقوہ(Facial Paralysis)۔ بولی وتناسلی نظام کے مزمن التہاب (Chronic Inflammatory Conditions of Uro-genital System)۔ضعفِ باہ(Sexual debility)۔ ناسور(Sore)۔

مرکبات(COMPOUND PREPARATIONS): لبوب کبیر۔ معجون بند کشا۔ معجون پیاز۔ معجون ثعلب۔ معجون خاص۔ معجون مغلظ۔ معجون کلاں۔ سفوف کلاں۔ حب عنبر مومیائی۔ معجون سپاری پاک۔ حب جالینوس۔ جوارش زرعونی۔

نفع خاص(SPECIFIC ACTION): مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ مولّد و مغلظ منی (Enhance Production and Viscousty of Seminal Fluid)۔

مقدارخوراک(DOSAGE): ۳ سے ۵ گرام

مصلح(CORRIGENT): پھیپھڑے اور جگر کے لئے گوند ببول، فم معدہ کے لئے شکر اور بارتنگ کے پتوں کا پانی

بدل(TENEDIUM): شقاقل۔ تخم گزر۔ بوزیدان

مُضر (COMMENTS): گرم مزاج والے افراد میں زیادہ استعمال، پھیپھڑے و جگر کے لئے مضر اور دیر ہضم ہے۔

Withania somnifera Linn. اسگند

نام: لاطینی: *Withania somnifera* Linn. **خاندان:** Solanaceae

انگریزی: Winter Cherry **اردو:** اسگند **عربی:** جوزجندم **فارسی:** اسگند

شناخت(IDENTIFICATION): اس پودے کا قد ڈیڑھ میٹر ہوتا ہے۔ شاخیں باریک ہوتی ہیں۔ پتے ۵ سے ۱۰ سینٹی میٹر لمبے، روئیں دار اور ڈھائی سے پانچ سینٹی میٹر چوڑے ہوتے ہیں۔ پھول سبزی مائل یا ہلکے زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ جڑ کی ظاہری سطح ہلکے بادامی رنگ کی ہوتی ہے اور جلد ٹوٹ جاتی ہے۔ اس کی بو تیز اور مزہ تلخ ہوتا ہے۔ ناگوری قسم کو بہترین سمجھا جاتا ہے۔ کم بارش والے علاقوں میں خودرو ہے خاص طور پر سندھ میں۔

کیمیائی اجزاء(CHEMICAL CONSTITUENTS): Somniferin (Hypnotic, Sedative), Withanolides (Anti-inflammatory, Anti-tumor), Anthraquinones (Purgative), Aloe-emodin (Laxative, Anti-tumor), Mucilage (Produces Soothing Effect on the Mucous Membranes), Steroidal Lactones (Anti-inflammatory, Effective against Bacteria Acid Fast Bacili and Fungi), Visamine (Hypnotic, Hypothermic Effects), Root Extract (Active against *Entamoeba histolytica*), Withaferine A (Anti-tumor, Effective against Gram-Positive Bacteria, Bacilli and Fungi).

حصص مستعملہ(PARTS USED): جڑ عموماً(Usually Root)۔ بیج(Seed)۔ برگ(Leaves)۔ پھل (Fruit) اور پھول(Flowers)۔

مزاج(TEMPERAMENT): گرم ۳ و خشک ۳ لعاب دار خصوصیات کے ساتھ

افعال وخواص(PHARMACOLOGICAL ACTIONS): خواتین، مردوں اور بچوں کی عام کمزوری(General debility) میں مفید ہے۔ مجموعی طور پر مقوی جسم(General Tonic)۔ مقوی بصر(Eye-sight Tonic)۔ مقوی باہ(Aphrodisiac)۔ مُدر بول(Diuretic)۔ مسکن(Sedative)۔ منقی رحم(Uterine Emptying)۔ مؤلد شیر(Galactagogue)۔ معدّل(Alterative)۔ منوم(Hypnotic)۔ دافع اوجاع(Analgesic)۔ قاتل کرم شکم(Anthelmintic)۔ محلل اورام رحم(Resolvent for Uterine Inflammations)۔ جوڑوں کے درد کے لئے مسکنِ الم(Analgesic)۔

مولد و مغلظ منی (Increases Production and Viscosity of Seminal Fluid) خصوصیات کی حامل ہے۔ بڑھاپے کی کمزوری (Senile debility) دور کرتی ہے۔ قوت مدافعت (Immunity) کو برقرار رکھتی ہے۔ عضلاتِ رحم وامعاء کیلئے دافع تشنج (Anti-spasmodic) اور مقوی اثرات رکھتی ہے۔ نظامِ تنفس (Respiratory System) کے لئے بھی بطور دافع تشنج ہے۔

معالجاتی افعال (MEDICINAL USES): تحجر المفاصل (Rheumatoid Arthritis)۔ دردِ کمر (Backache)۔ وجع المفاصل (Arthritis)۔ مخرج کرمِ شکم وامعاء (Gastric and Intestinal Vermifuge)۔ آتشک (Syphilis)۔ نقرس (Gout)۔ جریان (Spermatorrhoea)۔ کثرتِ ایام (Menorrhagia)۔ سیلان الرحم (Leucorrhoea)۔ ضعف اعصاب (Nervine debility)۔ ضعفِ حافظہ (Loss of Memory) میں استعمال کرائی جاتی ہے۔ سبز جڑ کا پیسٹ غدود کے اورام (Glandular Tumors) میں مفید ہے۔ بانجھ پن یا (Sterility) میں ۳ سے ۶ گرام سفوف میٹھے دودھ میں ملا کر استعمال کرانا مفید ہے۔ قلتِ لبن (Oligogalactia)۔ قبل از وقت بڑھاپے کو روکتی ہے (Anti-ageing Effect)۔ خواتین کے لئے دودھ میں جڑ کا لیپ بنا کر سینے پر لگانا ان کی نشو نما میں معاون ہے۔

مرکبات (COMPOUND PREPARATIONS): معجون مقوی رحم۔ حلوہ گھیگوار۔ معجون پنبہ دانہ۔ معجون زنجبیل۔ حب اسگند۔

نفع خاص (SPECIFIC ACTION): دافع اوجاع مفاصل (Analgesic for Joint Pain)۔ مقوی باہ (Aphrodisiac)۔ مقوی اعصاب وعضلات (Nervine and Muscular Tonic)۔

مقدار خوراک (DOSAGE): ۱ سے ۵ گرام تک دودھ کے ہمراہ


مصلح (CORRIGENT): کتیرا اور صمغ عربی۔


بدل (TENEDIUM): سورنجان شیریں۔ لہسن۔ بہمن سفید


مضر (COMMENTS): گرم مزاج افراد میں کثرتِ استعمال سے اسہال کی شکایت ہوسکتی ہے۔


خصوصی ہدایات: ۲ سال کے بعد جڑ کے طبی اثرات ختم ہوجاتے ہیں۔ بہت زیادہ مقدار میں مہلک ہے مخدر (Anaesthetic) و منشی (Narcotic) خصوصیات کی وجہ سے تخم اسگند زیادہ مقدار میں مضر اثرات رکھتے ہیں۔

برگ: جوڑوں کے درد اور مقامی طور پر ورم سرطان پر گرم کر کے روغن بید انجیر میں بھگو کر باندھے جاتے ہیں۔


مکو


اکلیل الملک


برنجاسف


تودری


ثعلب مصری


سلاجیت


اسگند

طبی اصطلاحات (Medical Terminologies)

1 **اکال(Scarotic / Corrosive)**: زائد گوشت اور عضو کو کھا جانے والی ایسی دواء جو اپنی تیزی اور قوت جلا و تحلیل کی وجہ سے جو ہر عضو کو فنا کر دے مثلاً زنگار، انزروت، توتیا، نمک، صابن، سندور، مردار سنگ۔

2 **بدل(Substitute / Tenedinum)**: عوض، ایک کی جگہ دوسری، کسی دواء کے نایاب ہونے کی بنا پر انہیں فوائد کی حامل کسی دوسری دواء کو جز و نسخہ بنانے کو اس کا بدل کہتے ہیں مثلاً آنبہ ہلدی کا بدل بابچی، ہلدی یا تخم پنواڑ اور آملہ کا بدل ہلیلہ کابلی۔

3 **تریاق(Alaxipharmic / Anti-dote)**: زہروں کے اثرات دور کرنے والی مرکب دوا، تریاق اربعہ۔

4 **جاذب(Dessicant / Absorbant)**: کھینچنے والی وہ دواء جو اپنی حرارت اور لطافت کے باعث خلط، رطوبت یا مادہ کو ایسی جگہ لے آتی ہے جہاں سے اس کا اخراج آسان ہوتا ہے مثلاً لہسن، گندہ بیروزہ، جند بیدستر اور پنواڑ۔

5 **جالی(Detergent)**: جلا بخشنے والی اور پاک صاف کرنے والی وہ دوا جو عضو کی سطح سے لیس دار رطوبت کو چھیل کر صاف کر دیتی ہے مثلاً شہد، نوشادر، پھٹکری، گندھک، ہلدی، سورج مکھی، صابن، رائی۔

6 **جامد(Coagulant)**: جمانے والی یا منجمد کرنے والی۔ جو دواء پتلی اخلاط کو گاڑھا اور سخت کر کے جما دیتی ہے مثلاً مصطگی، موم، کہربا، گیرو، شیر برگد، اجوائن خراسانی، تخم کونچ، ثعلب مصری۔

7 **حابس(Styptic)**: وہ ادویہ جو بدن سے نکلنے والی رطوبات کو کسی نہ کسی شکل میں روک دیں، جیسے پیشاب، پاخانہ، خون، پسینہ روکنے والی ادویہ مثلاً کافور، دم الاخوین، بیخ انجبار، تخم ریحان، اسپغول، کچنار، حب الاس۔

8 **حالق، محلق، حلاق(Hair Remover)**: بالوں کو مونڈنے یا اتارنے والی وہ دواء جو بالوں کو کمزور کر کے اکھاڑ دے مثلاً ہڑتال، چونا، سفیدہ، راکھ، سرکہ۔

9 **حکاک، محکک(Irritant)**: خارش یا کھجلی پیدا کرنے والی، اپنی گرمی اور تیزی کے سبب گاڑھی اخلاط کو مساموں کی طرف کھینچتی ہے اور خراش کی وجہ سے کھجلی پیدا کرتی ہے مثلاً جنگلی پیاز، کونچ، تخم اونٹگن، اروی، بیری اور بھنڈی کے پتے۔

10 **دابق(Sticky)**: چپکنے والی ادویات جو دواء لیس دار ہونے کے باعث جسم سے چپک جائے سریش لاکھ، گندہ بیروز، گوند کیکر، شہد وغیرہ۔

11 دافع (Repulsive): اپنے اثرات کی وجہ سے کسی مرض کو دفع یعنی دور کرنے والی ادویات۔

12 دافع بخار (Antipyretic): بخار کو رفع کرنے والی مثلاً خاکسی، گلو، اتیس اور کرنجوہ۔

13 دافع تشنج (Antispasmodic): اینٹھن کو رفع کرنے والی مثلاً اجوائن دیسی۔

14 دافع تعفن (Antiseptic): وہ دواء جو بدبو اور تعفن پیدا ہونے سے روکتی ہے۔ مثلاً شاہترہ۔ نیم۔ بکائن وغیرہ۔

15 دافع خمار (Antinarcotic): وہ ادویہ جو نشہ آور اثرات سے نجات دلاتی ہیں مثلاً ترش انار، چوکہ زلال، املی، شربت قند، عرق گلاب، عرق لیموں، گلاب کا پھول سونگھنا وغیرہ۔

16 رداع، مخالف جاذب (Repercussive): وہ ادویات جو سرد اور قابض ہونے کی وجہ سے مواد کو عضو ماؤف پر گرنے سے روکتی ہیں۔ مسامات کو تنگ کرتی ہیں اور رقیق اخلاط کو غلیظ و منجمد کرتی ہیں مثلاً آرد جو، اسپغول، السی، املتاس، دم الاخوین، خطمی، زہرہ مہرہ، صندل، مکو، گل ارمنی، رسوت، سماق، کالی زیری، سپاری وغیرہ۔

17 عاصر (Squeezing/Astringent): نچوڑنے والی قابض، کڑوی اور کسیلی دواء جو عضو کو سمیٹتی ہے، رطوبت کو پتلا کر کے نچوڑتی ہے جس کی وجہ سے وہ عضو ماؤف پر گرنے سے رک جاتی ہے مثلاً آملہ، کیکر، پوست انار، تخم جامن، تخم املی، بلیلہ۔

18 غسال (Lotions, Washing Liquid): دھونے والی ادویات اخلاط کو سطح عضو سے دھونے والی سیال دواء مثلاً نیم گرم پانی، آش جو، شہد میں ملا ہوا پانی (ماء العسل)، عرق مکو۔

19 قابض (Astringent): سکیڑنے والی دواء۔ بوجھل کرنے یا اپنی خشکی کی وجہ سے عضو کے ظاہری اجزا کو سمیٹ کر اس کے مجاری کو بند کرنے والی دواء مثلاً زرشک، سنگدانہ مرغ، ترنج، جفت بلوط، حب الآس، پستے کا چھلکا، طباشیر، مسور، افیون وغیرہ۔

20 قاتل (Pernicious / Toxic / Fatal): مہلک۔ اپنی ضد اور مخالفت کی بنا پر ہر زندہ جسم کو فنا کرنے والی دواء مثلاً سنکھیا، افیون، فرفیون، ہیرا، پارہ، کچلہ، دھتورہ، ہڑتال، جمال گوٹا، توتیا۔

21 قاتل دیدان (Vermicide): پیٹ کے کیڑوں کو مار کر باہر نکالنے والی دواء۔

22 قاشر: چھلکا اتارنے والی بوجہ شدت جلا عضو کے فاسد مواد کو دور کرتی ہے اور چھلکا اتارتی ہے۔

23 کاوی (Caustic): داغ دینے والی وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے اعضاء کو جلا ڈالتی ہیں یا داغ دیتی ہیں مثلاً سلور نائٹریٹ، بغیر

بجھا چونا، سنکھیا، ہڑتال، لہسن، رائی، ادرک، ہالون۔

24 کاسر ریاح (Carminative): ریاح کو خارج کرنے والی وہ دواء جو اپنی قوت حرارت سے معدہ اور آنتوں کی غلیظ ریاح کو خارج کردے مثلاً ہینگ، ادرک، بالچھڑ، مرچ سیاہ، پودینہ، مولی، زیرہ، اجوائن دیسی، سونف اور نوشادر۔

25 لاذع (Irritant): خراش پیدا کرنے والی وہ دواء جو اپنی تیزی اور حدت کی وجہ سے عضو میں سوزش اور خراش پیدا کردے مثلاً سرکہ، تیزاب جامن، لیموں، رائی، برگ بھنڈی، ست اجوائن، ہزار پا (کنکھجورا)

26 لازج (Clammy): چپکنے والی وہ ادویہ جو اپنی لیس کی وجہ سے جسم سے چپک جاتی ہیں مثلاً گوند، سریش، خبازی، چاول، السی اور اسپغول۔

27 مانع عرق (Anti-diaphoretic): پسینہ کو روکنے والی دواء۔ پسینہ کی زیادتی کو روکنے والی ادویہ میں مازو، دھتورہ، کافور، اجوائن خراسانی، سپاری، سنگ جراحت، طباشیر اور صندل سفید و سرخ شامل ہیں۔

28 مبرد (Refrigerant): سردی پہنچانے والی وہ دواء جو سرد ہونے کی بنا پر بدن میں سردی پہنچائے مثلاً صندل، کاہو، نیلوفر، کاسنی، افیون، آلو بخارا، کافور، برف وغیرہ۔

29 مبہی (Aphrodisiac): قوت باہ پیدا کرنے اور بڑھانے والی دوائیں مثلاً تخم مولی، مشک، عنبر، مروارید، سونٹھ، چھوہارا، تیتر، بٹیر، مرغ، ماہی روبیاں، بکری کا گوشت، اخروٹ، چلغوزہ، پستہ، جند بیدستر، ستاور، موصلی، تودری، تخم پیاز وغیرہ۔

30 مجفف (Desiccative): خشکی پیدا کرنے والی وہ ادویہ جو اعضاء کی رطوبت یا زخم کو خشک کردیں مثلاً سنگ جراحت، ٹاٹ سوختہ، سپاری، برگ مدار، سندرس، چھالیہ، پھٹکری، پوست انار وغیرہ۔

31 مجمد (Coagulant): جما دینے والی۔ اپنی سردی اور قوت قابضہ کے اثر کی وجہ سے اخلاط اور رطوبات کو جما دینے والی ادویہ مثلاً اجوائن خراسانی، نشاستہ، گوند، کتیرا، گیرو، موم، سپستان وغیرہ

32 محرق (Corrosive): جلانے والی وہ دواء جو اپنی حرارت اور قوت نفوذ سے عضو کی رطوبت کو جلا کر ختم کردے مثلاً نمک شورہ، گندھک، ہڑتال ورقی، فرفیون، زنگار، توتیا، چونا، ہینگ وغیرہ۔

33 محرک (Stimulant): تحریک پیدا کرنے والی وہ ادویات جو اعضاء کی قوت کو برانگیختہ کرکے اعصاب میں تحریک پیدا کریں

مثلاً سونٹھ، کچلہ، کستوری، زعفران، جائفل، ہینگ، پان کی جڑ وغیرہ۔

34 **محلل (Resolvent)**: تحلیل کرنے یا سوج اتارنے والی ادویات جو کہ عضو سے چپک جانے والی لیس دار اخلاط کو اپنی قوت وحرارت سے بخارات بنا کر فنا کر دیں مثلاً جند بیدستر، دارچینی، کیکڑا، ہلدی، باقلا، رائی، چرائتہ، خطمی، ریوند چینی، بابونہ، اکلیل الملک، کریلا، ارنڈ۔

35 **محمر (Rubefacient)**: سرخ کرنے والی، اپنی حرارت اور قوت جاذبہ سے بیرونی عضو کو سرخ کر دینے والی دواء، زعفران، ہینگ، حسن یوسف، دارچینی، پودینہ، گل لالہ اور انجیر۔

36 **مخدر (Anaesthetic)**: سن کرنے والی اور بے حس کرنے والی وہ دواء جو اپنی سردی خشکی اور قوت قابضہ سے مسامات و مجاری کو کثیف کرتی ہے اور روح نفسانی کے نفوذ کو روک کر عضو بے حس کر دیتی ہے مثلاً افیون، حرمل، کچلہ، دھتورہ، لونگ، کندر، تمباکو، اجوائن خراسانی اور کا کنج وغیرہ۔

37 **مسقط ومخرج جنین ومشیمہ (Ecbolic)**: حمل گرانے والی۔ بچے کو ماں کے پیٹ سے باہر نکالنے والی ان ادویات سے عضلات رحم کو تحریک ہوتی ہے اور بچہ کی پیدائش میں مدد ملتی ہے، یہ ادویہ رحم کو سکیڑ کر حمل کو وقت سے پہلے گرا دیتی ہیں مثلاً زراوند، تج، السی، ابہل، بندال، بوزیدان، پرسیاؤ شاں، کنگی، فرفیون، جڑ بنولہ، اندرائن پرانا گڑ اور املتاس کے چھلکے وغیرہ۔

38 **مخشن (Roughening)**: کھردرا پن پیدا کرنے والی، اپنی خشکی اور قوت قابضہ سے عضو کی ظاہری سطح کو کھردرا کرنے والی دوائیں مثلاً آملہ، رائی، اکلیل الملک، بلادر، املی، ہینگ، ناخونہ اور گٹھلی جامن۔

39 **مدرات (Discharging)**: جاری کرنے یا بہانے والی اور جسم سے رطوبات کا اخراج کرنے والی ادویات۔

40 **مدر بول (Diuretic)**: پیشاب لانے والی ادویات اس میں پیشاب کے راستہ مادہ کو خارج کیا جاتا ہے۔ سردی کی وجہ سے سمیت کو بذریعہ پیشاب خارج کرنے والی ادویہ مثلاً گوکھرو خورد، املتاس، بالچھڑ، زوفہ خشک، پرسیاؤ شاں، برنجاسف، عود، اجوائن خراسانی اور خبازی وغیرہ۔

41 **مدر حیض (Emmenagogue)**: حیض جاری کرنے والی وہ دوائیں جو اپنی لطافت یا گرمی کی وجہ سے جمے ہوئے خون کو پگھلا کر جاری کر دیتی ہیں۔ انہیں ایام خاص میں استعمال کرتے ہیں مثلاً خارخسک، زعفران، بابونہ، جند بیدستر، املتاس کے چھلکے، اجمود، کالی تلسی، کلتھی، بیر بہوٹی، تخم خربزہ، چھوہارہ، اگر خون کی کمی اس کا سبب ہو تو فولاد کا استعمال کرایا جاتا ہے۔

42 **مدر لبن (Galactagogue)**: دودھ پیدا کرنے والی ادویات خون کی پیدائش بڑھا کر دودھ کی افزائش کا سبب بننے والی

ادویات، موصلی سیاہ وسفید، تل سفید، ستاور، سونف، گوند کیکر، زیرہ سفید، بداری قند، گوند کتیرا، آلو اور بادام وغیرہ۔

43 **مدر لعاب (Sialagogue)**: تھوک پیدا کرنے والی۔ لعاب دہن کی گلٹیوں میں تحریک پیدا کر کے تھوک پیدا کرنے والی دوائیں مثلاً لونگ، مرچ سیاہ وسرخ، سرکہ، تمباکو، عقرقرحا، ست لیموں، نمکیات، پودینہ، سہاگہ وغیرہ۔

44 **مدمل یا ملحم (Cicatrizing)**: زخموں کو بھرنے والی۔ ان کی رطوبت خشک کر کے صالح گوشت پیدا کرنے والی ادویات مثلاً سرمہ، ایرسا، انزروت، اسفنج، بارتنگ، دم الاخوین، سیندور، سفیدہ کاشغری، ملتانی مٹی، بارتنگ، رال، بلوط، مردارسنگ، کہربا، ویزلین اور موم۔

45 **مرخی (Emollient)**: اعضاء کو نرم کرنے والی دوائیں۔ وہ ادویات جو اپنی حرات اور رطوبت کے باعث جلد کو نرم کرتی ہیں اور مسامات کو کھولتی ہیں۔ اعضاء کی خشکی کو دور کر کے ان کو نرم اور ڈھیلا کر دیتی ہیں مثلاً موم، گلِ سُرخ، روغن بہیدانہ، خطمی، روغنِ تل، روغنِ زیتون، اکلیل الملک، السی، اسپغول، تازہ مکو، آردجو، ناخونہ، تخم کتان۔

46 **مرطب (Moistening/Moisturising)**: تر کرنے والی وہ ادویات جو اپنی قوت مرطوبہ سے اعضاء کو تری بخشتی ہیں۔ اسپغول، تربوز، کدو، خربوزہ، شیر گاؤ، موصلی، کتیرا، بھنڈی، ریشہ خطمی، روغن کاہو، مغز کدو۔

47 **مرقق (Diluent)**: پتلا کرنے والی ادویات بوجہ رطوبت، لطافت اور حرارت اخلاط کو نرم اور پتلا کرتی ہیں۔ شہد، سرکہ، عرق پودینہ، عرق کیوڑہ، شکر۔

48 **مزلق (Lubricant)**: پھسلن پیدا کرنے والی وہ ادویہ جو باطنی عضو کی اندرونی سطح کو چکنا کر دیں مثلاً تخم بالنگو، اسپغول، سپستاں، گاؤزبان، گلیسرین، گوندنی، سدا سہاگن۔

49 **مسدد (Obstruent)**: سدہ پیدا کرنے والی دوائیں مثلاً تخم جامن، تخم املی، کوٹا ہوا اسپغول، خشخاش، مکو خشک، اجوائن خراسانی، سورنجان تلخ، خام کیلا وغیرہ۔

50 **مسکر منشی (Narcotic/Intoxicating)**: نشہ لانے والی ادویہ مثلاً بھنگ، چرس، ہیروئن، گانجا، شراب، زعفران، جاوتری، کڑوا بادام۔

51 **مسکن (Sedative)**: سکون پیدا کرنے والی وہ ادویہ جو اخلاط کی حرارت اور جوش کو سکون دیں جیسے افیون، مرغی کے انڈے کی سفیدی، نشاستہ، گوند کیکر، بابونہ، دھتورہ، دھنیا، سمندر سوکھ۔

52 مسکن الم (Analgesic): دردوں کو سکون بخشنے والی ادویات مثلاً افیون، لفاح، اجوائن خراسانی۔

53 مسمن (Fattening): بدن کو موٹا کرنے والی وہ ادویہ جو کثیر القدار ہونے کی وجہ سے بدن کو فربہ کرنے کی خصوصیت رکھتی ہیں مثلاً خرما، سنگھاڑا، ساگودانہ، ستاور، توت، بادام، چلغوزہ، انڈا۔

54 مسہر (Causing Insomnia): نیند کا غلبہ دور کر کے بے خوابی پیدا کرنے والی مثلاً چائے، سرکہ، رائی، مرچ سیاہ، لونگ، جاوتری، نمک، قہوہ، کافی اور کافور سونگھنا۔

55 مسہل بلغم (Phlegmagogue): جو دواء بلغمی مادے کو براستہ دست خارج کرے مثلاً اسطوخودوس، افتیمون، سناء مکی، اندرائن، غاریقون، تربد سفید، تخم نیل، مغز املتاس، مغز ارنڈ، جمال گوٹہ، کریلا، کلونجی، شکر سرخ، آملہ، ہلیلہ۔

56 مسہل سودا (Melanagogue): جو دواء سودا کو بذریعہ دست خارج کرے مثلاً اسطوخودوس، ایلوا، ہلیلہ سیاہ، برگ سناء مکی، مغز فلوس خیارشنبر، املتاس، سقمونیا، اندرائن، کنکی۔

57 مسہل صفراء (Cholagogue): صفراوی دست لانے والی ادویہ۔ آلو بخارا، ترنجبین، سناء مکی، پرانی املی، گل بنفشہ، آکاس بیل، پوست ہلیلہ زرد، پالک سبز، عشق پیچہ، سونٹھ، شاہترہ۔

58 مشتہی (Appetiser): بھوک لگانے والی وہ ادویات جو معدے پر اثر کرتی ہیں اور بھوک بڑھاتی ہیں مثلاً سکنجبین، سرکہ، بہی، آڑو، مرچ سیاہ، زیرہ، مصطگی، سونٹھ، اجوائن دیسی، دارچینی، زرشک، پودینہ، الائچی خورد، شیر شتر وغیرہ۔

59 مصدع (Cephalalgic): تبخیر کے سبب دردسر پیدا کرنے والی ادویات مثلاً پیاز، السی، خاکسی، لوبان، گندنا کے بیج، مسور، میتھی، پالک، مولی، بینگ۔

60 مصفی خون (Blood Purifier): خون صاف کرنے والی اور اس کو اعتدال پر لانے والی دوائیں۔ جب سوداوی امراض کی وجہ سے خون گاڑھا ہو جاتا ہے یا صفراء کی زیادتی سے جل جاتا ہے تو مندرجہ ذیل ادویات ان صورتوں میں خون کی اصلاح کرتی ہیں مثلاً شہد، گل منڈی، گندھک، برہم ڈنڈی، ہرن کھری، نیم، چرائتہ، سرس، عشبہ، سرپھوکہ، عناب، برگ فالسہ، بکن بوٹی۔

61 مصلب (Hardening): عضو سخت کرنے والی ادویات۔ اپنی کثافت کی بنا پر اعضاء اور مواد کو سخت کرنے والی ادویات مثلاً، شیر مدار، لحم سرطان وغیرہ۔

62 مصلح (Corrigent): اصلاح کرنے والی ادویات ، ایسی اشیاء جو دوسری اشیاء کے برے اثرات کو ختم کرتی ہیں مثلاً زعفران، شہد، کتیرا اکثر ادویات کی مصلح ہیں۔ گل سرخ سناء کا مصلح ہے۔

63 مضیق (Constrictive): تنگ کرنے والی ایسی ادویات جو قابضہ قوت کی بنا پر نالیوں کو سکیڑتی یا تنگ کرتی ہیں۔ مازو، پوست انار اور تخم املی مضیق اندام نہانی ہیں۔

64 مطفی (Refrigerant): تیزی و گرمی کم کرنے والی ادویات اپنی ٹھنڈک اور تری سے گرمی اور سوزش کو رفع کرتی ہیں مثلاً ادویات، نیلوفر کائی، عناب، السی، نارجیل دریائی، برف، تخم پالک، آب کدو، کافور، کاہو۔

65 معدّل (Alterative, Normalizing): اخلاط کو اعتدال پر لانے والی ادویات مثلاً تر ادویات جیسے سپستاں، کھیرا، گل منڈی، صفراء کی معدّل ہیں۔

66 معدلات بلغم (Alterative for Phlegm): منقیٔ بلغم کو اعتدال پر لانے والی ادویہ مثلاً زیرہ سیاہ، ملیٹھی، انیسون، دارچینی، بادیان رومی، مٹھی، الائچی خورد وکلاں، بالچھڑ، تلسی، خطمی، خبازی، ابریشم، لونگ، جاوتری۔

67 معدلات و مصفیات خون (Blood Purifying / Alterative): خون کو اعتدال پر لانے اور صاف کرنے والی ادویہ۔ آلو بخارا، چوب آبنوس، تخم کاسنی، تخم کاہو، برہم ڈنڈی، گل بنفشہ، گل نیلوفر، برگ شیشم، برگ نیم، عرق سونف، آب لیموں، شربت صندل، شربت گاجر، شربت شاہترہ وغیرہ۔

68 معدلات صفراء (Bilious Alterative): صفراء کو اعتدال پر لانے والی ادویہ مثلاً اسپغول، تخم خیارین، تخم خرفہ، کاسنی، دھنیا، صندل سفید، تخم کاہو، کافور، عناب، بہی دانہ، فالسہ، آلو چہ، گاؤزبان، لسوڑہ۔

69 معرق (Diaphoretic): پسینہ لانے والی ادویات، بند رطوبات کو بذریعہ مسامات خارج کرنے والی ادویہ مثلاً لوبان، کافور، چائے، دارہلد۔

70 معطس (Errhine): چھینک لانے والی ادویات جو دماغی مواد کو حرکت دے کر بذریعہ چھینک خارج کرتی ہیں مثلاً نوشادر، نک چھکنی، تمباکو، ریٹھا، دونا مروا، سونٹھ، پلاس پاپڑہ، برگ نیم، کائپھل۔

71 معطش (Thirst Stimulant): پیاس لگانے والی ادویہ جو اپنی گرمی اور خشکی کی وجہ سے پیاس لگائیں، گوشت، انڈے، مچھلی، باجرہ، کریلے، سونٹھ، بھنے ہوئے چنے۔

72 مغری (Glutinous): چپک جانے والی وہ دواء جو اپنی لیس کے باعث رگوں کے سروں کو چکنا کرتی ہے مثلاً ریحان، سپستاں، ریشہ خطمی، سفیدی بیضہ مرغ، بجھا ہوا چونا، بھنڈی وغیرہ پیچش میں آؤں اور جریان خون میں بھی مفید ہیں۔

73 مغشی (Narcotic): غشی پیدا کرنے والی ادویات جو اپنی ریاحی صفات کی بنا پر غشی پیدا کرتی ہیں مثلاً آکاس بیل، انیسون، جاوتری، تخم گزر، پپلا مول، زیرہ، نرکچور، سونٹھ۔

74 مغلظ (Viscous): گاڑھا کرنے والی وہ ادویات جو اپنی کثافت کی بنا پر اخلاط، منی، یا دودھ کو گاڑھا کرتی ہیں مثلاً سنگھاڑے کا آٹا، بیج بند، تودری، موصلی، تالمکھانہ، اسپغول، گوشت، بہمن، کمرکس، بھوپھلی، تخم جامن، مایہ شتر۔

75 مفتت حصات گردہ و مثانہ (Lithontriptic): پتھری کو ریزہ کرنے یا توڑنے والی ادویات گردہ یا مثانہ کی پتھری کو بذریعہ پیشاب ریزہ ریزہ کر کے خارج کرتی ہیں مثلاً کلتھی، پتھرچٹہ، حجر الیہود، تلسی، پرسیاؤشاں، گوکھرو، سونف، ناگرموتھا، جواکھار، سلاجیت۔

76 مفتح سدد (Deobstruent): سدہ کھولنے والی وہ دواء جو آنتوں، رگوں اور مسامات کے سدے کھولتی ہے مثلاً شاہترہ، کاسنی، کباب چینی، انیسوں، بیخ بادیان، حرمل، دارچینی، برنجاسف، مجیٹھ۔

77 مفجرات اورام (Anti-Inflammatory): ورموں کو پھاڑنے والی: ایسی ادویات جو حدت اور شدت کے باعث جلد کو پھاڑ دیں۔ سفیدہ کاشغری، گلیسرین، فرفیون، رتن جوت، چونا، سہاگہ، درختوں کا دودھ۔

78 مفرح (Exhilarant): فرحت دینے والی ایسی دواء جو اپنی لطافت کے سبب دل میں فرحت و انبساط پیدا کرتی ہے مثلاً سیب، بہی، پستہ، انجیر، انار، امرود، انگور، الائچی خورد وکلاں، ورق نقرہ، ورق طلا، گلاب، یشب، عنبر، زعفران وغیرہ۔

79 مقرح: (Vesicant) زخم ڈالنے والی ادویات تیزی اور گرمی کے باعث بدن پر زخم ڈال دینے والی ادویات فرفیون، شیر مدار، ہڑتال، عسل بلادر، دھنیا، پیاز، رتن جوت۔

80 مقئی (Emetic): قے لانے والی وہ دواء جو کسی ایک یا تینوں اخلاط کو معدے سے نکال کر بذریعہ قے خارج کرتی ہے۔ تخم خربوزہ، شہد، سویا کے بیج، تخم مولی، مولی کے پتوں کا پانی، اونٹ کٹارا، نک چھکنی، سرخ لوبیا۔

81 مقوی اعضاء (Invigorating): قوت بخشنے والی ادویات، جو دواء عضو کے مزاج کو درست کرے جس سے اس کی قوتیں بحال ہو جائیں مثلاً چلغوزہ، بادام، اخروٹ، زعفران، مروارید وغیرہ۔

82 مقوی اعصاب (Nervous Tonic): اعصاب کی ساخت کو قوت دینے والی ادویہ مثلاً مغز بادام، بلادر، فاسفورس، کچلہ، جند بیدستر، آملہ۔

83 مقویات بصر (Ophthalmic Tonic): بینائی کو قوت پہنچانے والی دواء۔ بوجہ اپنی لطافت واعتدال دماغ کے ہر جزو خصوصاً ابصارت کو قوت دیتی ہے مثلاً سرکہ، آملہ، ہلیلہ زرد، کابلی ہڑ، بادام، زعفران، مشک، منڈی، سونف، جلی ہوئی سیپ، ابریشم سوختہ، شہد، تیزپات، مولی۔

84 مقوی جگر (Hepatic Tonic): جگر کو قوت دینے والی ادویات مثلاً کاسنی، ستاور، جوز بوا، انار، چھڑیلہ، پودینہ کوہی، حب بلسان، نرکچور، ناگرموتھا، ملٹھی، درونج عقربی، الائچی خورد، تج، دارچینی، گل سرخ، مصطگی، غافث، ناردین، لونگ، زرشک، تخم کشوث، سیب وغیرہ۔

85 مقویات اسنان ولثہ (Gum and Tooth Tonic): دانتوں اور مسوڑھوں کو قوت دینے والی ادویات مثلاً پوست ہلیلہ زرد، سپاری، پھٹکری، عاقرقرحا، زیرہ گلاب، گلنار، لوبان، ناگرموتھا، مازو، مائیں خورد و کلاں، کالی مرچ، ہیرا کسیس، بنسلوچن چندرس، سنگ جراحت، مسور، مونگا، مونگے کی جڑ، کٹھ موتی، مولسری کی چھال، ببول کی چھال، ناگ کیسر، سرس کے بیج، تمباکو کے بیج، کوڑی زرد، کبابہ وغیرہ۔

86 مقویات دماغ (Brain Tonic): دماغ کو قوت دینے والی وہ ادویہ جو ذہنی قوتوں کو جلا بخشتی ہیں مثلاً موتی، گلاب، ناگرموتھا، بھلانواں، بالنگو، کندر، بندق، سیب کے پھول، مغز حیوانات، زعفران، مغز کدو، تخم کاہو، مربہ ہلیلہ، مربہ آملہ، کبوتر کا گوشت، شربت نارنج، صندل سفید، بادام شیریں، رام تلسی، عرق گلاب، گل سرخ، اگر، عنبر، مرغ کا گوشت اور انڈے، سمندر سوکھ، گل نیلوفر۔

87 مقویات قلب (Cardiac Tonic): قلب کو قوت دینے والی ادویات جو دل کی حرکات کو منظم کرتی ہیں ادویہ مثلاً امرود، انار شیریں، آملہ، سیب ابریشم، اناس، ترنج اور لیموں گل گاؤزبان، کشنیز خشک، گل سرخ، جوار، دارچینی، مونگا، گل نیلوفر، چوکے کے بیج، پان، یاقوت، رام تلسی، نرکچور، ورق نقرہ، الائچی، لاجورد، پودینہ، عودصلیب۔

88 مقویات معدہ (Gastric tonic): معدہ کو قوت دینے والی ادویات جو معدہ کو طاقت دیتی ہیں وہی آنتوں کی رگوں کو قوت دیتی ہیں مثلاً گل سرخ، آملہ، اناردانہ، جامن، جوز بوا، فلفل سیاہ، دارچینی، نرکچور، ناگرموتھا، تج، اونٹنی کا دودھ، لونگ، الائچی،

لوبان، سنگدانہ مرغ، مصطگی، نمک لاہوری، سرکہ، بالچھڑ، عرق کیوڑہ، آب کاسنی مطبوخ وغیرہ۔

89 ملطف (Demulcent): لطیف یا رقیق کرنے والی وہ دواء جو گاڑھی اخلاط یا مواد کو پتلا کر کے خارج کرے مثلاً مکو، سونف، پرسیاؤشاں، ابہل، اسطوخودوس، اذخر، ایرسا، بابونہ، پودینہ، سرکہ۔

90 ملین بطن (Laxative): پیٹ نرم کرنے والی ایسی ادویات جو قبض کو دور کریں اور پاخانہ کھل کر لائیں مثلاً ترنجبین، بادام روغن، املی، آلو بخارا، پالک سونف، املتاس، شہد، گل قند۔

91 ملین اورام: اورام کو نرم کرنے والی ادویات جو مواد اور ورم کو نرم کر کے تحلیل کریں مثلاً اسپغول، اجوائن دیسی، اکلیل الملک، بابونہ، برنجاسف، خطمی، خبازی، زیتون، میعہ سائلہ، بیخ بنفشہ، کرنجوہ، السی، کیسٹر آئل (روغن ارنڈ۔

92 ممسک (Avoricious): روکنے بند کرنے اور سرعت انزال کو رفع کرنے والی ایسی ادویات جو گرمی خشکی کی بنا پر منی کو روک رکھے اور جلد انزال نہ ہونے دے مثلاً اجوائن خراسانی، افیون، تخم و برگ دھتورہ، پنیر، جاوتری، دارچینی، زعفران، عقرقرحا، لونگ، کافور، کستوری، مصطگی، گوگل، انگن، جائفل، خولنجان، جند بیدستر، ست گلو، یوہمبین (Yohimbine)۔

93 منضج (Concoctive): پکانے والی ادویات، جو اخلاط کے قوام کو معتدل کر کے ان کو اخراج کے قابل بنائے اور غلیظ اخلاط کو رقیق بنا کر خارج کرے۔

94 منضج بلغم (Phlegmatic Concoctive): بلغم کو پکانے والی، وہ ادویہ جو غیر طبعی بلغم کو اعتدال پر لاتی ہیں اور پکا کر قابل اخراج بناتی ہیں مثلاً انجیر، انیسون، سونف، پرسیاؤشاں، تخم خطمی و خبازی، گل سرخ، گل قند، مویز منقی، ملیٹھی۔

95 منضج سودا (Melano-Concoctive): سودا کو پکانے والی یا کسی خلط کے جلنے سے پیدا ہونے والے سوداء کو قابل اخراج بنانے والی ادویہ مثلاً عناب، گاؤزبان، لسوڑہ، صندل سرخ، ملیٹھی، بادرنجبویہ، اسطوخودوس، سرپھوکہ، گل منڈی، ہلیلہ سیاہ۔

96 منضج صفرا (Concoctive for Bile): صفراء کو پکا کر خارج کرنے والی ادویات مثلاً عناب، گل سُرخ، گل بنفشہ، گل نیلوفر، شاہترہ، بیخ و تخم کاسنی، مکو، ترنجبین، شکر، شربت آلو بخارا۔

97 نفاخ (Flatulent): اپھارہ پیدا کرنے والی اور پیٹ کو پھلانے والی ادویہ مثلاً گوبھی، لوبیا، موٹھ، بھنڈی، باقلا، چقندر، شکر قند، بیلگری، آلو۔

98 منقی (Purifying): تنقیہ کرنے والی ادویات یعنی عضو سے فاسد مادوں کو خارج کرنے میں مدد دیں مثلاً اسطوخودوس، عقرقرحا۔

99 منوم (Hypnotic): نیند لانے والی ایسی ادویہ جو دماغی دوران خون کو سست کر کے یا اعصاب کو ٹھنڈک پہنچا کر یا دماغی خشکی کو دور کر کے نیند طاری کر دیتی ہیں۔ مثلاً روغن کاہو، روغن بادام، روغن خشخاش، روغن کدو، افیون، سبز دھنیا، چھوٹی چندن، لبوب سبعہ، روغن نیلوفر۔

100 مولد دم (Blood Generator): وہ ادویہ جو جسم میں خون کی پیدائش کا باعث بنیں۔

101 مہزل (Emaciatic): دبلا پتلا کرنے والی ادویات مثلاً لاکھ، شہد، رال، سندرس۔

102 ناشف (Dessicant): رطوبات جذب کرنے والی ادویہ۔ بہتی ہوئی رطوبت کو جما دیتی ہیں اور جذب کرتی ہیں مثلاً چونا، زہرمہرہ، سرمہ سفید، چھالیہ سوختہ، سنگ جراحت، برگ نیم وغیرہ۔

103 ہاضم (Digestive): غذا کو ہضم کرنے والی ادویہ۔ ایسی ادویہ جو مقوی معدہ ہونے کی وجہ سے غذا کو جزو بدن بناتی ہیں اور بھوک لگاتی ہیں مثلاً اجوائن دیسی، سرکہ، جاوتری، شہد، گڑ، اچار، جامن کا عرق اور سرکہ، ادرک، مولی، پودینہ، تلسی وغیرہ۔

104 آب زن (Sitz Bath): پانی میں بیٹھنا۔ کسی ٹب وغیرہ میں دواؤں کے جوشاندہ میں نیم گرم پانی میں بٹھانا، گٹھیا اور اعصابی درد والوں کے لئے یہ طریقہ مفید ہے۔

105 انکباب (Vapour Bath): بھاپ لینا۔ چادر اوڑھ کر دواؤں کے گرم جوشاندے کی بھاپ تمام جسم یا کسی خاص عضو پر پہنچانا۔

106 بخور (Fumigation): دھونی لینا۔ دواء کو آگ پر ڈال کر دواؤں کے گرم جوشاندے کی بھاپ تمام جسم یا کسی خاص عضو پر پہنچانا۔

107 بدرقہ (Vehicle): وہ دواء جو کسی اور دواء کے اثر کو تیز کرنے کے لئے اس کے ساتھ کھائی جائے یا اس کے بعد استعمال کی جائے۔

108 تکلیس (Calcination): کشتہ کرنا۔ کسی دھات، اپدھات یا حجریات کو اس قدر آگ دینا کہ وہ بآسانی پسنے کے قابل ہو جائے۔

109 جوشاندہ (Decoction): مطبوخ۔ ادویات مطلوبہ کو پانی میں چند جوش دے کر اتار لیتے ہیں۔

110 حقنہ (Enema): عمل لینا۔ پچکاری کی مدد سے تر ادویات یا نیم گرم پانی بذریعہ مقعد آنتوں میں یا رحم کے اندر پہنچانا۔

111 حمول (Pessary): اندام نہانی میں کپڑا رکھنا۔ دواؤں کی بتی بنا کر یا کوئی کپڑا اور پوٹلی تر کر کے عورت کی اندام نہانی میں رکھنا۔

112 سعوط(Nasal Drops): ناک میں ٹپکانا۔ کسی تر دواء کو ناک میں ٹپکانا۔

113 سکوب(Douche): ڈوش (تریڑا) کسی اونچی جگہ سے دھار کی صورت میں نیم گرم پانی یا جوشاندہ جسم کے کسی عضو پر ٹھہر ٹھہر کر گرانا۔

114 سنون(Tooth Powder): منجن۔ دانتوں پر ملنے والی خشک پسی ہوئی دوا۔

115 شافہ(Suppository/Tampon): لانبی گولی جسے مقعد یا اندام نہانی میں رکھا جاتا ہے۔

116 شموم(Olfaction): سونگھنا۔ کسی تر یا خشک چیز عطر، کستوری وغیرہ کو سونگھنا۔

117 شیرہ (Juice): ایک یا زیادہ ادویات کو پانی میں پیس کر چھان لینا۔

118 ضماد(Paste): لیپ۔ گاڑھی پسی ہوئی دواء کا بدن یا کسی عضو پر لیپ کرنا۔

119 طلاء(Embrocation): ہلکا لیپ۔ پتلی تر دواء کو بدن یا اس کے کسی عضو پر لگانا۔

120 عطوس/معطس (Errhine): نسوار لینا۔ چھینک لانے والی دوا۔

121 غرغرہ(Gargle): غرارہ۔ منہ کی کلی کرنے یا حلق میں غرارے کرنے والی دوا۔

122 فتیلہ(Bougee): (بتی) روئی یا کپڑے کی بتی بنا کر ادویہ سے تر کر کے زخموں میں یا ناک کان وغیرہ میں رکھنا۔

123 کحل(Collyrium): (سرمہ) سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگائی جانے والی خشک دوا۔

124 کماد(Fomentation): سینک دینا۔ خشک یا تر دواؤں کی پوٹلی بنا کر یا گرم کر کے کسی عضو کو سینکنا۔

125 مضمضہ (Mouth Wash): کلی کرنا۔ پانی کی وہ کلی جو سارے حلق میں پھرائی جائے۔

126 نطول(Irrigation): نیم گرم دواء کا جوشاندہ یا گرم پانی برتن میں ڈال کر فاصلے سے کسی مریض کے عضو پر گرانا۔

127 نقوع(Infusion): خیساندہ۔ ادویات کو کچھ گھنٹوں کے لئے پانی میں بھگو کر رکھنا اور پھر چھان کر پی لینا تا کہ اس کے موثر اجزاء نکل آئیں۔

Medical Terminologies

Abortifacient (مانع اسقاط): Anything used to cause abortion.

Alkaloid (الکلائیڈ): A basic organic nitrogenous compound of plant origin that is pharmacologically active and bitter tasting; certain alkaloids, such as quinine, atropine, codeine, and scopolamine, are used in medicine.

Allergenic (حساسیت سے متعلق۔): A substance capable of inducing an allergic response.

Amenorrhoea (احتباس الطمث): An abnormal suppression or nonoccurrence of menstruation.

Amoebicidal (دماک امیبا): A substance that destroys amoeba.

Analgesic (مسکنِ الم۔دافع درد): Pain relieving drug that does not induce loss of consciousness.

Angina (ذبحہ): **Disorder**of the heart signaled by acute constricting pains in the chest.

Anodyne (مسکنِ الم خفیف)۔درد یا مسکن): A soothing pain-easing agent.

Anthelmintic (قاطع دیدان۔کرم کش): Causes removal or death of worms in the body.

Anti-inflammatory (دافع التہاب یاورم): Reduces inflammation.

Antidiabetic (دافع ذیابیطس): A medicine counteracting or checking diabetes.

Antidote (فاد۔تریاق): Remedy counteracting the effects of a poison.

Antifebrile (دافع بخار): A substance that reduces fever.

Antipyretic (مانع حمیٰ): Agent that relieves or reduces fever.

Antiscorbutic (مانع اسکربوط): A remedy for scurvy.

Antiseptic (دافع عفونی): Prevents infection or putrefaction; a disinfecting agent.

Antispasmodic (دافع تشنج): Prevents or cures spasms, as in epilepsy.

Antitumor (مانع رسولی): Refers to tumor growth inhibiting properties, usually referred to in connection with cancer.

Aperient (ملین): A mild laxative.

Aphrodisiac (مقوی باہ): Agents that stimulate sexual desire.

Aphtha (قلاع): (plural, aphthae) An ulcer of the mucous membrane, usually oral.

Astringent (قابض): A substance that checks the discharge of mucus, serum etc., by causing contraction of the tissue.

Bactericide (جراثیم کش۔ جراثیم کی ہلاکت): Anything that destroys bacteria.

Berry (بیری نما گول۔ چھوٹا سا پھل): Entire soft pericarp, as in the tomato or grape.

Biliousness (صفراوی امراض): Popular term used to describe conditions marked by general malaise, giddiness, vomiting, headache, indigestion, constipation, and so forth.

Bronchiectasias (تمدد الشعب): A chronic inflammation or degenerative condition of one or more bronchioles.

Bronchitis (التہاب شعب): An inflammation of the tubes in the lungs.

Bulb (حرام مغز): An upright series of overlapping leaf bases attached to a small basal stem, as in the onion.

Carcinogen (سرطان پیدا کرنے والی شئے): A substance which causes cancer.

Cardiac (دل سے متعلق): Products that have an effect upon the heart.

Carminative (کاسر ریاح): A substance that prevents formation of or promotes expulsion of gas from the alimentary tract; relieves flatulence.

Catarrh (نزلہ): Excessive secretion from an inflamed mucous membrane, especially of the air passages of the throat and head.

Cathartic (دست آور دواء۔ قبض کشا دو): Producing evacuation of the bowels.

Cholalogue (مدر صفراء): A drug that stimulates the flow of bile by the liver.

Chronic (مزمن امراض): Diseases that are of long duration, either mild or acute.

Coma (مرض سبات۔ گہری نیند): Stupor; abnormally deep sleep.

Comose (کثیر الشعر): With a tuft of hairs at the apex of a seed or at the base of a floret in a grass spikelet.

Complete (پورا کرنا, مکمل): A flower that has all four series.

Conjunctivitis (رمد۔ آشوبِ چشم): Inflammation of the mucous membrane lining of the eyelids and covering of the anterior part of the eyeball.

Constipation (قبض): A morbid inactivity of the bowels.

Consumption (خرچ): A general term used to describe the wasting of tissues, including but not limited to, tuberculosis.

Contact dermatitis (تماسی التہابِ الجلد): Local allergic reaction provoked by skin contact with chemical substances that act as antigens or haptens.

Contraceptive (مانع حمل): Prevents conception by chemical or physical means.

Cordate (صنوبری, قلب نما, دل): Of the shape of the stylized heart with the petiole attached between the basal lobes.

Corm (گنٹھی، کرمہ، جزع): An upright, hard, or fleshy stem surrounded by dry scaly leaves, as in the gladi olus bulb.

Cystitis (ورم مثانہ۔ التہابِ مثانہ): Inflammation of the urinary bladder.

Decoction (جوشاندہ): A liquid preparation obtained by boiling medicinal plant substances in water and extracting drugs by straining the preparation.

Decumbent (لیٹا ہوا, دراز, سر خیز): Stems lying upon the ground with their ends turned up.

Decussate (کاٹنا): Opposite leaves that alternate at right angles to one another at successive nodes, thereby forming four rows of leaves.

Dehiscent (کشادہ, شگفتہ, کھلنے والا): A fruit that opens by sutures, pores, or caps.

Deltoid (مثلث۔ عضلۂ دالیہ): Of the shape of an equilateral triangle.

Demulcent (ملطف): Substances used for their soothing and protective action; allays irritation of surfaces, especially mucous membranes.

Dengue (لال بخار): Infective eruptive fever causing acute pains in joints.

Dentate (دانے۔ مسنن): Has coarse angular teeth directed outward at right angles to the margin. Denticulate Finely dentate.

Depilatory (بال صفا دواء): Removes hair.

Diabetes (ذیابیطس): Metabolic disorder affecting insulin production and resulting in

faulty carbohydrate metabolism.

Diaphoretic (معرق): Drugs that promote perspiration as a result of stimulation of the sweat glands.

Diarrhoea (اسہال): Abnormal frequency and fluidity of stool discharges.

Dicotyledon (دوتخم۔دودول): An angiosperm having two cotyledons (seed leaves); usually the leaves are net-veined, and floral parts are in fours or fives.

Diuretic (مدربول): Agent that increases urine flow by acting on the kidneys.

Dropsy (استسقاء): A leakage of the watery part of the blood into any of the tissues or cavities of the body.

Dysentery (زحیر): Inflammation of the bowel with evacuation of mucous and blood in the stool.

Dysmenorrhoea (عسرالطمث): Abnormal pains during the menstruation period. The pain may be either spasmodic or continuous.

Dyspepsia (بدہضمی۔سوءہضم): Difficult or painful digestion, generally chronic.

Dysuria (عسرالبول): Difficult, painful, or incomplete urination.

Ecbolic (اسقاط): Causing contraction of the uterus and thus inducing abortion or promoting parturition.

Eczema (اگزیما۔جمرہ۔نارفارسی): Noncontagious itching; inflammatory skin eruption characterized by papules, vesicles, and pustules that may also be associated with edema, scaling, or e xudation.

Elephantiasis (داءالفیل): A chronic enlargement of the cutaneous and subcutaneous tissues. It is most common in the tropics and results from obstruction of the lymphatics.

Elliptic (بیضوی): Oval the ends rounded and is widest at the middle.

